ایک ایک نسخہ جواہرات سے زیادہ قیمتی
تیر بہدف
سنیاسی چٹکلے
تالیف
حاجی محمد اصغر علی لودہانوی
نظر ثانی
استاذ الحکماء حکیم سلطان علی
مکتبہ اخوت

جب ڈھونڈنے نکلو گے تو پھر پا نہ سکو گے

ایک ایک نسخہ جواہرات سے زیادہ قیمتی

تیر بہدف سنیاسی چٹکلے

تالیف

حاجی محمد اصغر علی لودھانوی

نظر ثانی

استاذ الحکماء حکیم سلطان علی

مکتبہ اخوت نیو اردو بازار لاہور

نام کتاب	:	تیر بہدف سنیاسی چٹکلے
تالیف	:	حاجی محمد اصغر علی لودھانوی
نظر ثانی	:	حکیم سلطان علی
ناشر	:	مکتبۂ اخوت نیو اردو بازار لاہور
مطبع	:	نیز اسد پرنٹرز لاہور
قیمت	:	۵۷/- روپے

فہرست مضامین کتاب ہذا تیر بہدف سنیاسی چٹکلے

نمبر صفحہ	نام مضامین
۱ سے ۲	عرض مصنف
	باب ۱ اوّل متعلقہ امراض سر
۳ سے ۴	نسخہ جات دفع درد سر ضعف دماغ نزلہ زکام۔
۵ سے ۶	نسخہ جات لقوہ فالج گٹھیا مالیخولیا عرق النساء بے خوابی و دیگر
۷	چھینک بند ہو۔ نیند لائے دماغ قوی ہو۔
	باب ۲ دوسرا متعلقہ امراض چشم
۸ سے ۱۵	نسخہ سرمہ مقوی بصر دھلکا سرخی پڑبال گکرے پھولا وغیرہ
	باب ۳ تیسرا متعلقہ امراض کان
۱۲ سے ۱۴	کل امراض کے نسخے درد کان پیپ خارش بہرہ پن وغیرہ
	باب ۴ چوتھا متعلقہ امراض ناک
۱۵ سے ۱۹	ناک کے ہر امراض مثلاً نکسیر پینس چھوڑا وغیرہ وغیرہ
	باب ۵ پانچواں متعلقہ امراض لب و رخسارے
۲۰ سے ۲۱	نسخہ رخسارے چھائیں۔ مہاسہ وغیرہ
	باب ۶ چھٹا متعلقہ امراض منہ زبان
۲۲	منہ کے چھالے ریسلان۔ بدبو دہن۔ ہونٹ پھٹنے
	باب ۷ ساتواں متعلقہ امراض دندان
۲۳ سے ۲۴	درد دانت۔ داڑھ بیپ دندان خون نکلنے
	ماسخورہ منجن مضبوطی و صفائی وغیرہ کل امراض دندان
	باب ۸ آٹھواں متعلقہ حلق سینہ سل
۲۵ سے ۳۱	گلا بند خناق آواز صاف سل کھانسی۔ دمہ۔
	کالی کھانسی۔ عام قسم کھانسی خشک کھانسی کے مجرب نسخے
	باب ۹ نواں متعلقہ دل خفقان
۳۲ سے ۳۳	ضعف دل۔ ہول دل خفقان وغیرہ
	باب ۱۰ دسواں متعلقہ امراض پستان
۳۴	ہر امراض پستان کے مجرب نسخے
	باب ۱۱ گیارھواں متعلقہ امراض معدہ
۳۵ سے ۳۹	مقوی معدہ قبض کشا۔ درد پیٹ بد ہضمی ہچکی۔
	درد کوڑی بھوک بڑھانے بد ہضمی ہر قسم جلاب کے نسخے

نمبر صفحہ	نام مضامین	نمبر صفحہ	نام مضامین
	باب ۱۲ بارھواں متعلقہ امراض جگر وغیرہ		**باب ۱۷ سترھواں متعلقہ امراض نسوال**
۴۰ سے ۴۲	نسخہ جات دافع ضعف جگر۔ یرقان۔ استسقا۔ جلودھر وغیرہ وغیرہ +	۹۴ سے ۹۶	حیض بندجاری ہو حیض درد سے آنے کو رفع کرے حیض زیادہ آنے کو روکے استقرار حمل کے نسخے اسقاط حمل کو روکنے کے نسخے۔ مانع حمل اولاد نرینہ عسر ولادت سیلان الرحم اختناق الرحم۔ درد رحم۔ خروج رحم۔ الٹنے رحم خارش اندام نہانی کے نسخے مضیق اندام نہانی کے لئے۔ امراض پستان +
	باب ۱۳ تیرھواں متعلقہ امراض طحال		**باب ۱۸ اٹھارھواں متعلقہ امراض اطفال**
۴۳ سے ۴۵	طحال یعنی تلی۔ ناف ٹلنا۔ درد قولنج درد پیچ۔ درد نقرس۔ درد باؤ گولہ وغیرہ +	۹۷ سے ۱۰۱	ام الصبیان وغیرہ — پسان اٹھرہ۔ درد سیل۔ اسہال پیچش۔ خروج مقعد۔ پیشاب بستر پر یا پیشاب جاتا دودھ ہضم ہو۔ منہ کے چھالے رفع ہوں۔ پیاس گھٹی۔ بچہ کی کھانسی ہر قسم
	باب ۱۴ چودھواں متعلقہ امراض امعا مقعد		**باب ۱۹ انیسواں متعلقہ امراض تپ ہر قسم**
۴۶ سے ۵۳	پیچش۔ اسہال۔ کرم شکم۔ بواسیر ہر قسم کے نسخے ورم مقعد۔ خارش مقعد۔ کانچ نکلنے کے نسخے	۱۰۲ سے ۱۰۴	نسخے تپ روزانہ تیسرا۔ چوتھا ہر قسم کے
	باب ۱۵ پندرھواں متعلقہ امراض گردہ مثانہ		**باب ۲۰ بیسواں متعلقہ امراض جلد**
۵۴ سے ۵۵	سلسل بول۔ ذیابیطس۔ درد گردہ۔ ریگ مثانہ درد کمر۔ درد جوڑوں۔ درد پشت وغیرہ	۱۰۴ سے ۱۰۹	خارش ہر قسم داد ہر قسم چنبل ہر قسم۔ برص یعنی سفید داغ۔ مصفی خون چھپاکی۔ چھینب گردن
	باب ۱۶ سولھواں متعلقہ امراض مخصوصہ مرداں		
[illegible] سے ۸۴	آتشک۔ سوزاک۔ جریاں۔ احتلام۔ امساک سرعت انزال۔ رقت منی۔ ملذذ۔ مقوی۔ نمی عضو۔ درازی فربہی عضو وغیرہ۔ امراض ورم فوطوں یعنی خصیتوں۔ خارش فوطوں۔ ناسور فوطوں۔ پانی اترنا فوطوں میں +		

نمبر صفحہ	نام مضامین	نمبر صفحہ	نام مضامین
۱۰۹ سے ۱۱۱	سر کی گنج ہر قسم۔ ناسور۔ گنج سر۔ بال پیدا ہوں بال صاف کرنے کے نسخے۔ بدبو بغل۔ رسولی۔ بدن پر کوڑی پھر جائے۔ بدبو بدن۔ پیت بدن جذام۔ پاؤں پھٹنے کوڑھ وغیرہ کل امراض جلد		خارش خصیہ۔ درد جوڑوں۔ درد گھٹنہ۔ درد چوٹ۔ تنجن مضبوطی دانت داڑھ۔ دمہ کھانسی۔ درد مفاصل۔ زخم خصیہ۔ علاج دیوانہ کتا۔ سانپ کاٹے +
	باب ۲۱ اکیسواں متفرق نسخہ جات	۱۱۷	سیپاری خوشبودار بنانا۔ عسر ولادت۔ تلی۔
۱۱۲ سے ۱۱۶	مقوی جگر۔ لکڑے۔ امساک۔ افیون کا بدل افیون کا نشہ ہو گا۔ ارنڈ۔ اندری جلاب۔ زکام آگ کے جلنے۔ اپھارا بچہ۔ نسخہ بخار تورانہ۔ سوزاک۔ جریان۔ بچھو اور بھڑ کے کاٹے بواسیر۔ بچہ دبلا کا علاج۔ چورن ہاضم۔ مالش بدن موٹا کرے۔ سفوف خوب لگائے۔ پارہ خام اگر کھایا ہو۔ پیشاب بند کو جاری کرے ہاتھ پاؤں پر پسینہ۔ تلیاں پاؤں جلنے کو پھوڑا سخت کو نرم کرے۔ چنبل۔ انگلی چھالا چہرہ حافظہ تیز ہو۔ امراض حیض۔ خوشبودار تیل۔	۱۱۸ سے ۱۱۹	مقوی باہ مٹی کھانے کے امراض بھرگی۔ نارو۔ درد دانت۔ نزلہ۔ بنجیراں۔ خنازیر۔ کھانسی کالی کھانسی۔ بچہ دبلا کا علاج +
			کشتہ جات
		۱۱۹ سے ۱۲۰	چاندی۔ سونا۔ قلعی۔ مرجان۔ تانبہ۔ فولاد۔ عقیق۔ چار دھاتا۔ ست دھاتا۔ لونگ چون۔ سنکھ۔ ابرک سفید و سیاہ +
		۱۲۱ سے ۱۲۲	فہرست کتاب ہذا
		۱۲۴ سے ۱۲۸	اشتہار کارخانہ حاجی محمد اصغر علی سوداگر لودیانہ

ستاتا گیا۔لیکن عدیم الفرصتی تکمیل آرزو میں سدراہ ہمیشہ رہی +
شکر ہے خدائے بزرگ و برتر کا کہ باوجود پیرانہ سالی کے فقیر کی دیرینہ قلبی خواہش
شب و روز کی شاقانہ محنت کے بعد پایۂ تکمیل کو پہنچی۔بقول شہور ہے۔
کہ نخل اُمید کو جو خون جگر سے سینچے اس کے گلشن میں کھلا کرتے ہیں گلہائے اُمید
پس یہ رسالہ اپنی ظاہری اور معنوی خوبیوں سے آراستہ و پیراستہ ہو کر زیب
طبع ہوا جس کا نام تیر بہدف سنیاسی چٹکلے رکھا گیا +
رسالہ ہذا میں عاجز نے وہ تمام سہل الحصول اور مجرب بمجرب چٹکلے و نسخہ جات درج
کئے ہیں جنہیں دور و دراز کے سفروں میں طبیبوں فقیروں اور سنیاسیوں کی خدمات
بے پناہ کے بعد حاصل کیا تھا اور جنکے اجزا قلیل اور ہر جگہ دستیاب ہونے والے ہیں +
حکیم محمد احسن انصاری سند یافتہ طبیہ کالج نگران انصاری مطب لودیانوی
مستحق شکر و امتنان ہیں جنہوں نے رسالہ ہذا کی ترتیب میں اعانت فرمائی +
اُمید ہے کہ میری دیگر کتابوں کی طرح سے جملہ احباب اس رسالہ سے فائدہ اٹھا کر
اس خاکسار کو دعائے خیر سے یاد فرمائینگے اور سہو و غلطی پر کمال اخلاق و کریم النفس
سے نشانہ ملامت کی بجائے خط اصلاح پھیر کر عاجز کو مطلع فرمائینگے۔تاکہ آئندہ
ایڈیشن میں اصلاح کی جاسکے۔فقط +

الراقم

خادم الاطبا و الفقرا (حاجی) محمد اصغر علی مصنف گنجینہ طبیب وغیرہ

باب اوّل متعلقہ امراض سر

دردسر۔ مقوی دماغ۔ نزلہ۔ زکام۔ فالج۔ لقوا۔ دردمفاصل گھٹیہ۔ مرگی۔ رعشہ۔ درد عرق النسا یعنی
درد رنگین جو کمر سے اٹھکر پاؤں تک آتا ہے۔ چھینک آنے کو روکے۔

۱۔ درد سر گرمی سے اگر ہو۔ تو لعاب بہیدانہ تین ماشہ۔ عناب پانچ دانہ۔ آلو بخارا پانچ دانہ گھوٹکر
چھانکر مصری تین تولہ ڈال کر صبح و شام چند روز پلائیں بفضل خدا درد سر رفع ہو +

۲۔ درد سر کو رفع کرے لیپ۔ برگ نیکر برگ مہندی ہر ایک دو دو ماشہ لیکر تر کر کے پیسکر پیشانی پر لیپ کریں

۳۔ درد سر سردی سے ہو۔ تو اجوائن۔ سونٹھ۔ تخم اندہ ماشہ ماشہ لونگ کچھ پیسکر پیشانی پر لگائیں +

۴۔ " " " ۔ دارچینی۔ اجوائن ماشہ ماشہ۔ لونگ ایک عدد پیسکر پیشانی پر لگائیں +

۵۔ لیپ ہر قسم کے درد سر کو رفع کرے۔ کافور پھٹکری سہاگہ ہر ایک ... تین ماشہ۔ زعفران۔ ... پیسکر لیپ کریں

۶۔ درد سر کو رفع کرے۔ ریوند چینی۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ ہر ایک چھ ماشہ پیسکر ... کی سفوف کو صبح گرم پانی سے

۷۔ نسوار دافع درد سر۔ کائپھل۔ پوست ریٹھہ۔ کشیری ... پیسکر صبح نسوار لیں۔ ہر قسم کا درد رفع ہو +

۸۔ نصف درد سر کو رفع کرے۔ ... دھنیا خشک ... طلوع آفتاب سے پہلے

گلاس میں گھوٹکر چھانکر پہلے دو بتاشہ کھاکر اوپر سے عمل اصلاح پئیں۔ دو روز میں فائدہ ہو +

۹۔ نسوار دافع نصف سر۔ چاول سرخ کا آٹا دودھ ملا میں خوب تر کر کے پیسکر مخالف طرف نسوار لیں۔ درد رفع ہو +

۱۰۔ حبوب دافع درد سر و اعصاب۔ تخم دھتورہ سیاہ ایک تولہ۔ ریوند چینی۔ گوند کیکر چھ چھ ماشہ۔ سونٹھ تین ماشہ۔ خرنہ
زیرہ ماشہ ان سب کو باریک کر کے پانی ڈالکر گولیاں بقدر نخود کلاں یعنی بڑی بنائیں دن میں تین دفعہ ایک ایک گولی پانی سے +

۱۱۔ مقوی اعصاب۔ بوٹی صبح کے وقت اکھاڑ کر سایہ میں خشک کر کے پیسکر برابر کا گھی بیسن کھانڈ ملاکر
حلوا بناکر چار تولہ ہر روز برابر ایک چلہ کھائیں یا صرف سفوف دو ماشہ دودھ سے کھائیں +

۱۲۔ پورا ناد درد سر کو رفع کرے۔ پوست آملہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ کوٹکی۔ دار ہلد۔ زرد چوب۔ مسور کہنہ۔ گلو۔ دارچینی۔ بلائچی خرد
ہر ایک ایک ایک ماشہ باریک کریں اور شہد ایک سیر میں معجون بناکر ہر روز بوقت صبح ایک ایک ماشہ کھلائیں +

۱۳۔ درد سر جو کمزوری دماغ سے ہو۔ گل بنفشہ ایک تولہ لیکر آدھ سیر پانی میں دوسرے روز پکائیں جب آدھ پاؤ پانی رہ جائے۔ تو خوب ملکر چھانکر اس میں آدھ پاؤ گھی گاؤ ڈالکر پکائیں کہ پانی جل جاوے۔ تو وہ گھی سر پر ملیں +

۱۴۔ سر کی پھنسیوں کو رفع کرے۔ برگ حنا سبز دو تولہ۔ مردار سنگ۔ ہلدی۔ کتھ سفید۔ کمیلہ۔ سہاگہ۔ چوکیہ ہر ایک تولہ تولہ۔ نیلا تھوتھا دو ماشہ اول خشک دواؤں کو پیسکر پھر برگ مہندی ڈالکر پیسکر ٹکی بناکر روغن سفید اکیاؤ میں ڈالکر جلائیں۔ پھر جلنے پر چھانکر وہ روغن سر پر لگائیں۔ چند روز میں فائدہ ہو +

۱۵۔ نسخہ دافع گنج۔ کمھن کا ٹھیکرا لیکر ایک پانی میں دھوکر اسمیں کمیلا اسقدر ملائیں کہ مرہم بنجائے سر پر لگائیں +

۱۶۔ مقوی دماغ و حافظہ بڑھائے۔ برہمی تین ماشہ مغز چار دانہ سات ماشہ۔ مرچ سیاہ سات عدد۔ مغز بادام گیارہ عدد۔ الائچی سفید ایک ماشہ۔ ان کو پانی میں گھوٹکر چھانکر مصری مطابق طبیعت ڈالکر پلائیں +

۱۷۔ نسخہ دیگر۔ برہمی بوٹی تازہ خشک لیکر قدرے روغن گاؤ میں بریاں کرکے باریک پیسکر اسمیں شہد اصلی قدرے ملاکر معجون بناکر رکھ لیں۔ خوراک صبح یا رات تین ماشہ سے چار ماشہ تک دودھ گاؤ سے کھائیں +

۱۸۔ کمزوری دماغ درد سر کو رفع کرے۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مغز و ضیا۔ خشخاش ہر ایک دو تولہ۔ مغز بادام۔ مغز کدو۔ تخم کاہو۔ ... ہر ایک چھ ماشہ سب کے ہموزن مصری ڈالکر پیسکر رکھیں۔ خوراک نو ماشہ پانی یا دودھ سے +

۱۹۔ نسخہ دیگر۔ گندم بریاں۔ ناریل۔ [illegible] ہموزن لیکر کوٹکر صبح ایک کف دست پھانک لیا کریں +

۲۰۔ حافظہ بڑھائے۔ [illegible] بادام [illegible] ہر ایک چھ ماشہ۔ مغز کدو ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک ماشہ۔ الائچی کلاں سات عدد ان کو پانی میں گھوٹکر مصری تین تولہ ڈالکر صبح ایک گلاس پلائیں مجرب ہے +

۲۱۔ نسخہ دیگر۔ برہمی خشک۔ مدبر روغن میں۔ مغز بادام مغز کدو مغز کھیرا۔ مغز خربوزہ ہموزن پیسکر رکھ لیں صبح و شام ایک ایک تولہ قدرے مصری ملاکر دودھ سے پھانک لیا کریں +

۲۲۔ نسخہ دافع نزلہ زکام گرم مزاج کو مفید۔ اسبغول زرد۔ گوند کتیرا۔ رب السوس ہموزن پیسکر روغن بادام میں چرب کرکے قدرے شہد ملاکر رات کو سوتے وقت چار ماشہ کا اندازکرکے پانی سے کھلائیں +

۲۳۔ حبوب دافع نزلہ کہنہ۔ گندھک آملہ سار۔ سیماب ہر ایک چودہ ماشہ لیکر خوب ہی کھرل کرکے پھر لونگ ٹوپی دار چودہ ماشہ۔ تخم جوز ماثل ساڑھے تین ماشہ۔ مصری دو تولہ ساڑھے سات ماشہ ان سبکو چار گھڑی

کھرل کرکے گولیاں بقدر نخود برابر بناکر رکھ لیں۔ پھر صبح و شام ایک ایک گولی پانی سے نگل لیا کریں +

۲۴۔ نسخہ دافع نزلہ۔ پھٹکڑی مدبر۔ مرچ سیاہ۔ سونٹھ۔ فلفل دراز ہموزن ادرک کے پانی میں کھرل کرکے بقدر مرچ سیاہ گولیاں بناکر رکھ لیں۔ ایک صبح ایک دوپہر ایک شام نگل لیا کریں +

۲۵۔ دافع نزلہ۔ بادام روغن پانچ تولہ میں فاسفورس دو گرین انگریزی دوافروشوں سے لیکر بادام روغن کو گرم کرکے اسمیں ملاکر شیشی میں رکھیں۔ خوراک صبح دوپہر شام پانچ پانچ قطرے کھانڈ پر ڈالکر کھلائیں +

۲۶۔ حب شفا دافع نزلہ کھانسی۔ سونٹھ ایک ماشہ۔ ریوند چینی دو ماشہ۔ تخم دھتورہ یعنی جوز ماثل تین ماشہ سبکو باریک کرکے قدرے شہد ملاکر گولیاں بقدر نخود بناکر رات کو پانی سے ایک گولی چند روز کھلائیں +

۲۷۔ نسوار دافع نزلہ۔ تخم سرس سفید کو باریک کرکے اس کی نسوار صبح لیں یا کائپھل باریک کرکے لیں +

۲۸۔ نسخہ دیگر۔ زکام اور درد سر کو اور درد دانت کو بھی مفید۔ گیرو۔ کشمیری پت ہر ایک چھ ماشہ۔ نوشادر۔ تخم سرس ہر ایک تین ماشہ۔ پوست ریٹھہ چار عدد سب کو خوب پیسکر رکھ لیں صبح نسوار لیں +

۲۹۔ نسخہ محبوب دافع نزلہ زکام۔ درد مفاصل مقوی باہ وغیرہ کیلئے۔ کچلہ مدبر۔ مرچ سیاہ ہر ایک دس ماشہ۔ عاقرقرحا۔ دارچینی۔ مصطگی رومی۔ صندل سفید۔ زعفران ہر ایک چار ماشہ۔ اول کچلہ مدبر کو مرچ سیاہ کیساتھ خوب کھرل کرکے قدرے شہد ملاکر گولیاں بقدر نخود بناکر رکھ لیں۔ ایک گولی [illegible] پانی سے نگل لیا کریں۔ ترشی سے پرہیز +

۳۰۔ نسخہ دافع نزلہ حار و مقوی دماغ۔ مغز بادام۔ مویز منقی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ گل بنفشہ ساڑھے تین ماشہ۔ مغز کشنیز بوٹے دو ماشہ اس کو پیسکر رکھ لیں بوقت رات سوتے کے ڈیڑھ تولہ کھلائیں +

۳۱۔ نسخہ دافع فالج لقوہ۔ درد مفاصل کیلئے روغن کنجد ایکپاؤ لیکر اسمیں چند پتے برگ مدار کے جلاکر وہ تیل لگائیں +

۳۲۔ نسخہ دوم دافع لقوہ۔ گوگل۔ ہلیلہ کلاں دونوں کو پیسکر عرق پان ڈالکر گولیاں بقدر بیر بناکر صبح ایک پانی سے کھلائیں +

۳۳۔ نسخہ سوم دافع لقوہ فالج۔ بھلانویں دس تولہ کو کوٹکر ایک کپڑے میں باندھکر دودھ گاؤ تین پاؤ میں ڈال کر بارہ گھنٹے پڑا رکھیں۔ پھر اس پوٹلی کو نچوڑکر روغن گاؤ دس تولہ میں وہ بھلانویں پوٹلی والے ڈالکر آگ پر رکھکر جلائیں جب گھی سیاہ ہو جائے تو وہ گھی دودھ میں ڈالیں اور فضلہ بھلاویں کا گرادیں۔ اور تل سیاہ۔ شہد۔ قند سیاہ۔ کھانڈ ہر ایک دس دس تولہ ڈالکر آگ پر رکھکر پکائیں کہ سب حلوا جیسا ہو جائے اسکو رکھ لیں صبح شام چھ چھ ماشہ کھلائیں۔ ترشی سے پرہیز +

۳۴۔ نسوار دافع فالج۔ نزول الماء۔ دردِ سر۔ رعشہ۔ نزلہ۔ زکام وغیرہ تمباکو دیسی دس تولہ۔ اکھڑ۔ ناگرموتھا۔ اسطوخودوس کشمیری پتھ۔ کائپھل ہر ایک چھ ماشہ۔ زعفران۔ لونگ۔ دارچینی۔ سونٹھ ہر ایک سوا تولہ باریک کرکے رکھیں +

۳۵۔ فالج ایک چلہ میں رفع ہو۔ مالکنگنی کا تیل اصلی پانچ رتی دودھ میں ڈالکر پلائیں۔ دوسرے روز دس رتی تیسرے روز پندراں رتی اسی طرح ہر روز پانچ رتی زیادہ کرتے جائیں جس روز تیس رتی ہو جائے پھر برابر اٹھائیس روز تک تیس رتی ہی پلاتے جائیں۔ پھر پانچ رتی کم کرتے جائیں۔ خدا کے فضل سے فالج رفع ہوگا +

۳۶۔ نسخہ دافع دردِ گٹھیہ۔ نوشادر۔ سہاگہ۔ شنگرف رومی ہر ایک تولہ تولہ۔ جدا جدا پیسکر ملا کر ایک تبا آہنی پر رکھکر اسکے اوپر کٹورہ دیدیں اور نیچے ۲ سیر کوئلہ کی آگ دیدیں سرد ہونے پر رکھ لیں۔ خوراک ایک رتی منقیٰ میں سات روز کھلائیں +

۳۷۔ نسخہ دوم میٹھا تیلیہ ۲ تولہ کو سنیا ناسی کا پانی مقطر تین پاؤ ڈالکر کھرل کرکے بقدر جوار گولیاں بناکر ۲ گولی صبح دو شام پانی سے کھلائیں تین دن پھر چوتھے روز چار صبح چار شام کھلایا کریں۔ اول کوئی جلاب کرایا جائے تو بہتر ہو +

۳۸۔ معجون دافع مرگی۔ عاقرقرحا ۲ تولہ پیسکر مویز منقیٰ چار تولہ میں ملا کر رکھیں خوراک ۲ ماشہ سے تین ماشہ تک بوقت صبح +

۳۹۔ نسخہ دوم بکائن فور سینگ جند بیدستر افیون ایک ایک ماشہ ان کو باریک کرکے ۲ رتی صبح چند روز کھلائیں +

۴۰۔ نسخہ سوم مغز جمال گوٹہ مدبر مرچ سیاہ، عصارہ ریوند ہموزن باریک کرکے ایک چاول بھر صبح کھلائیں +

۴۱۔ نسخہ چہارم۔ ایک توتی سالم، ٹھیکر کا بیشاب بکری میں مرچ سیاہ، ایک تولہ کھرل میں ڈالکر کھرل کرکے خشک کریں۔ نسوار دیں +

۴۲۔ نسخہ دافع مالیخولیا حنظل کی جڑ تین ماشہ دودھ بکری پانچ تولے سے کھلائیں دوسرے روز دودھ چھ تولہ اسی طرح ہر روز ایک تولہ دودھ زیادہ کرتے جائیں دس روز میں مرض رفع ہوگا۔ ترش اشیاء سے پرہیز +

۴۳۔ نسخہ دوم مرتبہ آملہ دھو کر ورق نقرہ میں لپیٹ کر کھلائیں اور اوپر سے عرق گاؤزبان اور شربت صندل پلائیں +

۴۴۔ نسخہ سوم جنون کو رفع کرے جنگلی بوٹی ایک تولہ رات کو پانی میں بھگو دیں اور صبح مل چھانکر پلائیں۔ دودھ گھی خوب کھلائیں +

۴۵۔ نسخہ دافع رعشہ اول تنقیہ کرا کے پھر جند بیدستر تین ماشہ شہد میں ملا کر ہر روز کھلائیں +

۴۶۔ نسخہ دافع دردِ عرق النساء یعنی ریگن جو کمر سے اٹھکر تمام ٹانگ میں جاتا ہے تخم سنیاناسی بقدر ۲ ماشہ ایک گلاس پانی میں گھوٹکر چھانکر صبح پئیں۔ اگر دو دست نہ ہوں تو اس فضلہ کو پھر گھوٹکر چھانکر پئیں پھر دست آئیگا +

۴۷۔ نسخہ دوم سورنجاں شیریں ایک تولہ۔ ایلوا چھ ماشہ۔ برگ سنا مکی ۲ ماشہ۔ بادیان ایک تولہ۔ زعفران ڈیڑھ ماشہ

باریک کرکے رکھیں ہر روز صبح پانچ ماشہ عرق سونف سے پھانک لیا کریں +

۴۸۔ نسخہ سوم گوگل۔ روغن ارنڈ ہر ایک ڈھائی تولہ میں کھرل کرکے پارہ صاف۔ گندھک آملہ سار ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ ہریلا ڈیڑھ تولہ۔ چترا ۲ تولہ سب کو پیسکر گولیاں بقدر بیر بنا کر رکھیں دو یا تین گولی کھا کر اوپر سے سونٹھ کا پانی پکا کر پئیں +

۴۹۔ نسخہ دافع چھینک۔ جو ہر لوبان۔ کائپھل کشمیری پتھ۔ نکچھکنی ہموزن پیسکر صبح نسوار لیں +

۵۰۔ نسخہ دوسرا کلنجن یعنی جڑ پان باریک کرکے کپڑے میں پوٹلی بناکر سونگنے سے کثرت چھینکوں کو رفع کرے +

۵۱۔ ضعف دماغ سے اگر چھینکیں آتی ہوں تو مقوی دماغ دوائیں استعمال کریں۔ تخم دریاں تین تولہ خشخاش سفید نو ماشہ نہار کھا کر اوپر سے سات عدد بادام کا شیرہ نیم گرم پلائیں۔ اور دماغی کام سے پرہیز ضروری ہے +

۵۲۔ نیند لانے کیلئے مجرب ہے بھنگ اصلی ایک ماشہ بریاں کرکے شہد اصلی ایک تولہ ملا کر شام کو چٹائیں +

۵۳۔ حریرہ تقویت دماغ۔ مغز بادام پانچ عدد۔ مغز کدو۔ مغز تخم تربوز۔ نشاستہ ہر ایک تین ماشہ۔ ان کو پانی میں گھوٹکر نرم آگ پر پکائیں اور مصری ۲ تولہ ڈال کر آہستہ آہستہ پئیں +

نوٹ:۔ یہ یاد رکھیں کہ اگر معدہ کمزور ہووے۔ تو پھر نشاستہ کو نہ ڈالیں عجیب چیز ہے +

۵۴۔ ضعف دماغ و تبخیر معدہ خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ ورق نقرہ ایک عدد ملا کر کھائیں اور اوپر سے شیرہ بادیان اور شیرہ تخم کشوث ہر ایک تین ماشہ۔ مویز منقیٰ نو دانے عرق بادیان ۲ تولہ میں گھوٹ کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈال کر پئیں +

۵۵۔ دافع ضعف دماغ۔ برہمی بوٹی اصلی باریک کرکے بادام روغن میں چرب کریں اور فلفل سیاہ۔ الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ پیسکر گولیاں بقدر مرچ سیاہ بنالیں ۲ گولی صبح ۲ شام کھا لیا کریں۔ نایاب چیز ہے +

۵۶۔ ضعف دماغ و نزلہ گرم و کھانسی خشک کو رفع کرے۔ خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ۔ ورق نقرہ ایک عدد ملا کر کھائیں۔ اور اوپر سے شیرہ عناب پانچ دانہ۔ لعاب گاؤزبان بارہ تولہ میں گھوٹ کر چھانکر شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈال کر پئیں۔ (نوٹ) کبھی ترتیب دماغ کے لئے مغز تخم کدو تین ماشہ اضافہ کیا جاتا ہے +

کبھی تبخیر معدہ کی صورت میں عرق گاؤزبان بارہ تولہ کی جگہ عرق بادیان بارہ تولہ اور عناب پانچ دانہ اور گاؤزبان پانچ ماشہ اور مویز منقیٰ پانچ دانے استعمال کرنے مناسب ہیں +

باب ۲ دوم متعلقہ امراض چشم

کمزوری نظر۔ آنکھوں کا پانی روکنا۔ ہر امراض چشم۔ شب کوری یعنی اندھراتا۔ آنکھ دکھنا و سرخی چشم۔ ژبال۔ دافع پھولا۔ ناخونہ۔ گوہانجنی۔ زردآول چشم۔ سرمہ دافع موتیا بند۔ ککرے۔ خارش چشم۔ باسنی وغیرہ وغیرہ +

۵۷۔ ضعف نظر و خرابی معدہ کو رفع کرے۔ سونف۔ دھنیا ہر ایک تولہ مغز بادام چھ ماشہ۔ الائچی خورد ۹ ماشہ مصری ۲ تولہ ان کو باریک کرکے سونے کے وقت نو ماشہ قدرے پانی سے پھانک لیا کریں +

۵۸۔ سرمہ مقوی نظر۔ سرمہ یعنی۔ کل چھبہ۔ برگ مہندی ہر ایک سات عدد۔ تخم وسمہ چار رتی۔ سیماب کشتہ جست ہر ایک ماشہ۔ سرمہ سیاہ صاف ایک تولہ عرق گلاب ۲ تولہ میں خوب کھرل کرکے آنکھوں میں سلائی سے لگائیں +

۵۹۔ نسخہ سرمہ دوم۔ سرمہ سیاہ چار تولہ کو ... کے پانی میں سات دفعہ گرم کرکے بجھاؤ دیں سرمہ کے ٹکڑے ہو جائینگے پھر کھرل میں ... سیاہ ہر ایک ... کھرل کرکے لگائیں +

۶۰۔ سرمہ ہر امراض چشم کیلئے مفید۔ ہلدی کی ۲ گرہ ٹیکرا ایک حنظل میں ... کر خشک کریں پھر خشک ہونے پر بدل دیں اسی طرح سے آٹھ حنظل بدلیں پھر سرمہ سیاہ صاف دس تولہ میں یہ دونوں گرہ ڈالکر خوب کھرل کرکے استعمال فرمائیں +

۶۱۔ نسخہ دوم کھانے کیلئے۔ موٹھی بوٹی کی جڑ علی الصباح زمین سے اکھاڑ کر لائیں۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ کبھی اس پر پھول نہ آیا ہو۔ سایہ میں خشک کرکے سفوف بناکر ۲ ماشہ دودھ سے یا پانی سے چند روز کھائیں +

۶۲۔ نسخہ سوم۔ تمام ایک سال نہ دکھیگی اگر موٹھی کا سالم دانہ نگل لیا جاوے۔ اگر دو نگل لئے جائیں تو دو سال نہ دکھیگی +

۶۳۔ نسخہ چہارم سرمہ۔ سرمہ سیاہ دس تولہ قلمی شورہ۔ سرمہ چینی ہر ایک تولہ۔ الائچی خورد چھ ماشہ ان سب کو بیخ نیم کے پانی میں خوب کھرل کرکے رکھیں اور صبح و شام آنکھ میں لگایا کریں عجیب ہے +

۶۴۔ نسخہ پنجم سرمہ۔ پھٹکڑی سفید بریاں۔ سرمہ سفید۔ سہاگہ بریاں۔ شورہ قلمی ہر ایک ہموزن لیکر خوب ہی کھرل کرکے صبح و شام آنکھوں میں لگایا کریں۔ یہ نسخہ نہایت عجیب چیز ہے +

۶۵۔ نسخہ ششم ہر امراض۔ دافع پھولا بھی ہے۔ پھٹکری بریاں۔ آب حنا۔ زیرہ سفید کے پانی میں کھرل کرکے لگائیں +

۶۶۔ نسخہ سرمہ دافع ڈھلکہ یعنی پانی جانا۔ ہلیلہ کلاں سبزی مائل۔ ماجو ہموزن جوکوب کرکے ایک توا آہنی پر

ڈالیں اور اس پر ایک پیالہ مٹی کا دیکر ڈھکدیں اور نیچے آگ جلائیں جب جل جائے پیسکر آنکھوں میں لگائیں +

۶۷۔ نسخہ دوم ... ایک تولہ جلاکر اسکو ... کے پانی دس تولہ میں کھرل کرکے سونیکے وقت آنکھوں میں لگائیں

۶۸۔ نسخہ سوم۔ دافع پھولا و سرخی کو رفع کرے۔ سمندر جھاگ ایک تولہ مصری کوزہ چھ ماشہ میں کھرل کرکے لگایا کریں +

۶۹۔ نسخہ چہارم دافع ڈھلکہ پھولا۔ سرمہ سیاہ چھ تولہ میں تخم تھوہار جلایا ہوا۔ تیزپات چھ ماشہ نشاستہ ۲ تولہ سب کو خوب کھرل کرکے سرمہ تیار کریں اور صبح و شام استعمال فرمائیں +

۷۰۔ نسخہ پنجم دافع ڈھلکہ پھولا و خرابی چشم۔ سرمہ سیاہ صاف۔ پھٹکری بریاں ہر ایک ۲ تولہ کشتہ جست چار تولہ۔ مرجان۔ صدف کلاں ہر دو سوختہ۔ مصری کوزہ ہر ایک تولہ سب کو عرق گلاب میں کھرل کرکے سرمہ تیار کریں +

۷۱۔ نسخہ ششم دافع ڈھلکہ۔ سرمہ سیاہ ایک تولہ کھجور کی گٹھلی جلائی ہوئی چار تولہ پیسکر سرمہ بناکر استعمال فرمائیں +

۷۲۔ نسخہ دافع شب کوری یعنی اندھراتا وغیرہ۔ نوشادر۔ پھٹکری بریاں۔ سرمہ عمدہ صاف ہموزن کھرل کرکے صبح و شام سلائی سے ... آنکھ لگانے سے اندھراتا وغیرہ رفع ہوگا +

۷۳۔ نسخہ دوم۔ پیاز کا رس یا تلسی کے پتوں کا رس صبح و شام آنکھ میں لگائیں شب کوری رفع ہو +

۷۴۔ نسخہ سوم۔ میٹھی تفتہ شہد اصلی میں ملاکر قدرے گھی شامل کرکے شام کو چھ ماشہ کے برابر کھائیں +

۷۵۔ نسخہ چہارم۔ میل حقہ جو چلم والی جگہ لگی ہوتی ہے وہ سلائی سے آنکھ میں لگائیں +

۷۶۔ نسخہ پنجم۔ بکرے کی کلیجی آہنی توے پر رکھیں اور دبائیں جو پانی نکلے وہ سلائی سے لگائیں +

۷۷۔ نسخہ دافع گوہانجنی چشم۔ ہلدی۔ پھٹکری۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مرچ سیاہ پانی میں پیسکر صبح و شام لگائیں +

۷۸۔ نسخہ دوم تخم املی کو پانی میں گھسکر گوہانجنی پر صبح و شام لگائیں بفضل خدا گوہانجنی رفع ہو +

۷۹۔ نسخہ سوم۔ گرکل۔ انزروت۔ دھنیا انکو باریک پیسکر سبز دھنیا کے پانی میں یا سادہ پانی میں حل کرکے صبح شام لگائیں +

۸۰۔ نسخہ دافع باسنی چشم یعنی پلکوں کا سرخ ہونا اور بال گر جانا۔ روئی شیر مدار میں تر کرکے خشک ہونے پر فتیلہ بناکر روغن کنجد میں تر کرکے کاجل بناکر صبح و شام سلائی سے آنکھوں میں لگائیں مجرب ہے +

۸۱۔ نسخہ دوم۔ سیندور کاشغری۔ سرمہ سفید۔ بساسہ۔ کتیرا ہموزن باریک کرکے سلائی سے آنکھ میں لگائیں +

۸۲۔ نسخہ سوم مکھن گاؤ چار تولہ کیسا ایک پانی میں دھوئیں پھر کٹورہ کانسی میں افیون چھ ماشہ سمندر جھاگ ایک تولہ ...

ڈال کر نیم کا گھوٹنا جسمیں پیسہ کلاں لگایا ہو خوب کھرل کر کے رکھیں اور صبح و شام دو دو سلائی لگائیں +

۸۳۔ نسخہ چہارم۔ پیتل کی تھالی یکبرا میں روغن سرسوں چھ ماشہ ڈالکر شیشہ نمک کی ڈلی تین روز خوب گھسائیں کہ ایک مرہم سی ہو جائے پھر اسکو رات کیوقت پلکوں پر لیپ کریں اور صبح گرم پانی سے دھو ڈالا کریں +

۸۴۔ نسخہ دافع خارش چشم۔ برگ ترس کا پانی نکالکر اسمیں روئی تر اور خشک کر کے پھر تیل چنبیلی میں کاجل بنا کر رکھیں اور صبح اور رات کو سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ پیٹ صاف کی کوئی چیز ضرور استعمال کریں +

۸۵۔ نسخہ دوم۔ حرمل کی شاخ سایہ میں خشک کر کے پھر جلا کر پیسکر وہ سرمہ آنکھ میں لگائیں +

۸۶۔ نسخہ سوم۔ سفیدہ کاشغری دو تولہ نیلا تھوتھا چار رتی خوب کھرل کر کے رکھ لیں اور سلائی سے لگائیں +

۸۷۔ نسخہ دافع گوہے چشم۔ شیشہ نمک لاہوری پھٹکری سفید سونٹھ ہر ایک ہموزن باریک کھرل کر کے رکھیں اور سلائی سے صبح و شام لگائیں اور پیٹ صاف کیلئے ضرور کوئی دوا کھائیں تاکید ہے +

۸۸۔ نسخہ دوم۔ پیر اڈر گول ساختہ جرمن چار رتی۔ عرق گلاب ڈھائی تولہ میں ملا کر بوتل میں رکھیں دن میں تین چار دفعہ بچے کے ڈالیں جوان کیلئے سات رتی پیر اڈر گول ڈھائی تولہ عرق گلاب میں ملائیں اور استعمال کریں +

۸۹۔ نسخہ سوم۔ سہاگہ پھٹکری ایک ایک ماشہ شورہ قلمی چار رتی۔ انکو باریک پیسکر پپوٹوں کو الٹا کر وہاں ایک چٹکی لگائیں اور پھر سرد پانی سے اسجگہ کو دھو ڈالیں۔ چند روز یہ عمل کریں مجرب ہے +

۹۰۔ نسخہ چہارم۔ زعفران اصلی افیون ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ سرمہ سیاہ۔ زنگار سمندر جھاگ سبز کانچ۔ پیتل سونا میل چاندی یہ زرگروں سے ملیگی کٹھالی میں لگی ہوئی ہوتی ہے ہر ایک تین ماشہ کشتہ جست نو تولہ اسکو پہلے جدا جدا باریک کر کے پھر ملا کر لگائیں +

۹۱۔ نسخہ پنجم۔ نوشادر صعتر سوختہ ہر ایک چھ ماشہ۔ گوند کیکر تین ماشہ سبکو جدا جدا باریک کر کے پھر ملا کر سرکہ انگوری تھوڑے ڈال کر کھرل کر کے خشک ہونے پر شیشی میں رکھیں اور پھر سلائی سے استعمال کرائیں مجرب ہے +

۹۲۔ نسخہ ششم۔ نوشادر ڈیڑھ ماشہ صبر سوختہ تین تولہ دونوں کو باریک کر کے شہد اصلی ملا کر سلائی سے لگائیں +

۹۳۔ نسخہ ہفتم۔ صبر۔ مازو۔ خاکستر موئے انسان ہر ایک چار ماشہ شنگرف رومی پھٹکری بریاں ہر ایک دو ماشہ لونگ ایک ماشہ سب کو خوب کھرل کر کے سلائی سے صبح شام چند روز لگائیں مجرب ہے +

۹۴۔ دافع ڈھلکہ بال چشم۔ ایک تازہ حنظل یعنی تمہ لیکر اس میں سرمہ سیاہ دو تولہ ڈالکر خشک ہونے دو پھر دوسرے

میں ڈال کر خشک ہونے دو پھر تیسرے میں ڈال کر خشک کر کے پیسکر رکھ لیں۔ بال اکھاڑ کر سرمہ لگائیں +

۹۵۔ دوم۔ کف دریا ایک تولہ کو درخت انجیر کے دودھ میں کھرل کر کے خشک ہونے پر بال اکھاڑ کر لگائیں +

۹۶۔ نسخہ سوم۔ بسکر دو تولہ کو پگھلائیں اور اسمیں ڈھاک کی لکڑی پھیر کر کشتہ کریں پھر چھانکر تخم مدار۔ نمک لاہوری۔ شیشہ ہر ایک دو تولہ کھرل میں ڈالکر دودھ بکری قدرے ڈالکر کھرل کر کے گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ صبح و شام پانی میں گھسکر لگائیں +

۹۷۔ چہارم۔ عوض تخم جامن کا بذریعہ تپال جنتر نکالکر ایکتولہ لیں اور اسمیں ناخون فیل تین ماشہ کو ملکر کھرل کریں۔ اور کشتہ جست عمدہ تین ماشہ ڈال کر خوب کھرل کر کے رکھ لیں۔ بال اوکھاڑ کر ایک وقت لگایا کریں +

۹۸۔ نسخہ پنجم۔ مرچ سیاہ۔ گیرو۔ نمک سنگ۔ قند سیاہ ہموزن کھرل خوب کر کے گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ دو دفعہ صبح و شام پانی سے گھسکر بال کو اوکھاڑ کر پھر ہمیشہ لگاتے رہا کریں یہ نسخہ نہائیت مجرب ہے +

۹۹۔ نسخہ ششم۔ کشتہ صدف مروارید کو خوب کھرل کر کے بالوں کو اوکھاڑ کر صبح چند روز لگائیں مفید ہے +

۱۰۰۔ نسخہ ہفتم۔ پھٹکری سفید ایکتولہ کی کھیل کریں جب پگھل جاوے تو گیرو ایکتولہ باریک پیسکر ڈالدیں اور صبح شام لگائیں +

۱۰۱۔ نسخہ ہشتم۔ درخت نیم کی کونپل ایکتولہ گھماں دو عدد مرچ سیاہ چار عدد خوب کھرل کر کے صبح شام پانی میں گھسکر لگائیں +

۱۰۲۔ نسخہ دافع موتیابند۔ ستیاناسی بوٹی کی جڑ کا چھلکا۔ ممیران چینی۔ نمک لاہوری نیم ہر ایکتولہ۔ تمباکو دیسی آٹھ تولہ۔ انکو دو تین روز کھرل کر کے پھر بوٹی ستیاناسی کے رس یا پانی میں کھرل کر کے رکھ لیں صبح شام دو دو سلائی لگائیں انگوٹھی باندھیں +

۱۰۳۔ نسخہ دوم۔ سمندر جھاگ تین ماشہ۔ سکہ گولی بندوق سے نکلا ہوا۔ فلفل دراز ہر ایک چھ ماشہ باریک کر کے لگائیں +

۱۰۴۔ نسخہ سوم۔ پوست بیضہ مرغ۔ کانچ سبز۔ صندل سفید۔ سنکھ۔ سیندھا نمک ہموزن کھرل کر کے آنکھ میں لگائیں +

۱۰۵۔ نسخہ چہارم۔ چوڑی کانچ چھ ماشہ۔ شورہ قلمی ایکتولہ۔ چینی اصلی دو تولہ۔ کباب چینی آٹھ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے آب بادیاں سبز میں خوب کھرل کر کے رکھ لیں اور پھر صبح و شام چند روز سلائی سے لگائیں عجیب چیز ہے +

۱۰۶۔ نسخہ پنجم۔ کستوری اصلی ایکماشہ۔ ممیران چینی۔ مروارید۔ زعفران۔ ساذج ہندی۔ بسد احمر۔ چاندی کا میل ہر ایک پونے دو ماشہ۔ روبا ماکھی۔ سرمہ اصفہانی ہر ایک چودہ ماشہ کھرل کر کے چند روز لگائیں فائدہ ہوگا +

۱۰۷۔ نسخہ ہفتم۔ حریرہ مقوی دماغ دافع موتیابند۔ مغز بادام مقشر دو تولہ مغز کدو سات ماشہ مغز خیرہ دانہ تخم خشخاش ہر ایک نو ماشہ کشنیز خشک پانچ ماشہ۔ چاول سفید ایکتولہ گھوٹ کر گھی کا بگھار دیکر مصری ڈال کر پئیں مجرب ہے +

۱۰۸۔ نسخہ دافع ناخونہ چشم۔ نیلا تھوتھا، مصری کوزہ ہر ایک چھ ماشہ۔ افیون خام چار رتی۔ ان کو پانی میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر رکھ لیں صبح و شام قدرے پانی میں گھس کر لگائیں۔ یہ پھولا چشم کو بھی رفع کرے +

۱۰۹۔ نسخہ دوم۔ گندھک آملہ سار، سیماب ہر ایک تولہ تولہ خوب کھرل کر کے پھر نیلا تھوتھا پانچ تولہ باریک کر کے پھر اس میں سے یہ سفوف دس گرین اور بورک ایسڈ دو ڈرام ملا کر رکھ لیں رات کو سلائی سے آنکھ میں لگائیں +

۱۱۰۔ نسخہ سوم۔ سمندر جھاگ، مصری کوزہ ہموزن باریک کر کے صبح و شام آنکھ میں سلائی سے لگائیں +

۱۱۱۔ نسخہ چہارم۔ سمندر جھاگ۔ نوشادر، پھٹکری بریاں ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ سرمہ سیاہ دو تولہ باریک کر کے ککروندہ بھنی کو کر لیچھدی کے پانی میں کھرل کر کے خشک کر کے رکھ لیں صبح و شام سلائی سے لگائیں +

۱۱۲۔ نسخہ دافع پھولا چشم۔ نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ زنگار چار رتی، پھٹکری دو تولہ، شورہ قلمی ڈیڑھ تولہ۔ سہاگہ ایک تولہ ایک کانسی کے برتن میں ڈال کر برگ سرس کا پانی ڈال کر ڈنڈا درخت سرس سے خوب گھوٹ کر گولیاں بنا کر صبح شام پانی میں گھس کر لگائیں +

۱۱۳۔ نسخہ دوم۔ پھٹکری دو تولہ، کافور دو رتی، مصری کوزہ ڈھائی تولہ خوب کھرل کر کے آنکھ میں لگائیں +

۱۱۴۔ نسخہ سوم۔ مغز تخم نبولہ کا تیل ایک تولہ لیکر اس میں سمندر جھاگ ایک ماشہ کھرل کر کے آنکھ میں دو قطرے ڈالیں +

۱۱۵۔ نسخہ چہارم۔ تخم سرس، پھٹکری، رسونت، نیلا تھوتھا سبز ہر ایک تین ماشہ۔ افیون چار رتی، سرمہ سیاہ ایک ماشہ۔ لونگ سنگبصری ہر ایک تین ماشہ۔ عرق لیموں ڈال کر چار روز خوب کھرل کر کے گولیاں بنائیں پھر پانی میں گھس کر لگائیں +

۱۱۶۔ نسخہ پنجم۔ ہریڑ، لکڑی، رسونت، آملہ، ہلدی، پھٹکری، رتن جوت ہموزن باریک کر کے گودہ گوار میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ پھر گولی کو قدرے پانی میں گھس کر سلائی سے صبح و شام آنکھ میں لگائیں +

۱۱۷۔ نسخہ ششم۔ مرچ سفید، سنگبصری، الائچی خورد، مغز تخم سرس، پھٹکری سفید، کانچ سفید، مصری کوزہ ہر ایک تین ماشہ۔ کوڑی زرد چودہ عدد سب کو خوب پیس کر سرمہ تیار کریں اور صبح و شام سلائی سے لگائیں +

۱۱۸۔ نسخہ ہفتم۔ ناخون فیل، صابون دیسی، کانچ سبز چوڑی، لونگ ہر ایک چھ ماشہ، رسکپور تین ماشہ سب کو جدا جدا پیس کر پھر ملا کر سرمہ بنا کر رات کو سلائی سے آنکھ میں لگائیں اور ترش اشیاء سے پرہیز ضروری ہے +

۱۱۹۔ نسخہ ہشتم۔ توتیا، نوشادر، پھٹکری، شورہ قلمی، سہاگہ ہموزن لیکر جوکوب کر کے دو پیالوں میں بند کر کے آگ پر رکھ کر جوہر اوپر والے پیالے میں لیں اور اس جوہر کو سلائی سے آنکھ میں لگائیں +

۱۲۰۔ نسخہ نہم۔ سیتا ماہی کا زرد دودھ سلائی سے صبح آنکھ میں چند روز لگائیں پھولا رفع ہو +

۱۲۱۔ نسخہ دہم۔ چیچک کے پھولے کو رفع کرے۔ ترکبی یا دنبہ کا پانی دو تولہ، ممیسوں خالص چھ ماشہ، شورہ قلمی تین ماشہ، پھٹکری سفید چھ رتی ان سب کو کھرل کر کے رکھیں اور ایک قطرہ آنکھ میں ڈالا کریں +

۱۲۲۔ یازدہم۔ پھولا، ڈھلکہ، ڈھیرا، دھند کو مفید۔ مرچ سفید، نیلا تھوتھا، کو ملکی کے کیکر ہموزن لیں اول نیلا تھوتھا کو چار پہر اور پھر مرچ سفید ڈال کر چار پہر اور پھر کو ملکی کیکر ڈال کر سولہ پہر کھرل کر کے صبح و شام دو دو سلائی لگائیں +

۱۲۳۔ نسخہ دوازدہم۔ نوشادر، شورہ قلمی، مصری کوزہ ہموزن برگ کیکر کا پانی ڈال کر کھرل کر کے پکائیں اور قوام گاڑھا کر کے رکھیں صبح و شام سلائی سے دو دو سلائی آنکھ میں لگائیں عجیب دوا ہے +

۱۲۴۔ نسخہ سیزدہم۔ کشتہ پوست بیضہ مرغ، عرق لیموں والا، سیندھا نمک، سمندر جھاگ، سنکھ، تخم درخت سہانجنہ سب کو ہموزن لیکر پیس کر ٹکیاں بنا کر رکھیں۔ صبح و شام قدرے پانی میں گھس کر آنکھ میں لگائیں مجرب ہے +

۱۲۵۔ نسخہ چہاردہم۔ زعفران، خون فیل، توتیا سبز ہموزن پیس کر پانی سے گولیاں بنائیں اور قدرے رات کو دودھ عورت میں گھس کر آنکھ میں ایک سلائی لگائیں چند روز کے استعمال سے فائدہ ہوگا +

۱۲۶۔ نسخہ پانزدہم۔ نوشادر، سمندر جھاگ، مغز تخم سرس، مغز نبولہ ہر ایک ہموزن۔ عرق لیموں میں کھرل کر کے گولیاں بنا رکھیں وقت ضرورت پانی میں گھس کر آنکھ میں لگائیں بفضل خدا چند روز میں رفع ہو +

۱۲۷۔ نسخہ شانزدہم۔ دافع پھولا چیچک۔ ناخون فیل ایک تولہ دار ہلد ایک عدد ان دونوں کو آب برگ سرس میں بھگو کر خوب کھرل کر کے سلائی سے رات کو لگایا کریں۔ یہ نسخہ عجیب چیز ہے +

۱۲۸۔ نسخہ ہفدہم۔ نوشادر دیسی، نمک، سوہاگہ ہر ایک پانچ پانچ تولہ کو گودہ گوار آدھ سیر میں خوب کھرل کر کے مٹی کے پیالوں میں بند کر کے آگ جلائیں جب پیالے نیچے سے سفید ہو جائیں تو سرد ہونے پر اوپر کے پیالے سے جوہر لیکر آنکھ میں لگائیں +

۱۲۹۔ نسخہ ہشدہم۔ پھولا، جالا، دھند، ناخونہ۔ توتیا، بیدکو سفید، رسوت، فلفل سیاہ، پھٹکری، مصری کوزہ ہر ایک تین ماشہ۔ سونٹھ عمدہ چار ماشہ۔ لونگ چار عدد۔ جوتری چار رتی۔ زعفران پانچ رتی ان کو خوب باریک پیس کر عرق کیلا اتنا ڈالیں کہ دو انگل دواؤں کے اوپر پانی ہو۔ تو پھر خوب کھرل کرتے کرتے خشک کریں اور شیشی میں رکھیں سلائی سے دو سلائی رات کو لگایا کریں۔ چند روز کے استعمال سے بفضل خدا فائدہ ہوگا +

باب چہارم ۔ متعلقہ امراض ناک

۱۷۶۔ نسخہ اول نکسیر جاریکو بند کرے ۔ دودھ گاؤ ایک پاؤ میں دال نخود دو تولہ بھگو دیں صبح کو وہ دال اسی طرح اکھانڈ ملا کر کھا لیں اور اوپر سے وہ دودھ بھی پی لیں بہتر ہے ہفتہ استعمال کریں بفضل خدا نکسیر بند ہو گی +

۱۷۷۔ نسخہ دوم ۔ اونٹ کی پشم کی راکھ بنا کر اس کی نسوار لیں مجرب ہے +

۱۷۸۔ نسخہ سوم ۔ سرمہ سیاہ قدرے مکھن گاؤ میں ملا کر نسوار صبح و شام لیں نکسیر بند ہو گی +

۱۷۹۔ نسخہ چہارم ۔ گل ملتانی جس کو گاچنی کہتے ہیں دو تولہ رات کو گرم پانی میں تر کریں صبح آب زلال اس کا پئیں اور فضلہ کو پیشانی پر لیپ کر دیں بفضل خدا نکسیر فوراً بند ہو مجرب ہے ۔ گرم اشیاء سے پرہیز +

۱۸۰۔ نسخہ پنجم ۔ گل ملتانی یا آرد خشک ہموزن پانی میں پیس کر پیشانی پر لیپ کریں +

۱۸۱۔ نسخہ ششم ۔ گیرو ۔ سنگ جراحت ۔ زہر مہرہ طباشیر ہر ایک ماشہ سب کو پیس کر خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ میں ملا کر ورق نقرہ ایک لگا کر کھلائیں ۔ اور اوپر سے بہدانہ تین ماشہ شیرہ عناب پانچ دانہ ۔ شیرہ مغز کدو ۔ اور شیرہ تخم کاہو مقشر ہر ایک تین ماشہ عرق گاؤزبان پانچ تولہ ملا کر وقت صبح پئیں +

۱۸۲۔ نسخہ ہفتم ۔ گل ملتانی ۔ اسبغول ہموزن پانی میں ملا کر تالو پر لگائیں مجرب ہے +

۱۸۳۔ نسخہ ہشتم ۔ افیون ۔ کافور ۔ کندر ایک ایک رتی پانی میں پیس کر ناک میں ٹپکائیں خون فوراً بند ہو +

۱۸۴۔ نسخہ نہم ۔ ایک روئی کی بتی بنا کر اس کو انڈے مرغی کی سفیدی میں تر کرکے گلنار پھٹکری ۔ مازو سبز گوند کیکر ہر ایک ماشہ ماشہ باریک کرکے بتی پر چھڑک کر ناک میں رکھیں خون فوراً بند ہو گا +

نوٹ : نکسیر اگر تیز بخار اور دیگر امراض دماغی میں ہو سمجھ کر اس کو بند کریں ۔ بلکہ اسکا آنا بحت امراض سمجھائیں ۔ اگر کمزوری معلوم ہووے ۔ تو سمجھ کر مقوی دماغ کوئی خمیرہ کھائیں یہ تاکید ہے +

۱۸۵۔ نسخہ دافع بدبوئے ناک ۔ ناک کو چند دفعہ دن میں آب گرم سے دھونا چاہئیے اور روغن چنبیلی سے ناک کو تر کیا کریں ۔ عرق قدرے پودینہ کے پانی میں حل کرکے ناک میں دو قطرے ڈالا کریں +

۱۸۶۔ نسخہ دوم ۔ سعد کوفی ۔ دفلفل دراز ۔ سنبل الطیب ۔ گل سرخ ۔ لونگ سب ہموزن لیکر پیس کر ایک آب پودینہ میں ملا کر بتی بنا کر ناک میں رکھیں +

۱۸۷۔ نسخہ دافع کیڑے ناک ۔ مردار سنگ پانچ ماشہ روغن گل ایک تولہ میں کھرل کرکے چند قطرے ناک میں ڈالیں +

۱۸۸۔ نسخہ دوم ۔ نکچھکنی اور کلونجی ہموزن پیس کر اس کی ناس لیں یا آب برگ شفتالو کے چند قطرے ناک میں ڈالیں +

۱۸۹۔ نسخہ سوم ۔ برگ نیم ۔ زردہ سورتی ۔ ہینگ ہر ایک ماشہ ان کو قدرے پانی میں پیس کر نیم گرم چند قطرے ڈالیں +

۱۹۰۔ نسخہ چہارم ۔ تخم پیاز ۔ تخم گندنا ۔ بزر البنج ہر ایک چار ماشہ سب کو پیس کر موم اصلی ایک تولہ میں ملا کر آگ پر ڈالیں اور نلکی سے ناک میں دھواں پہنچائیں + (نوٹ) اطریفل اسطوخودوس کا استعمال بھی چند روز کرانا مجرب ہے ۔ اور کوئی جلاب بھی دیدینا چاہئیے ۔ اس کا ضرور خیال رکھیں تاکید ہے +

۱۹۱۔ نسخہ دافع ناک میں مسہ وغیرہ ۔ مریض کو دوسرے تیسرے روز مسہل لیلینا چاہئیے اور بتی بنا کر اس پر شہد لگا کر اور اس پر پوست درخت انار کو پیس کر چھڑک کر وہ بتی ناک میں رکھیں مجرب ہے +

۱۹۲۔ نسخہ دوم ۔ ایک بتی بنا کر اسکو سرکہ میں تر کرکے اس پر پودینہ کا باریک سفوف چھڑک کر ناک میں رکھیں +

۱۹۳۔ نسخہ سوم ۔ اگر مرض شدید ہو ۔ تو نوشادر پھٹکری بریاں ۔ سہاگہ بریاں ۔ انزروت ۔ مرمکی ۔ زنگار ہر ایک دو ماشہ نیلا تھوتھا بریاں ایک ماشہ سب کو باریک کرکے ملا کر پودینہ کا پانی ملا کر بتی بنا کر ناک میں رکھیں +

۱۹۴۔ نسخہ دافع چوہا ناک ۔ روغن کنجد [illegible] قدرے [illegible] ملا کر نسوار لیں +

۱۹۵۔ نسخہ دافع کوئی چیز ناک میں پھنس جائے ۔ قدرے نمک آب گرم میں ملا کر منہ بند کرکے مخالف جانب ناک میں پچکاری کریں فوراً چیز نکل جائیگی ۔ اگر دکھائی دیتی ہو ۔ تو موچنے سے پکڑ کر نکالیں +

نوٹ : نزلہ زکام کے امراض رسالہ ہذا کے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں ۔ اور یہ بھی یاد رہے کہ پورا نزلہ زکام کو ترشی اور دہی لسی اور تیل کی اشیاء سے بلکہ دودھ سے بھی پرہیز کرنا چاہئیے اور سردی کی موسم میں برف سے پرہیز بہت ہی ضروری ہے ۔ پرانے زکام میں دماغ و معدہ کی تقویت نہایت ضروری ہے اور اطریفلات مثلاً اطریفل کشنیزی یا اطریفل اسطوخودوس ۔ یا خمیرہ خشخاش یا حب جدوار ۔ یا حب شفا اور برشعشا نہایت مفید چیز ہے +

۱۹۶۔ نسخہ برشعشا یہ ہے ۔ فلفل سیاہ و سفید ۔ بزر البنج سفید ہر ایک دس ماشہ افیون پانچ ماشہ زعفران ڈھائی ماشہ سنبل الطیب ۔ عاقرقرحا ۔ فرفیون ہر ایک نصف ماشہ جدا جدا پیس کر پھر سب کے سہ چند شہد ملا کر رکھیں اور غلہ جو میں تین مہینے دبا لیں ۔ پھر نکال کر خوراک نصف ماشہ سے دو ماشہ تک کھائیں عجیب چیز ہے +

باب ۵ پنجم متعلقہ امراض لب و رخسارے وغیرہ

۱۹۷۔ نسخہ دافع ورم لب۔ زہر مہرہ۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۲ ماشہ پیسکر لیپ لب پر کریں +

۱۹۸۔ نسخہ دوم۔ سونٹ۔ زرنیخ۔ چھالیہ ہر ایک ۲ ماشہ بکو کے پانی میں یا عرق گلاب میں پیسکر لیپ کریں +

۱۹۹۔ نسخہ شقاق لب و زبان۔ اسپغول اور بہیدانہ کا لعاب نکالکر لب اور زبان پر بار بار لگائیں +

۲۰۰۔ نسخہ دوم۔ بطخ کی چربی اور موم اصلی دونوں کو آگ پر ملا کر رات کے وقت لب پر لگائیں +

۲۰۱۔ نسخہ سوم۔ زنگار کو باریک کر کے قدرے شہد اور سرکہ ملا کر لگائیں +

۲۰۲۔ نسخہ ہونٹوں کے سفید ہو جانیکو رفع کرے۔ عاقر قرحا یا جوز بوا مصطگی رومی۔ بسباسہ جملے باریک کر کے مکھن میں ملا کر ایک دفعہ دن میں اور ایک دفعہ رات کو لگائیں +

نوٹ۔ بعض دفعہ جگر کی خرابی سے ہونٹوں پر سفیدی پائی جاتی ہے اس صورت میں جگر کی اصلاح کریں +

۲۰۳۔ نسخہ ہونٹوں کے پھٹکنے کو رفع کرے۔ یہ دیکھ لینا چاہئے کہ یہ مرض کس باعث سے ہے۔ اگر خشکی اور سردی کا سبب ہو تو تخم خطمی ساڑھے چھ ماشہ کا جوشاندہ بنا کر دیں +
اگر خلل دماغ کے باعث ہو تو دماغ کی ادویات استعمال کرائیں۔ اس سے فوراً آرام ہو +

۲۰۴۔ نسخہ ہونٹوں کے سکڑنے اور چھوٹا ہونیکو رفع کرے۔ گرم روغنوں کی مالش کرنے سے یہ مرض رفع ہو +

۲۰۵۔ نسخہ یا چھول کے پھٹ جانیکو رفع کرے۔ سازو کو سرکہ میں پکا کر اس کے غرغرہ کریں +

۲۰۶۔ نسخہ چہرے کا رنگ صاف ہو۔ بارش کے پانی میں قدرے اجمود پیسکر لیپ کریں +

۲۰۷۔ نسخہ دوم کھلی بادام پاؤ۔ لوبان تین ماشہ سفوف ریٹھہ ڈیڑھ چھٹانک۔ آرد چاول ڈھائی تولہ۔ اور اس میں روغن سنگترہ اور یا نڑی وغیرہ ڈال کر چہرے پر ملیں یہ نسخہ عجیب چیز ہے +

۲۰۸۔ نسخہ سوم مغز بادام مغز تخم خربوزہ۔ تخم سرسوں۔ پوست ریٹھہ ہر ایک پانچ تولہ۔ زیرہ سفید۔ ہلدی۔ آرد باقلا۔ آرد مسور صندل سرخ ہر ایک ۲ تولہ زعفران چھ ماشہ سب کو باریک کر کے چہرے پر لگائیں +

۲۰۹۔ نسخہ چہارم صابون سن لیٹ ہلدی۔ لودھ۔ کافور۔ آرد جو مغز بادام سوڈا بائی کارب ہموزن پیسکر ملیں +

۲۱۰۔ نسخہ چہرے کی چھائیوں کو رفع کرے۔ گل آگ کیسر قدرے لیکر پانی میں پیسکر داغوں پر لگایا کریں +

۲۱۱۔ نسخہ دوم۔ کلونجی کو پیسکر روغن زیتون یا روغن چنبیلی میں ملا کر داغوں پر لگایا کریں +

۲۱۲۔ نسخہ سوم۔ مغز بادام نو ماشہ سیماب چھ ماشہ دونوں کو قدرے پانی میں کھرل کر کے ساتھ مغز خربوزہ ڈیڑھ تولہ بھی پیسکر لگائیں +

۲۱۳۔ نسخہ چہارم۔ سہاگہ چھ ماشہ روغن چنبیلی ۲ تولہ میں ملا کر طلا کریں۔ ادرک کے پتے پانی میں پکا کر اس سے دھوئیں +

۲۱۴۔ نسخہ پنجم۔ پوست بیضہ مرغ لیکر سرکہ اصلی میں کھرل کر کے داغوں پر لگایا کریں اور صبح دھو ڈالا کریں +

۲۱۵۔ نسخہ نہاسہ چہرہ کو رفع کرے۔ تخم مولی تخم ترس۔ باپچی بمندرجہاگ۔ زعفران۔ تخم سرسوں ہر ایک ہموزن۔ زعفران قدرے صابون سفید ۲ چند سبکو باریک کر کے رکھ لیں رات کو پانی میں حل کر کے چہرے پر لگائیں صبح دھوئیں +

۲۱۶۔ نسخہ دوم۔ سہاگہ صدف ہموزن عرق سونف میں ملا کر چہرے پر ۲ گھنٹے لگا کر دھوئیں اور ذرا بالائی پھر ملیں +

۲۱۷۔ نسخہ سوم۔ تخم بکائن کو ٹکر باریک کریں اور دہی میں ملا کر چہرے پر لگایا کریں۔ اور صبح دھو ڈالا کریں +

۲۱۸۔ نسخہ چہارم کیل پھنسیاں رفع ہوں۔ گوگل۔ تخم مولی کو پانی میں پیسکر چہرے پر لگایا کریں۔ اور صبح دھو ڈالا کریں +

۲۱۹۔ نسخہ پنجم چھوارے کا تخم سرکہ میں گھسکر چہرے پر لگائیں۔ چہرہ صاف ہووے +

۲۲۰۔ نسخہ ششم۔ پوست درخت سرس۔ کنجد سیاہ دونوں باریک کر کے رات کو چہرے پر لگائیں +

۲۲۱۔ نسخہ ابٹنہ صفائی و خوشبوئے بدن۔ کول ڈوڈھ۔ کتھ۔ ناگ کیسر۔ پھل چھبیلہ۔ کافور۔ دودہی۔ انبہ ہلدی۔ جوتری۔ برادہ صندل سفید۔ برادہ عود ہموزن پیسکر رکھ لیں۔ وقت استعمال اس میں قدرے آرد گندم۔ اور روغن زرد ملا کر بدن پر ملیں اور پھر غسل کریں۔ بدن صاف اور خوشبودار ہوگا +

۲۲۲۔ نسخہ دوم۔ جو چہرے کے داغ دھبے رفع ہوں۔ سیماب چھ ماشہ مغز بادام نو ماشہ دونوں کو قدرے پانی میں کھرل کر کے مغز تخم خربوزہ ڈیڑھ تولہ پیسکر باہم ملا کر چہرے پر ملیں عجیب ہے +

۲۲۳۔ نسخہ سوم۔ سہاگہ چھ ماشہ روغن چنبیلی ۲ تولہ میں کھرل کر کے چھائیوں پر لگائیں عجیب ہے +

۲۲۴۔ نسخہ چہارم۔ زرد کوڑی کو ایک مٹی کی کلیا میں سرکہ ڈالکر تین چار روز بھگو دیں پھر پیسکر داغوں پر لگائیں +

باب چھٹا متعلقہ امراض مونہہ زبان

۲۲۵ - نسخہ مونہہ کے چھالوں کو رفع کرے ۔ مجیٹھ ۔ گل گلاب کا زیرہ ۔ کتھہ سفید ۔ دانہ الائچی خورد ۔ کباب چینی ہموزن باریک پیسکر رکھ لیں ۔ اور دن میں کئی دفعہ مونہہ میں چھڑکیں بفضل خدا چھالے رفع ہونگے +

۲۲۶ - نسخہ دوم ۔ ملٹھی ۔ برگ گاؤزبان سوختہ ۔ جو دلمسان سوختہ ۔ کشنیز سوختہ ہموزن پیسکر مونہہ میں چھڑکیں +

۲۲۷ - نسخہ سوم ۔ دانہ الائچی خورد ۔ طباشیر ۔ کتھہ ۔ کھنبہ پورانی ہر ایک ہموزن پیسکر مونہہ میں کئی دفعہ چھڑکیں +

۲۲۸ - نسخہ چہارم ۔ ملٹھی مقشر لیکر آہستہ آہستہ مونہہ میں چبائیں بفضل خدا چھالے رفع ہوں +

۲۲۹ - نسخہ پنجم غرغرہ کرنے کیلئے ۔ برگ درخت سہانجنہ یا برگ درخت گونڈنی پانی جوشدہ کیر غرغرہ کریں +

۲۳۰ - نسخہ ششم ۔ کوکنار درمیانہ چار عدد ۔ گلنار چار ماشہ ۔ عدس سالم ۔ کشنیز خشک ہر ایک چھ ماشہ لیکر تین پاؤ پانی میں خوب پکاکر غرغرہ کریں بعض موقعہ پھٹکڑی دو ماشہ ۔ برگ توت سیاہ ۔ پوست درخت کیکر ہر ایک چھ ماشہ زیادہ کریں +

۲۳۱ - نسخہ دافع سیلان لعاب ۔ زرشک تین ماشہ کو عرق نیلوفر دس تولہ میں پیسکر خرفہ ملاکر سکنجبین دو تولہ ملاکر صبح شام پئیں +

۲۳۲ - نسخہ دوم غرغرہ کیلئے ۔ گل انار ۔ گل سرخ اصلی ہر ایک چھ چھ ماشہ پانی میں جوشدہ کیر غرغرہ کریں +

۲۳۳ - نسخہ دافع بدبو دہن ۔ پان کی جڑ لیکر کسی کسی وقت مونہہ میں رکھیں ۔ بدبو رفع ہوگی +

۲۳۴ - نسخہ دوم ۔ املی سات ماشہ پانی میں رات کو بھگوکر صبح چھان لیں ۔ زرشک تین ماشہ کو گھوٹکر املی کا پانی ملاکر چھانکر شربت انار یا سکنجبین سادہ دو تولہ ملاکر پئیں ۔ اور مونہہ میں الائچی بھی رکھیں +

۲۳۵ - نسخہ دافع ہونٹھ پھٹنے کو رفع کرے قدرے تخم بارتنگ پانی میں ملکر اسکی جھاگ ہونٹھوں پر لگایا کریں +

۲۳۶ - نسخہ دافع لکنت زبان ۔ عاقر قرحا ۔ فلفل سیاہ ۔ شہد اصلی میں ملاکر زبان پر کئی دفعہ ملیں +

۲۳۷ - نسخہ دوم ۔ جو کھار تین ماشہ ۔ نمک لاہوری ۔ بورہ ارمنی ۔ پھٹکڑی ہر ایک دو ماشہ ۔ شہد تولہ میں ملاکر ملیں اور لعاب گرائیں +

۲۳۸ - نسخہ سوم ۔ نمک سنگ ۔ زنجبیل ۔ عاقر قرحا ہموزن پیسکر زبان پر ملیں اور لعاب گرائیں +

۲۳۹ - نسخہ چہارم ۔ مصطگی رومی ۔ کندر ہر ایک ماشہ باریک کرکے خمیرہ ابریشم چار ماشہ میں لپیٹ کر کھائیں اور اوپر سے عرق گاؤزبان دس تولہ پلائیں اور عاقر قرحا باریک کرکے زبان پر ملیں اور لعاب گرائیں +

باب ساتواں متعلقہ امراض دندان

۲۴۰ - نسخہ دافع درد دانت ۔ کتھہ عمدہ ۔ افیون قدرے قدرے روغن گل میں حل کرکے دانت پر لگائیں +

۲۴۱ - نسخہ دوم ۔ درد داڑھ کو رفع کرے ۔ کافور ایک تولہ ۔ پیپرمنٹ چھ ماشہ ۔ افیون ۔ ست اجوائن ہر ایک تین ماشہ ۔ کاربالک ایسڈ ڈیڑھ ماشہ ان کو شیشی میں ڈال کر تیل کریں اور پھر روئی سے دانت پر لگائیں +

۲۴۲ - نسخہ سوم منجن دافع درد دانت ۔ عاقر قرحا ۔ پھٹکڑی بریاں ہموزن لیکر پیسکر دانتوں پر ملیں +

۲۴۳ - نسخہ چہارم دانت و داڑھ کیلئے ۔ پھٹکڑی بریاں ۔ تخم ریٹھہ کی راکھ ہموزن باریک کرکے لیں +

۲۴۴ - نسخہ پنجم داڑھ کھوکھلی کے درد کو رفع کرے ۔ کافور ۔ کندر ہموزن سرکہ میں حل کرکے سوراخ میں دیں +

۲۴۵ - نسخہ ششم ۔ مرچ سیاہ ۔ نمک لاہوری ۔ چنبیلی کے پھول ۔ تمرہ خشک سب ہموزن پیسکر دانت پر ملیں +

۲۴۶ - نسخہ ہفتم ۔ درد داڑھ کو فوراً رفع کرے ۔ دارچینی کا تیل روئی سے کھوڑہ میں لگائیں فوراً درد بند ہو +

۲۴۷ - نسخہ ہشتم ۔ عاقر قرحا ایک ماشہ ۔ نوشادر ۔ افیون ہر ایک چار رتی باریک کرکے داڑھ کی کھوڑ میں ڈالیں +

۲۴۸ - نسخہ نہم ۔ مغز تخم سرس ایک تولہ ۔ فلفل گرد چھ ماشہ دونوں کو باریک کرکے دانتوں پر ملیں درد فوراً رفع ہو +

۲۴۹ - نسخہ دہم ۔ درد داڑھ کیلئے اکسیر ۔ روئی قدرے لیکر اسکو دودھ مدار میں تر کرکے روغن گاؤ میں بریاں کرکے کھوڑہ میں رکھیں +

۲۵۰ - نسخہ یازدہم ۔ کھٹکل بوٹی کا پانی لیکر درد والی طرف کے ناک میں تین چار بوند ڈالیں درد فوراً رفع ہو +

۲۵۱ - نسخہ یازدہم کرم خوردہ دانت کے درد کو رفع کرے ۔ بیر بہوٹی ۔ نوشادر ۔ افیون ہموزن باریک کرکے کھوڑہ میں رکھیں +

۲۵۲ - نسخہ دافع پیپ دندان ۔ مازو ۔ سپاری ۔ پھٹکڑی بریاں ۔ پھول انار ۔ کتھہ ۔ سنگجراحت ۔ دانہ الائچی کلاں ۔ کباب چینی ۔ عاقر قرحا ۔ کافور ۔ کالی مرچ ہر ایک ہموزن پیسکر دانتوں پر صبح و شام ملا کریں ۔ عجیب ہے +

۲۵۳ - نسخہ دوم ۔ کونین عمدہ ایک تولہ ۔ مصطگی رومی چار ماشہ پیسکر رکھ لیں اور صبح و شام دانتوں پر ملیں مجرب ہے +

۲۵۴ - نسخہ سوم ۔ مسوڑھوں سے خون نکلنے کو روکے ۔ ترپھلا کا پوست تین تولہ ۔ سونٹھ ۔ کتھہ ہر ایک تولہ ۔ پھٹکڑی بریاں ۔ ہیرا کسیس ۔ شاخ گوزن سوختہ ۔ نمک لاہوری ہر ایک تولہ سب کو پیسکر دانتوں پر ملیں +

نوٹ ۔ دانتوں کے امراض کا منجن ہر قسم حاجی محمد اصغر علی سوداگر لودیانہ سے تیار مل سکتا ہے +

۲۵۵ نسخہ چہارم۔ دانتوں کے خون نکلنے کو بند کرے۔ نمک لاہوری ۲ تولہ کو ایک مٹی کی کلیا میں ڈالیں اور اس پر دودھ مدار چار تولہ ڈالکر بند کرکے ہنڈیا میں پسر اوپلوں کی آگ دیدیں اور پھر وہ ملیں +

۲۵۶ نسخہ پنجم۔ کباب چینی۔ عاقرقرحا۔ دم الاخوین۔ دانہ الائچی کلاں۔ خرمہرہ زرد سوختہ۔ صدف سوختہ۔ کاغذ دیسی سوختہ ہموزن لیکر باریک کرکے رکھ لیں۔ صبح و شام دانتوں پر ملیں۔ مجرب ہے +

۲۵۷ نسخہ دانتوں کے ماس خورہ کو رفع کرے۔ کافور دیسی ۲ تولہ کو باریک کرکے ایک شیشی عمدہ کاگ والی میں ڈالیں اور اس پر کاربالک ایسڈ تین ماشہ ڈالیں یہ سب تیل ہوگا۔ صبح و شام روئی سے گوشت خوردہ پر لگائیں سنبھال رکھیں +

۲۵۸ نسخہ دوم سینگ بارہ سنگھ سوختہ۔ دانہ الائچی خرد۔ طباشیر ہر ایک ہموزن باریک کرکے دن میں تین دفعہ لگائیں +

۲۵۹ نسخہ سوم کتھ سفید۔ سنگجراحت۔ سپاری کہنہ سوختہ۔ پوست کیکر۔ طباشیر۔ گل سرخ۔ دم الاخوین۔ ہر ایک تین ماشہ سب کو باریک کرکے دانتوں پر چار پانچ دفعہ دن میں لگایا کریں عجیب ہے +

۲۶۰ منجن مضبوطی دانت۔ تخم ریٹھہ سالم پھٹکری سفید دونو ہموزن ایک کلیا مٹی میں بند کرکے دو سیر اوپلوں کی آگ دیدیں اور پیسکر دانتوں پر ملیں۔ چند روز میں دانت مضبوط ہونگے +

۲۶۱ نسخہ دوم۔ مازو۔ بھلانوہ۔ سپاری [illegible] ہموزن جلاکر پیسکر صبح و شام دانتوں پر ملا کریں +

۲۶۲ نسخہ سوم مضبوطی [illegible] چاک عمدہ ہر ایک [illegible] پھٹکری بریاں ہر ایک [illegible] ماشہ مرچ سیاہ۔ کافور ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ افیون چھوہارہ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کرکے [illegible] لگائیں +

۲۶۳ نسخہ خوشبودار منجن کباب چینی۔ فلفل دراز۔ الائچی خرد۔ ناگرموتھا۔ کھوپرا [illegible] پھٹکری سفید بریاں۔ [illegible] عاقرقرحا۔ [illegible] کف دریا۔ ہر ایک تولہ اور خرمہرہ سوختہ دس عدد

۲۶۴ نسخہ چہارم مضبوطی و صفائی دندان۔ آم سوختہ۔ مرچ سیاہ۔ سپاری سوختہ۔ پھٹکری بریاں سب ہموزن باریک کرکے دانتوں پر رات کو سونے کے وقت لگائیں۔ چند روز میں دانت مضبوط اور صاف ہونگے +

۲۶۵ نسخہ حبوب ہر امراض دانت کو رفع کرے۔ جوز ماثل۔ [illegible] اجوائن خراسانی چھ ماشہ۔ سونف۔ طباشیر۔ مرچ سیاہ [illegible] گل سرخ [illegible] ہموزن [illegible] پوست [illegible] دارچینی۔ کندر۔ [illegible] مصطگی رومی۔ اسارون۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا ہر ایک تین ماشہ باریک کرکے [illegible] چار تولہ ملاکر گولیاں بقدر نخود بنا کر رکھیں۔ ایک گولی [illegible] پانی سے چند روز نگل لیا کریں +

باب آٹھواں متعلقہ امراض حلق و سینہ معہ سل

۲۶۶ نسخہ گلا بند ہووے اور درد کرے۔ برگ شہتوت۔ برگ بسوٹہ دونوں کو پانی میں پکا کر غرغرہ کریں +

۲۶۷ نسخہ دوم۔ رسونت اور دودھ دونوں ملاکر اس سے غرغرہ کریں مجرب ہے +

۲۶۸ نسخہ سوم اگر سردی سے ہووے۔ تو زہرہ گاؤ کا پانی شہد ملاکر اس سے غرغرہ کریں +

۲۶۹ نسخہ چہارم مغز املتاس۔ بادام روغن۔ دودھ میں پکا کر غرغرہ کریں +

۲۷۰ نسخہ دافع خراش گلو و ورم گلو کو رفع کرے۔ پوست ریٹھہ ایک ماشہ کو پانی پانچ تولہ میں حل کرکے دو دو گھنٹے بعد غرغرہ کریں عجیب فائدہ ہووے +

۲۷۱ نسخہ اگر نزلہ سے گلا بیٹھ جائے۔ ملٹھی مقشر ایک چٹکی پان میں ڈال کر لعاب چوسیں +

۲۷۲ نسخہ آواز کو صاف کرے۔ سونٹھ۔ قسط۔ چھیتہ ہندی۔ فلفل دراز۔ زیرہ سفید۔ لونگ۔ [illegible] ہر ایک ہموزن لیکر پیسکر شہد اصلی ملاکر قدرے قدرے چٹایا کریں عجیب ہے +

۲۷۳ نسخہ اگر آواز زیادہ بولنے سے بیٹھ گئی ہو۔ تو بیضہ مرغ نیم برشت کو شہد میں ملاکر کھلائیں فائدہ ہو +

۲۷۴ نسخہ دافع خنازیر یعنی کنٹھ مالا [illegible] گلٹیاں [illegible] اکیماشہ ملاکر لگائیں +

۲۷۵ نسخہ دوم خردل۔ [illegible] گندھک آملہ سار۔ کف دریا۔ زراوند طویل۔ گوگل ہر ایک تولہ۔ موم سرخ ڈیڑھ تولہ۔ روغن زیتون سات تولہ میں مرہم تیار کریں اور صبح و شام لگائیں +

۲۷۶ نسخہ سوم۔ آرد جو۔ السی۔ [illegible] ہموزن لیکر پیسکر سرکہ ملاکر لیپ صبح و شام کریں +

۲۷۷ نسخہ چہارم شنگرف۔ رال۔ ہڑتال۔ گندھک آملہ سار۔ مردار سنگ ہر ایک تولہ۔ کتھ سفید۔ سندھور ہر ایک چھ ماشہ سیماب چار ماشہ۔ روغن کنجد پانچ تولہ گرم کرکے سب دوائیں باریک کرکے ملاکر صبح و شام لگایا کریں +

۲۷۸ نسخہ پنجم۔ مردار سنگ۔ شنگرف رومی۔ درخت کیکر کی لکڑی کا کوئلہ۔ توتیا ہر ایک تولہ تولہ لیکر علیحدہ علیحدہ باریک کرکے مکھن چار تولہ لیکر ساٹھ دفعہ پانی میں دھو کر اس کو ملاکر صبح و شام گلے پر لگائیں +

۲۷۹۔ نسخہ ششم۔ چھال درخت سرس۔ تقوم۔ مرچ سیاہ۔ کالی زیری سب ہم وزن علیحدہ علیحدہ باریک پیسکر پانی میں حل کرکے لگائیں +

۲۸۰۔ نسخہ خناز یر گھلانے کیلئے۔ تخم سرس کا آٹا لیکر اس کے ہم وزن شہد خالص ملاکر ایک برتن میں ڈال کر اس کو گندم میں بیس روز دبادیں پھر نکال کر ایک تولہ سے دو تولہ تک صبح پانی سے کھائیں +

۲۸۱۔ نسخہ دوم۔ جڑ سنیاسی بوٹے کی لیکر اسکے نصف وزن فلفل دراز خوب پیسکر گولیاں بقدر بیر بناکر رکھ لیں ایک دو گولی صبح باسی پانی سے نگل لیا کریں عجیب گولیاں مفید ہیں۔ ترش اشیاء سے پرہیز +

۲۸۲۔ نسخہ سوم۔ اسگند بوٹی کی تازہ کونپل کے برابر پورا نا گڑ خوب پیسکر گولیاں بقدر بیر جنگلی بناکر رکھ لیں اور صبح باسی پانی سے ایک گولی ہر روز دو تین ماہ کھائیں +

۲۸۳۔ نسخہ چہارم۔ تخم سرس کا آٹا بیس تولہ شہد خالص چالیس تولہ کو ملاکر کسی مٹی کے برتن میں بند کرکے دھوپ میں آدھ ہفتہ بھر رکھیں۔ پھر صبح و شام ایک ایک تولہ ہمراہ جوشاندہ اسطوخودوس برسیاؤشاں چھ چھ ماشہ کا بناکر مصری دو تولہ ڈالکر پئیں یہ تاکید ہے۔ کم از کم اکیس روز استعمال کریں +

۲۸۴۔ نسخہ پنجم۔ چوب چینی چار ماشہ کا سفوف قدرے شہد خالص میں ملاکر چند روز برابر چٹایا کریں مجرب ہے +

۲۸۵۔ نسخہ ششم۔ ہزار پایہ یعنی کنکھجورہ ایک خشک کرکے اس کے ساتھ پورانا گڑ دو تولہ خوب پیسکر گولیاں بقدر دانہ ماش بناکر رکھیں ایک گولی صبح باسی پانی سے کھائیں اور دودھ گھی کا خوب استعمال کریں +

۲۸۶۔ نسخہ ہفتم۔ گھلے دس عدد لیکر دودھ بھینس آدھ سیر میں پکائیں پھر اس گھلے کو لیکر اس کا پوست چاقو سے اوتار کر ایک تولہ لیں۔ گوگل بھینسا ایک تولہ۔ ایلوا عمدہ۔ مرچ سیاہ چھ چھ ماشہ باریک کرکے شہد چار تولہ ملاکر رکھیں۔ یہ معجون ہر روز صبح بقدر بیر کھالیا کریں۔ دودھ گھی کا خوب استعمال کریں +

نوٹ۔ یہ تاکید ہے۔ کہ مریض کو پہلے کوئی منضج کراکر پھر کوئی جلاب دیکر پھر دوا کھلانی شروع کریں۔ اور اگر گلٹیاں پھٹ جائیں۔ تو پھر کوئی مرہم تجویز کرکے وہ لگائیں۔ اور کھانے کیلئے سب سے عمدہ نسخہ آرد تخم سرس والا ہے اور گولیوں میں درجہ اول نسخہ ششم ہے۔

۲۸۷۔ نسخہ تھوک میں خون آنیکو روکے۔ دو عدد چھالیہ عمدہ جو پان میں ڈالتے ہیں لیکر باریک کرکے تین پاؤ پانی میں پکائیں جب پاؤ پانی رہ جائے تو پھر شام تک ذرا ذرا سا کرکے پی لیا کریں +

۲۸۸۔ نسخہ دوم۔ مرغ کی کلغی جلاکر اس کی راکھ ایک رتی شربت انجبار سے چند روز کھائیں +

۲۸۹۔ نسخہ سوم تنگجراحت۔ دم الاخوین۔ بسد سوختہ۔ کہربا ہر ایک ماشہ سبکو پیسکر خمیرہ خشخاش ایک تولہ میں ملائیں اور عناب پانچ دانہ۔ بہیدانہ تین ماشہ سپستان نو دانہ کو جوش دیکر شربت بنفشہ دو تولہ ملاکر خمیرہ کیساتھ پلائیں +

نوٹ۔ اگر کھانسی ہو تو اس نسخے کے ساتھ کیکڑا جلاکر۔ گوند کیکر اور گوند کتیرا۔ رب السوس ایک ایک ماشہ کھلائیں +

۲۹۰۔ نسخہ خون شدید کو روکے۔ تخم خرفہ تین تولہ۔ نوشادر چھ ماشہ۔ ایک سکوراٹی میں بند کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیدو سرد ہونے پر چھ رتی شربت انجبار عمدہ دو تولہ سے مریض کو کھلائیں۔ خون فوراً بند ہو +

۲۹۱۔ نسخہ دافع کھانسی سل والی کیلئے۔ گل تیتہ۔ پوست بلیلہ ہموزن لیکر عرق ادرک میں کھرل کرکے گولیاں بقدر دانہ مونگ بناکر رکھ لیں اور کسی کسی وقت گولی مونہہ میں رکھکر لعاب چوستے جائیں +

۲۹۲۔ نسخہ دافع ضیق النفس یعنی دمہ۔ ایلوا عمدہ تین ماشہ سم الفار سفید ڈھائی ماشہ۔ افیون دو ماشہ۔ روغن بادام دو تولہ ان سبکو خوب کھرل کرکے شیشی میں رکھیں اور انگور برگ بیری پر پان پر ایک سلائی لگاکر کھلائیں +

۲۹۳۔ نسخہ دوم۔ ایک پورا چراغ یعنی مقبرہ یعنی خانقاہ سے لیکر اسکو سات سیر اوپلوں میں رکھکر سرد ہونے پر اس کو پیسکر رکھ لیں بوقت صبح ایک ماشہ پانی سے کھائیں مفید ہے +

۲۹۴۔ نسخہ سوم۔ ایک سالم خول ناریل کا لیکر اسمیں شیر مدار آٹھ تولہ ڈالکر بند کرکے گل حکمت کرکے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیدیں۔ خوراک ایک رتی ہمراہ حلوا جو گڑ سے بنایا ہو کھائیں اور دونوں وقت حلوا ہی کھائیں۔ سردپانی اور ترش چیزوں سے پرہیز +

۲۹۵۔ نسخہ چہارم۔ کیلے کی جڑ لیکر ٹکڑے ٹکڑے کرکے سایہ میں خشک کرکے جلائیں پھر وہ راکھ صبح ایک ماشہ پانی سے کھائیں +

۲۹۶۔ نسخہ پنجم۔ کاکڑا سنگی۔ رب السوس۔ گوند کیکر۔ کتیرا۔ سنکھاہولی۔ مغز بادام۔ مغز خیارین۔ مغز کدو۔ عناب۔ الائچی ہر ایک ملٹھی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ سب کو باریک کرکے شہد میں گولیاں بقدر نخود بناکر رات کو مونہہ میں رکھیں +

۲۹۷۔ نسخہ ششم۔ نوشادر۔ پھٹکری سفید دونوں ایک کلیا میں بند کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیدیں اور پھر پیسکر رکھ لیں۔ خوراک چھ رتی یہ اور قدرے کھانڈ ملاکر پھانک لیں اور اوپر سے پانی پئیں +

۲۹۸۔ نسخہ دافع کالی کھانسی گل کنڈیاری کا زیرہ زرد یعنی چھک نمولی کا زیرہ لیکر سایہ میں خشک کرکے شہد میں ملاکر دن میں چار دفعہ ذرا ذرا چٹائیں۔ کالی کھانسی کو فائدہ ہو +

۲۹۹۔ نسخہ دوم۔ نوشادر۔ سہاگہ۔ جوکھار۔ نمک سونچر ہر ایک تولہ۔ اجوائن خراسانی تین تولہ۔ کٹائی خرد یعنی چھک نمولی بارہ تولہ اسکو کلھیا میں بند کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیدیں پھر پیسکر ہموزن کھانڈ ملاکر ایک ماشہ صبح و شام پانی سے کھائیں +

۳۰۰۔ نسخہ سوم۔ برگ چھچھرہ یعنی ڈھاک۔ کاکڑا سنگی دونوں ہموزن جلاکر شہد میں ملاکر چٹائیں +

۳۰۱۔ نسخہ چہارم۔ جوکھار تین ماشہ فلفل سیاہ چھ ماشہ فلفل دراز ایک تولہ۔ انار دانہ دو تولہ۔ قند سیاہ کہنہ چار تولہ باریک پیسکر نخود برابر گولیاں بناکر صبح و شام ایک گولی پانی سے نگل لیا کریں مجرب ہے +

۳۰۲۔ نسخہ پنجم۔ ملٹھی مقشر۔ گوندکیکر ہر ایک پانچ ماشہ۔ نمک بانسہ ساڑھے تین ماشہ پیسکر دو رتی سے ڈیڑھ ماشہ کھائیں +

۳۰۳۔ نسخہ ششم چٹنی۔ کاکڑا سنگی۔ سونٹھ۔ تمس شیریں۔ الائچی خرد ہر ایک تین ماشہ مغز بادام تین دانہ۔ ان کو باریک پیسکر شہد قدرے ملاکر دن میں تین دفعہ چاٹ لیا کریں +

۳۰۴۔ نسخہ ہفتم۔ رب السوس۔ مغیہ سالم۔ کندر۔ مرکی ہر ایک چار ماشہ۔ گوندکیکر دو ماشہ۔ افیون ایک ماشہ باریک پیسکر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بناکر رکھ لیں صبح دوپہر شام ایک ایک گولی کھائیں +

۳۰۵۔ نسخہ ہشتم۔ برگ نیم اکتیس عدد۔ مرچ سیاہ گیارہ۔ نمک سیاہ چھ ماشہ سبکو پیسکر گولی بناکر آٹے میں بند کرکے گرم راکھ میں دبا دیں جب آٹا جل جائے تو اسکو نکال کر ہموزن نارجیل ملاکر چار دفعہ دن میں ماشہ ماشہ کھائیں +

۳۰۶۔ نسخہ نہم۔ چاروں نمک۔ چاروں اجوائن ہر ایک چار تولہ فلفل دراز۔ مرچ سیاہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ برگ مدار برگ ڈھاک ہر ایک پندرہ عدد سب دواؤں کی پتوں میں پوٹلی بناکر ہنڈی میں بند کرکے اوپلوں کی آگ دس سیر میں رکھدیں سرد ہونے پر پیسکر رکھیں۔ جوان کیلئے تین ماشہ گرم پانی سے اور بچے کو چار رتی تک پانی سے کھلائیں +

۳۰۷۔ نسخہ دہم۔ پھٹکری سفید ایک تولہ ایک کڑچھے میں ڈالکر آگ پر رکھیں اور برگ کیلہ کا پانی دس تولہ صرف کریں پھر راکھ کرکے رکھیں ایک چاول چھ ماہ کے دو چاول ایک برس دو برس کیلئے ایک رتی تین برس رتی عرق سونف یا پانی سے +

۳۰۸۔ یازدہم۔ اجوائن خراسانی پانچ تولہ تیسر قوم حبشی تھوہر پانچ تولہ دونوں ایک کلھیا میں بند کرکے گل حکمت کرکے ڈیڑھ سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیدیں خوراک چار چاول +

۳۰۹۔ دوازدہم۔ برگ کیلہ سبز تین تولہ چاقو سے باریک کرکے انہیں نوشادر دو تولہ شامل کرکے توا آہنی پر رکھیں اور اوپر ایک پیالہ مٹی کا ڈھکنا کر آگ دھیمی دو پہر تک جلائیں پھر وہ راکھ دو ماشہ بتاشہ میں رکھکر کھلائیں +

۳۱۰۔ نسخہ سیزدہم۔ پانچوں نمک پانچ تولہ۔ نوشادر۔ پھٹکری۔ لوٹا سجی۔ اجمود۔ اجوائن۔ افتیموں ہر ایک تولہ اجوائن خراسانی پانچ تولہ برگ بانسہ سبز چالیس تولہ سب کو جلاکر رکھ لیں۔ خوراک جوان کو دو ماشہ اور بچے کو کچھ اس سے کم کھلائیں +

۳۱۱۔ نسخہ چہاردہم۔ پھل کٹائی خرد۔ برگ بانسہ۔ نمک سیاہ۔ کاکڑا سنگی۔ اجوائن ہر ایک دو تولہ سب کو جوکوب کرکے کلھیا میں بند کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیدیں پیسکر شہد میں ملاکر دن میں تین دفعہ ذرا ذرا چاٹ لیا کریں +

۳۱۲۔ نسخہ پانزدہم۔ برگ تلسی۔ مرچ سیاہ ہموزن پیسکر گولیاں بقدر نخود بناکر رکھ لیں صبح و شام کھائیں +

۳۱۳۔ نسخہ شانزدہم۔ پوست جمدار جلاکر اس کی راکھ ایک رتی بتاشہ میں ڈالکر کھائیں سخت کھانسی رفع ہو +

۳۱۴۔ نسخہ ہفتدہم۔ برگ تلسی۔ مرچ سیاہ ہموزن پیسکر گولیاں بقدر نخود بناکر رکھ لیں صبح و شام کھائیں +

۳۱۵۔ نسخہ ہشتدہم۔ جڑ بانسہ دو تولہ کلھیا میں بند کرکے راکھ کریں۔ خوراک دو ماشہ اس میں ہموزن شکر ملاکر کھائیں +

۳۱۶۔ نسخہ نہدہم۔ برگ کیلہ خشک۔ رب السوس۔ نمک سیاہ ہر ایک چھ ماشہ۔ مرچ سیاہ۔ سہاگہ۔ پھٹکری سفید۔ کاکڑا سنگی ہر ایک تین ماشہ ان سب کو کلھیا میں بند کرکے راکھ کرلیں۔ خوراک ایک رتی سے ماشہ تک شہد یا پان سے کھائیں +

۳۱۷۔ نسخہ بستم۔ کاکڑا سنگی۔ سہاگہ۔ رب السوس۔ حب الآس ہموزن کلھیا میں بند کرکے آگ دیدو۔ سرد ہونے پر پیسکر رکھ لیں ایک رتی سے چار رتی تک پان سے یا کسی اور چیز سے صبح و شام کھلائیں +

۳۱۸۔ نسخہ بست و یک۔ پھٹکنڈہ کی راکھ تین ماشہ۔ برگ دھتورہ کی راکھ ایک ماشہ۔ رت لوبان چار رتی۔ رب السوس پانچ تولہ سب کو پیسکر صبح و شام ایک ایک رتی بچے کو چٹائیں عجیب چیز ہے +

۳۱۹۔ نسخہ بست و دو۔ پھٹکری سفید لیکر اجوائن کا جوشاندہ بناکر اسے پانی میں کھرل کرکے بریاں کریں اور دو رتی کھانڈ سے کھائیں +

۳۲۰۔ نسخہ بست و سہ۔ جوشاندہ۔ گل بنفشہ خشخاش۔ گوندکیکر ہر ایک تین تین ماشہ۔ ملٹھی مقشر چھ ماشہ ان کو پانی میں جوش دیکر صبح و شام دو دو دفعہ مصری دو تولہ ڈالکر پئیں کھانسی ہر قسم کو مفید ہے +

۳۲۱۔ نسخہ بست و چہار۔ پھٹکری سفید تین تولہ۔ دودھ مدار چھ تولہ۔ افیون چھ رتی سب کو پیسکر ایک پیالہ مٹی میں پکائیں جب رنگ ملاگیری ہو جائے۔ تو پیسکر رکھ لیں۔ خوراک ایک رتی سے تین رتی تک کھانڈ ملاکر پانی سے کھلائیں +

۳۲۲۔ نسخہ ہر قسم کی کھانسی کو مفید۔ زعفران۔ افیون ہر ایک ماشہ۔ مغز بادام۔ گل بنفشہ۔ دار فلفل خشخاش۔ تخم شیغال۔ رب السوس ہر ایک تین ۳ ماشہ سب کو پیسکر ادرک کے پانی میں گولیاں بقدر مونگ بناکر ایک گولی منہ میں رکھیں +

۳۲۳۔ نسخہ دوم۔ گل بنفشہ۔ پوست بہیرہ ہموزن لیکر پیسکر آب ادرک میں گولیاں بقدر مونگ بناکر ایک گولی منہ میں رکھیں +

۳۲۴۔ نسخہ سوم۔ جو سینے پر کف جم جائے اسکو نکالے۔ برگ اڑوسہ ایک تولہ لیکر آدھ سیر پانی میں پکائیں۔ جب پاؤ پانی رہ جائے چھانکر مصری ملاکر پئیں۔ صبح شام کو بھی پئیں عجیب ہے +

۳۲۵۔ نسخہ چہارم کف کو نکالے۔ کلنجن اور ادرک اور شہد کی معجون بناکر دن میں کئی دفعہ چاٹیں +

۳۲۶۔ نسخہ پنجم کف کو رفع کرے۔ پوست ستیانا سی نیا ایک تولہ۔ فلفل دراز آدھ تولہ پیسکر اور گولیاں بناکر رکھ لیں کسی کسی وقت منہ میں رکھیں۔ بلغم سب رفع ہوگی +

۳۲۷۔ نسخہ ششم بلغمی کھانسی کیلئے پوست جڑ مدار کو جلاکر شکر ملاکر دو رتی پانی سے کھائیں +

۳۲۸۔ نسخہ ہفتم بلغمی کھانسی اور ہضم کیلئے گل مدار کے لونگ۔ مرچ سیاہ ہر ایک تولہ تولہ۔ نمک سنگ چھ ماشہ خوب کھرل کرکے گولیاں بقدر نخود بناکر صبح و شام پانی سے ایک ایک گولی کھائیں +

۳۲۹۔ نسخہ ہشتم کھانسی بلغمی و بخار و قے کو رفع کرے۔ گلو سبز ایک تولہ۔ پوست جڑ بانسہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہر ایک چھ ماشہ عناب سات دانہ ان کو پانی میں جوشاندہ کر چھانکر مصری دو تولہ ڈالکر پئیں +

۳۳۰۔ نسخہ نہم۔ ہر قسم کی کھانسی کو رفع کرے۔ سونٹھ۔ ناگرموتھہ۔ ہلیلہ زرد ہموزن باریک کرکے قند سیاہ چھ ماشہ ملاکر گولیاں بقدر نخود بناکر رکھیں اور دن میں کئی دفعہ منہ میں رکھکر چوسیں +

۳۳۱۔ نسخہ دہم۔ ملٹھی مقشر نو ماشہ۔ رب السوس چھ ماشہ۔ شکر تیغال۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ ہر ایک چھ ماشہ افیون دو ماشہ۔ پانی میں حل کرکے گولیاں بقدر نخود بنائیں اور رات کو دو گولی منہ میں رکھیں +

۳۳۲۔ نسخہ یازدہم۔ مدار کی لکڑی موٹی لیکر اس میں طولاً سوراخ کرکے نمک لاہوری بھردیں۔ پھر اس پر کپڑ مٹی لگاکر جلادیں اور اس نمک کو لیلیں۔ خوراک شفی میں چار رتی وہ نمک کھائیں +

۳۳۳۔ نسخہ دوازدہم۔ ہر قسم کی کھانسی کو رفع کرے۔ برگ اڑوسہ بینتی برگ بانسہ نو ماشہ۔ ملٹھی مقشر تین ماشہ ان کو آدھ سیر پانی میں پکاکر چھانکر مصری دو تولہ ڈالکر پئیں۔ اگر ملٹھی نہ ملے تو نہ ڈالیں +

۳۳۴۔ نسخہ سیزدہم کھانسی بلغمی کو رفع کرے۔ مرکی کیتھہ سفید ہر ایک دو تولہ قدرے پانی میں پیسکر برگ مدار پر لیپ کرکے اس کو لپیٹ کر ان پر گلمت کرکے آگ میں جلائیں۔ پھر وہ راکھ ایک ماشہ پانی سے کھائیں +

۳۳۵۔ نسخہ چاردہم۔ ہر قسم کی کھانسی کو رفع کرے۔ گل مدار بستہ دو تولہ۔ مرچ سیاہ۔ نمک لاہوری ہر ایک تولہ پیسکر گولیاں بقدر نخود بناکر رکھیں پھر صبح و شام دو دو گولی پانی سے نگل لیا کریں +

۳۳۶۔ نسخہ پنجدہم۔ ہینگ یا تسہ دو سیر لیکر پانی پانچ سیر میں پکائیں جب پانی نصف رہجائے تو مل چھانکر پھر اس پانی کو خوب پکائیں کہ گاڑھا مانند شہد ہو جائے۔ پھر اسمیں رب السوس ایک تولہ۔ فلفل دراز چھ ماشہ باریک ملاکر نخود برابر گولیاں بناکر منہ میں رکھیں +

۳۳۷۔ نسخہ شانزدہم ہر قسم کی کھانسی اور جریان منی کو بھی دفع کرے۔ پارہ۔ گندھک آملسار ہر ایک تولہ لیکر خوب کھرل کریں پھر لونگ۔ کتھہ گلابی ہر ایک تولہ ملاکر عرق غنگرہ سفید میں کھرل تین روز کرکے گولیاں بقدر مرچ سیاہ بناکر ایک گولی صبح پانی کیساتھ دیں +

۳۳۸۔ نسخہ ہفدہم ہر قسم کی کھانسی کو رفع کرے۔ رب السوس۔ باقلا۔ خشخاش۔ نشاستہ۔ شکر تیغال۔ گوند کیکر۔ کتیرا۔ ہر ایک ہموزن پیسکر لعاب بہیدانہ میں گولیاں بقدر نخود بناکر منہ میں صبح دوپہر شام رکھیں +

۳۳۹۔ نسخہ ہشدہم۔ ہر قسم کی کھانسی کو رفع کرے۔ رب السوس۔ مغز بادام۔ کندر ہر ایک تولہ۔ گوند کیکر چھ ماشہ۔ افیون دو ماشہ سب کو پیسکر گولیاں بقدر نخود بناکر رکھیں۔ صبح اور رات کو ایک ایک گولی آب گرم سے نگل لیا کریں +

۳۴۰۔ نسخہ نہدہم کھانسی خشک کو رفع کرے۔ طباشیر ایک تولہ۔ الائچی خرد۔ فلفل دراز ہر ایک چھ ماشہ۔ دارچینی سوا ماشہ۔ مصری سب سے دوگنی ان کو گھی یا بادام روغن سے چرب کرکے شہد قدرے ملاکر رکھیں دن میں ذرا ذرا کئی دفعہ چاٹیں +

۳۴۱۔ نسخہ بستم۔ کھانسی خشک کو رفع کرے۔ طباشیر عمدہ دو ماشہ صبح اور دو ماشہ شام شہد میں ملاکر چاٹیں +

۳۴۲۔ نسخہ بست و یک۔ کھانسی خشک کو رفع کرے۔ مغز بادام۔ مویز منقی۔ ملٹھی مقشر ہر ایک تولہ۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز ہر ایک تین ۳ ماشہ پیسکر گولیاں بقدر نخود کلاں بناکر منہ میں صبح دوپہر شام رکھیں +

۳۴۳۔ نسخہ بست و دو کھانسی خشک کو رفع کرے۔ مغز بادام۔ خشخاش۔ گوند کیکر۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ رب السوس۔ سب ہموزن پیسکر لعاب بہیدانہ سے گولیاں بقدر نخود کلاں بناکر منہ میں صبح دوپہر اور شام رکھیں +

۳۴۴۔ نسخہ بست و سہ۔ کھانسی خشک و تر دونوں کیلئے۔ مغز بادام۔ کاکڑا سنگی۔ رب السوس۔ ہلیلہ زرد۔ خشخاش۔ ہموزن پیسکر قدرے قند سیاہ ملاکر گولیاں بقدر بیر بناکر منہ میں رکھیں +

باب ۹ نواں متعلقہ امراض دل خفقان

۳۴۵۔ نسخہ ضعف دل اور بواسیر جریانِ منی کو بھی مفید۔ مغز بادام ایک پاؤ کو کوٹ کر اسمیں عقیق سرخ پانچ تولہ کھرل کر گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیدیں کشتہ ہوگا۔ خوراک چار رتی سے ایک ماشہ مکھن سے کھائیں +

۳۴۶۔ نسخہ دوم۔ مقوی دل و دماغ بواسیر جریاں کو مفید۔ مونگہ پانچ تولہ کو جو کوب کرکے دودھ مدار میں آٹھ روز بھگودیں پھر شیر مدار میں سحق کر کے مونگے ڈالکر گل حکمت کر کے بیس سیر کی آگ دیدیں خوراک چار رتی سے ماشہ مکھن سے کھائیں +

۳۴۷۔ نسخہ سوم۔ مقوی دل معجون۔ گل گلاب اصلی گاؤزبان ہر ایک سات ماشہ تخم خرفہ ایک ماشہ بہمن سفید و سرخ۔ ستاور تعلب مصری خولنجاں۔ تخم خربوزہ ہر ایک تولہ شہد سیر ڈال چھ چھٹانک کا قوام کر کے ملائیں خوراک چھ ماشہ سے تولہ تک

۳۴۸۔ نسخہ چہارم مقوی دل۔ کول ڈوڈہ جس سے سبز تیرہ نکالا ہو، کیماشہ۔ الائچی کلاں۔ برادہ صندل ہر ایکماشہ لیکر گھوٹکر چھان کر مصری دو تولہ ڈال کر ایک ہفتہ تک بفضل خدا فائدہ ہوگا۔ عجیب ہے +

۳۴۹۔ نسخہ ہول دل کو رفع کرے سنگ یشب پانچ تولہ کو سو بار گرم کر کے عرق گلاب میں بجھاویں پھر برگ گاؤزبان دس تولہ کا نغدہ کر کے اسمیں بند کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیدیں۔ پھر پوست بیرون پستہ۔ دریائی ناریل۔ زہر مہرہ خطائی۔ الائچی خورد ہر ایک تولہ۔ ورق نقرہ چھ ماشہ ڈالکر عرق کیوڑہ ڈالکر ایک روز کھرل کریں اور پھر بقدر بیر گولیاں بنا کر رکھ لیں علی الصباح ایک گولی پانی سے یا عرق گاؤزبان سے کھائیں +

۳۵۰۔ نسخہ دل دھڑکن اور کمزوری دماغ کو رفع کرے کشتہ مرجان کشتہ قلعی سنگ یشب سلاجیت اصلی ہر ایک چھ ماشہ مغز تخم املی مغز تخم کونچ ہر ایک ڈیڑھ تولہ سب کو پیسکر گولیاں بقدر بیر بنا کر صبح و شام دودھ سے گولی کھائیں +

۳۵۱۔ نسخہ دوم عقیق سرخ لیکر ایک مٹی کی کلیا میں دودھ بچھیرہ ڈالکر بند کرے دس اپلے سیر اوپلوں کی آگ دیدیں خوراک چار رتی مکھن میں

۳۵۲۔ نسخہ سوم دل دھڑکن جو گرمی سے ہو۔ زہر مہرہ پانچ تولہ کو دودھ بکری میں چار پہر کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیدیں۔ پھر یہ کشتہ اور طباشیر تولہ تولہ الائچی خورد چھ ماشہ عرق کیوڑہ ڈالکر ایک دن کھرل کر کے خشک ہونے پر شیشی میں رکھیں۔ خوراک صبح ایک ماشہ عرق گاؤزبان یا خیساندہ گاؤزبان سے کھلائیں +

۳۵۳۔ نسخہ ضعف دل و تبخیر۔ آملہ مربیٰ ایک عدد دھو کر ورق نقرہ ایک عدد لپیٹ کر کھائیں اوپر سے عرق گاؤزبان عرق بید مشک ہر ایک چھ تولہ شربت صندل دو تولہ ملا کر بوقت صبح پئیں +

اضافہ کبھی کبھی شیرہ کشنیز اور شیرہ صندل تین تین ماشہ ملا کر بھی پلوئیں عجیب ہے +

۳۵۴۔ نسخہ اختلاج قلب کو رفع کرے یشب سبز کو عرق گلاب میں سات بار بجھا کر کے اکیتا لیکر اس میں پوست بیرون پستہ ناریل دریائی الائچی کلاں زہر مہرہ خطائی ہر ایک تولہ ورق طلا۔ ورق نقرہ ہر ایک چھ ماشہ ملا کر اسکو عرق بید مشک و عرق کیوڑہ دو دو تولہ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنا کر ایک گولی علی الصباح عرق گاؤزبان پانچ تولہ سے +

۳۵۵۔ نسخہ دافع خفقان ہر قسم۔ مدبر جو ثیر چھ ماشہ پانی میں جوشدہ کر چھانکر شربت صندل تین تولہ یا مصری ڈالکر پئیں

۳۵۶۔ نسخہ دوم۔ آب تربوز دس تولہ عرق گلاب تین تولہ عرق کیوڑہ دو تولہ ملا کر پئیں دل کو تقویت ہو خفقان رفع ہو +

۳۵۷۔ نسخہ سوم۔ گل گڑہل سات عدد لیکر رات کو بھگودیں صبح ملکر چھانکر مصری دو تولہ ڈال کر پئیں +

۳۵۸۔ نسخہ چہارم تخم ریحاں ایک تولہ رات کو عرق گلاب میں بھگو کر صبح مصری دو تولہ ڈال کر پئیں +

۳۵۹۔ نسخہ پنجم۔ مرغ کا جگر گرم گرم بھوبل میں دبا کر گلا لیں پھر چھیلیں اور اندر کی ہڈی جدا کر کے رات کو شبنم میں رکھیں اور علی الصباح قدرے عرق گلاب اور مصری ملا کر کھائیں ہر قسم کے خفقان کو رفع کرے +

نوٹ۔ امام سویدی نے ذخیرہ حمیدہ میں جالینوس سے نقل کیا ہے۔ کہ ہر ایک حلال جانور کا دل پکا کر کھانا تقویت دل کیلئے نہائت بے نظیر چیز ہے +

۳۶۰۔ نسخہ اگر سرد اسباب سے خفقان ہوا ہو۔ تو جند بید ستر چار رتی کھلانا مفید ہے +

۳۶۱۔ نسخہ دوم۔ زردی بیضہ مرغ نیمبرشت بھی کھانے سرد خفقان کیلئے مفید ہے +

۳۶۲۔ نسخہ دافع غشی جو معدہ میں صفرا کی وجہ سے لاحق ہو۔ پودینہ نہری دو ماشہ کو سرکہ میں ملا کر سونگھیں +

۳۶۳۔ نسخہ دوم۔ پوست نارنج کو پیسکر سونگھنا بھی غشی کو رفع کرے اور گلاب کا قدرے پینا بھی مفید ہے +

۳۶۴۔ نسخہ سوم۔ چونہ آب نارسیدہ اور نوشادر ہموزن شیشی میں ملا کر سونگھنا مفید ہے +

نوٹ۔ غشی ہونے پر بازو اور پنڈلیوں کو باندھیں اور عاقر قرحا یا مرچ سیاہ کی نسوار دیں۔ اور منہ پر کیوڑہ یا عرق گلاب کے چھینٹے دیں اور ہوسکے تو کستوری یا عنبر دو چاول کھلائیں یا دوا المسک کھلائیں +

باب ۱۰ دسواں متعلقہ امراض پستان

۳۶۵۔ نسخہ ورم پستان کو رفع کرے۔ برگ نیم پانی میں اوبالکر وہ نیم گرم صبح و شام باندھیں ورم رفع ہو +

۳۶۶۔ نسخہ دوم۔ بایام نفاس میں ورم کو رفع کرے شیر بستہ کو زوال کرے۔ سفیدی بیضہ مرغ پستانوں پر لگائیں +

۳۶۷۔ نسخہ سوم جو انجماد دودھ کے باعث ورم ہو۔ پودینہ لیکر روغن زیتون سے ملاکر لیپ کریں بہت مفید ہے +

۳۶۸۔ نسخہ چہارم سبوس گندم کو سرکہ میں ملاکر پستانوں پر لیپ کریں ورم فوراً رفع ہو +

۳۶۹۔ نسخہ پنجم اگر پستان میں دودھ کم ہو اسکا سبب یکھیں اگر جوان جسم میں کم ہو تو غذا میں دودھ زردی بیضہ مرغ نودمری کے پستانوں کا گوشت جسکو کھیری کہتے ہیں پکا کر کھائیں یا ستاور ساڑھے نو ماشہ باریک کرکے شکر سفید برابر کی ملاکر شیرہ سونف ساڑھے چھ ماشہ کا نکالکر یا دودھ گاؤ سے پھانک لیا کریں عجیب ہے۔ یا تودری سرخ پانچ ماشہ پانی سے کھائے۔ یا زیرہ سفید سات ماشہ برابر کی کھانڈ ملاکر دودھ سے پھانک لیا کریں اس سے دودھ بڑھ +

۳۷۰۔ نسخہ دودھ کی زیادتی کو روکے اور درد کو دفع کرے۔ شوکران باریک کرکے پانی سے لیپ کریں +

۳۷۱۔ نسخہ دوم تخم السی کو باریک کرکے پانی سے پستانوں پر لیپ کرنا زیادتی دودھ کو روکتا ہے +

۳۷۲۔ نسخہ سوم۔ [illegible] ماشہ کو پیسکر پانی سے کھائیں اس سے دودھ خشک ہوتا ہے +

۳۷۳۔ نسخہ پستانوں کے بڑھنے کو روکے۔ برگ شوکران کو پانی میں پیسکر پستانوں پر لیپ کریں +

۳۷۴۔ نسخہ دوم شب بوئی جیسی جھنگری کو پیسکر روغن زیتون میں سکہ کے برتن میں پیسکر طلا صبح و شام کریں +

۳۷۵۔ نسخہ سوم روغن مصطگی کا لگانا بہت مفید ہے یا مازو کا جوشاندہ بناکر برف سے سرد کرکے کپڑا بھگو کر پستانوں پر رکھیں +

۳۷۶۔ نسخہ چہارم پوست انار پلیلہ زرد بیلاول مرچ سیاہ۔ ہلدی ہر ایک چھ ماشہ تیل سرسوں پانچ تولہ اول دواؤں کو جو کوب کرکے پانی سیر میں بھگائیں جب پانی آدھ پاؤ رہ جائے تو تیل میں وہ پانی ملاکر جلائیں پستانوں پر تیل لگائیں اگر ان پر پھوڑا نکلیں +

۳۷۷۔ نسخہ زخم پستان کو رفع کرے۔ پہلے برگ نیم کو اوبال کر اس سے نیم گرم دھولیں اور پھر سہاگہ چار ماشہ کتھا پاپڑی سوا تولہ عرق گلاب نو تولہ میں پیسکر اس میں کپڑا تر کرکے زخم پر رکھیں کئی دفعہ دن میں عمل کریں +

باب ۱۱ گیارھواں متعلقہ امراض معدہ

مقوی معدہ قبض کشا۔ درد معدہ و پیٹ۔ ہیضہ۔ قے۔ ہچکی۔ جلاب کے نسخے درد کوڑی۔ بوکہ ہیں دھانکے نسخے

۳۷۸۔ نسخہ مقوی معدہ و قبض کشا۔ پست ہلیلہ زرد۔ آملہ۔ فلفل دراز۔ سیندھا نمک۔ [illegible] ہموزن پیسکر کھانیکے بعد چار ماشہ کھائیں +

۳۷۹۔ نسخہ دوم۔ رام تیری۔ پارہ ہموزن خوب کھرل کرکے رکھ لیں خوراک دو چاول مکھن سے کھائیں +

۳۸۰۔ نسخہ سوم۔ بادیاں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پودینہ۔ نمک لاہوری۔ الائچی کلاں۔ سونٹھ۔ فلفل دراز۔ مرچ سیاہ۔ اجوائن ہموزن سب لیکر پیسکر عرق لیموں ڈالکر گولیاں بقدر بیر بناکر رکھیں بعد کھانا کھانے کے ایک گولی پانی سے نگل لیا کریں +

۳۸۱۔ نسخہ چہارم سم الفار سفید ایک ماشہ۔ طباشیر۔ الائچی خرد۔ ورق نقرہ ہر ایک دو ماشہ۔ پانی ادرک ایک بوتل میں کھرل کرکے گولیاں بقدر مونگ بناکر رکھ لیں صبح و شام ناشتہ کرکے ایک گولی قدرے دودھ سے نگل لیا کریں +

۳۸۲۔ نسخہ پنجم گندھک آملہ سار مدبر۔ نوشادر دیسی ہموزن سہاگہ کے پانی میں تین چار روز کھرل کرکے پھر قدرے سرکہ ڈالکر دو تین روز کھرل کرکے پھر ست اجوائن۔ ست پودینہ ماشہ ماشہ ملاکر رکھ لیں۔ خوراک ایک رتی پانی سے بعد کھانا کھانے کے +

۳۸۳۔ نسخہ ششم مقوی معدہ کے علاوہ دافع کھانسی و دمہ بھی ہے۔ پوست بہیلہ۔ گمل۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ ہر ایک تولہ اور شہد [illegible] دو تولہ میں ملاکر رکھ لیں۔ صبح دوپہر شام چاٹ لیا کریں +

۳۸۴۔ نسخہ ہفتم بلیلہ زرد کو دہی میں ڈالکر ایک ہفتہ رکھیں۔ پھر نکالکر اس کے ساتھ لونگ۔ پھول [illegible] مرچ سیاہ چھ ماشہ۔ نمک سندھا تین ماشہ کو عرق ادرک میں خوب کھرل کرکے گولیاں بقدر بیر بناکر ایک گولی کھاؤ +

۳۸۵۔ نسخہ قبض کشا مجرب۔ ایلوا۔ سونٹھ۔ مرکی۔ مصطگی رومی۔ بیج جلاپہ سب ہموزن لیکر پیسکر گولیاں بقدر نخود بناکر رکھ لیں۔ رات کو ایک یا دو گولی سونے کے وقت دودھ سے نگل لیا کریں +

۳۸۶۔ نسخہ دوم سقمونیا عمدہ۔ تربد سفید مقشر ہر ایک تولہ صبر سونٹھ عصارہ ریوند ہر ایک دو تولہ سب کو قدرے گلقند ڈالکر پیسکر گولیاں بقدر نخود بناکر رکھ لیں۔ دو سے چار تک جوان کو نیم گرم دودھ سے بچے کو ایک کھلائیں +

۳۸۷۔ نسخہ سوم دائمی قبض رفع ہو عصارہ ریوند۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ کتھ سفید ہر ایک ہموزن لیکر پیسکر گولیاں بقدر بیر بناکر رکھ لیں۔ بوقت شب ایک گولی قدرے دودھ سے نگل لیا کریں۔ معدہ درست ہوگا +

۳۸۸۔ نسخہ چہارم۔ زعفران۔ کافور۔ جائفل۔ گوند۔ مدبر سب ہموزن پیسکر گولیاں بقدر دانہ مونگ بنا کر ایک گولی رات کو پانی سے کھائیں +

۳۸۹۔ نسخہ پنجم دست بھی لائے۔ پوست ہلیلہ کلاں۔ پوست ہلیلہ خرد۔ برگ سنا۔ انجیر ٹھینی۔ نمک لاہوری ہموزن باریک کرکے چھ ماشہ نیم گرم پانی سے کھائیں قبض رفع ہو۔ دست لینے ہوں تو ایک تولہ گرم پانی سے لو۔ دست بند کرنے ہوں تو سرد پانی پئیں +

۳۹۰۔ نسخہ ششم دافع قبض۔ دوران سر۔ درد کمر۔ امراض معدہ۔ بدہضمی۔ زکام۔ دافع امراض جگر وغیرہ کیلئے اکسیر ہے۔ صبر زرد عمدہ پچیس ۲۵ رتی۔ سونٹھ اٹھائیس ۲۸ رتی۔ [illegible] نو ۹ رتی سب کو پیسکر ملا کر اس کی ایک سو گولی بنا کر شیشی میں رکھ لیں۔ خوراک رات کو تین گولی سے نو ۹ گولی تک پانی سے کھائیں عجیب چیز ہے +

۳۹۱۔ نسخہ ہفتم برگ سنا۔ پوست ہلیلہ زرد۔ نمک سیاہ۔ گل سرخ۔ سونف ہر ایک ہموزن لیکر باریک کرکے رکھیں۔ خوراک ایک کف دست رات کو نیم گرم پانی سے کھایا کریں +

۳۹۲۔ نسخہ ہشتم قبض رفع ہو۔ ایلوا چار تولہ کو عرق گلاب و عرق سونف و عرق کاسنی میں تین ۳ روز بھگو رکھیں پھر نکال کر مصطگی رومی تین ماشہ۔ تربد سفید چھ ماشہ۔ ملٹھی مقشر ایک تولہ کھرل کرکے بقدر دانہ نخود گولیاں بنا کر رکھ لیں رات کو دو گولی پانی سے کھائیں +

۳۹۳۔ نسخہ نہم قبض بواسیر معدہ اور امعائی خشکی کو مجرب برگ سنا۔ مغز بادام۔ کشمش ہر ایک تولہ پوست ہلیلہ زرد نو ماشہ ان کو پیسکر گولیاں بقدر بیر بنا کر رکھیں رات کو دو گولی دودھ سے کھائیں۔ عجیب دوا ہے +

۳۹۴۔ نسخہ دہم قبض دائمی کو رفع کرے مصطگی رومی ایک تولہ ایلوا عمدہ تین تولہ دونوں کو لیکر [illegible] میں کھرل کرکے گولیاں بقدر نخود بنا کر رکھ لیں۔ خوراک رات کو ایک گولی دودھ سے نگلیں +

۳۹۵۔ نسخہ یازدہم برگ سنا۔ انجیر ٹھینی پیسکر بادام روغن میں چرب کریں ہلیلہ سیاہ۔ سونٹھ۔ نمک سیاہ ہموزن پیسکر ملاکر گولیاں بنالیں پانی سے

۳۹۶۔ نسخہ دوازدہم قبض کشا۔ جلاپہ۔ سقمونیا۔ ایلوا۔ عصارہ ریوند۔ مصطگی رومی ہر ایک تولہ سونٹھ۔ مرچ ہر ایک چھ ماشہ۔ سب کو پیسکر گولیاں پانی ڈالکر بنا کر رکھ لیں۔ خوراک رات کو ایک یا دو گولی دودھ سے یا عرق سونف سے کھائیں +

۳۹۷۔ نسخہ سیزدہم۔ ریوند چینی۔ مرچ سیاہ۔ کتھ سفید۔ سونٹھ ہموزن پانی میں پیسکر گولیاں بقدر بیر بنا کر رکھ لیں۔ رات کو سونے کے وقت ایک یا دو گولی دودھ یا عرق سونف یا پانی سے نگلیں +

۳۹۸۔ نسخہ چہاردہم حب صاف دافع قبض۔ ایلوا پانچ گرین۔ سونٹھ ساڑھے پانچ گرین۔ صابون [illegible] گرین پیسکر دس گولیاں بنا دو اور ایک گولی پانی سے

۳۹۹۔ نسخہ بھوک بڑھائے امراض معدہ کیلئے مفید۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز ہر ایک تولہ۔ نمک سیندھا دو تولہ۔ گندھک آملہ سار مدبر تین تولہ سب کو پیسکر عرق لیموں میں کھرل کریں خشک ہونے پر تین ماشہ عرق سونف سے صبح کھایا کریں +

۴۰۰۔ نسخہ دوم پھٹکی خشک لیکر روغن کنجد میں چرب کرکے پیسکر بذریعہ تیل جنتر تیل نکالکر رکھیں صبح شام پان میں چار رتی کھائیں +

۴۰۱۔ نسخہ سوم بلغم اور ریاح کو دفع کرے۔ دارچینی۔ سونٹھ۔ الائچی خرد سب ہموزن لیکر پیسکر ادرک سے تین رتی کھانے سے پہلے کھائیں +

۴۰۲۔ نسخہ چہارم بلغم اور دافع امراض پیٹ۔ ایک سیر حنظل لیکر اس میں اجوائن بھر دیں پھر خشک کرکے پیسکر ایک ماشہ سے تین ماشہ کھائیں +

۴۰۳۔ نسخہ دافع ہر امراض شکم۔ گندھک مدبر۔ جوا کھار۔ چیتہ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ نمک سیندھا۔ نمک سیاہ ہموزن لیکر پیسکر عرق لیموں سے گولیاں بقدر بیر بنا کر رکھ لیں۔ خوراک چار ماشہ بعد کھانا کھانیکے پانی سے نگل لیا کریں +

۴۰۴۔ نسخہ دافع درد پیٹ و قبض کشا۔ پوست ہلیلہ زرد۔ برگ سنائی۔ پوست آملہ۔ نسوت مقشر ہر ایک دو تولہ۔ سونٹھ۔ بہیڑہ۔ نمک سیاہ ہر ایک تولہ سب کو پیسکر سات ماشہ آب گرم سے پھانکیں۔ درد پیٹ و قبض رفع ہو +

۴۰۵۔ نسخہ دافع درد معدہ نزلہ زکام۔ کھانسی۔ پھول بند علاء کے ہموزن اس کے مرچ سیاہ پیسکر نخود برابر گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ ایک گولی عرق گاؤزبان سے صبح کے وقت کھائیں عجیب ہے +

۴۰۶۔ نسخہ دافع درد بدہضمی وغیرہ کو مفید۔ پھول آک کے لونگ۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ سہاگہ بریاں۔ نمک سیاہ۔ اجوائن۔ [illegible]۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ سب ہموزن لیکر ادرک کے پانی میں نخود برابر گولیاں بنا کر ایک گولی بعد کھانا کھائیں +

۴۰۷۔ نسخہ دافع درد پیٹ ہر قسم۔ ہینگ۔ پوست بیخ چیتہ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ اجوائن دیسی۔ اجوائن خراسانی۔ سونٹھ ہر ایک چھ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد نو ماشہ پیسکر بادام روغن میں چرب کرکے تین ماشہ صبح تین ماشہ شام گرم پانی سے +

۴۰۸۔ نسخہ دافع پیٹ وغیرہ۔ مرچ سیاہ۔ سونٹھ۔ مگھاں۔ الائچی کلاں۔ چیتہ۔ اجوائن ہر ایک تولہ۔ سہاگہ چھ ماشہ۔ نمک لاہوری۔ پوست ہلیلہ سیاہ ہر ایک دو تولہ۔ گندھک مدبر تین تولہ سب کو باریک کرکے تین ماشہ پانی سے کھائیں +

۴۰۹۔ نسخہ دافع درد معدہ جو بادی سے ہو۔ بار نمک کو تمباکو کی جگہ چلم میں رکھکر پئیں درد فوراً رفع ہو +

۴۱۰۔ نسخہ گولیاں اکسیری دافع درد پیٹ۔ سہاگہ بریاں نو ماشہ۔ اجوائن دو تولہ۔ مرچ سیاہ آٹھ تولہ۔ ایلوا پندرہ تولہ سبکو گودہ گوار گندل میں خوب چند روز کھرل کرکے بقدر نخود گولیاں بنا کر ایک پانی سے کھائیں +

۴۱۱۔ نسخہ اسراری دافع درد معدہ۔ ۱ ماشہ سونٹھ بکری کے پتہ میں بھگو کر گولیاں بقدر مونگ بنا کر صبح پانی سے ہر روز کھائیں +

باب ۱۲ بارھواں متعلقہ امراض جگر وغیرہ

۴۳۵ نسخہ دافع امراض جگر۔ پوست درخت سرس جلا کر اس کا نمک بنا کر ایک رتی ہر روز پانی سے کھلائیں +

۴۳۶ نسخہ دوم۔ پوست درخت سرس کا حصہ اندرون چھ ماشہ تین پاؤ پانی میں پکائیں جب پاؤ رہے چھان کر پئیں +

۴۳۷ نسخہ سوم۔ ریوند خطائی۔ نوشادر۔ شورہ قلمی ہر ایک چھ ماشہ پیس کر رکھ لیں ہر روز دو رتی بتاشہ میں ڈال کر کھایا کریں +

۴۳۸ نسخہ چہارم۔ امراض جگر کے علاوہ ہاضم و زکام نزلہ مقوی باہ بھی ہے۔ مغز چلغوزہ۔ نارجیل۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ خشخاش ہر پانچ تولہ۔ مصطگی پندرہ ۱۵ تولہ۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ بہت آملہ۔ پوست ہلیلہ۔ تیسطرج ہندی۔ زرنباد۔ مگرد۔ جوز بوا۔ بسباسہ۔ زعفران۔ کستوری۔ بابونہ ہر ایک تین ماشہ۔ چار رتی۔ دار چینی سات ماشہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ آٹھ ماشہ۔ شہد سوا سیر میں معجون بنا کر نو ماشہ سے تولہ تک صبح کھائیں +

۴۳۹ نسخہ ضعف جگر وغیرہ کیلئے مفید۔ آب ادرک۔ آب لیموں۔ آب گھیکوار۔ آب پیاز۔ شہد اصلی ہموزن ملا کر ایک بوتل میں رکھ لیں۔ خوراک بوقت صبح نو ماشہ قدرے پانی ملا کر پئیں +

۴۴۰ نسخہ مقوی جگر دافع طحال امراض پیٹ۔ اجوائن دیسی۔ سونف۔ نوشادر۔ قلمی شورہ۔ سہاگہ ہر ایک سیر اور شیرہ کوار گندل ایک سیر ملا کر عرق کشید کریں پھر دہ عرق ڈال کر دوسری دفعہ [illegible] کشید کریں۔ خوراک ایک تولہ عرق پیا کریں +

۴۴۱ نسخہ ضعف جگر گائے کے ٹخنے کی ہڈی کو جلا کر اور پیس کر بقدر چار رتی سکنجبین تین تولہ سے کھایا کریں +

۴۴۲ نسخہ دافع ضعف جگر و بواسیر برادہ فولاد یا خبث الحدید قدرے لیکر کو کر جھتدی کے پانی میں چند روز کھرل کر کے آگ دیں دوسی طرح سے گیارہ آگ دیں و کشتہ سرخ رنگ کا ہوگا۔ خوراک دو رتی سے ایک رتی تک ساتھ دالیکو دودھ اونٹنی سے +

۴۴۳ نسخہ دافع ضعف جگر و یرقان بخش دو دمعدہ۔ نوشادر۔ گرد مرچ سیاہ ہموزن باریک کر کے ایک رتی مکھن سے صبح شام +

۴۴۴ نسخہ درستی جگر افسنتین چھ ماشہ۔ نوشادر ایک ماشہ دونوں پانی میں گھوٹ کر اس پانی کو آگ پر رکھ کر بھپارہ دو مقطر پانی پئیں۔ اسی طرح چند روز بنا کر پیا جاوے۔ تو جگر کے کل امراض کو مفید ہے +

۴۴۵ نسخہ مقوی جگر و دافع وباء۔ پوست ترپھلہ پندراں تولہ۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ پیپلا مول ہر ایک چھ ماشہ۔ تخم گندنا۔ تخم شبت ہر ایک دو ماشہ۔ خبث الحدید دس تولہ کو پہلے سرکہ میں پندراں ۱۵ روز تر کر کے خشک کریں اور پہلے دواؤں کو باریک پیس کر لوام روغن سے چرب کر کے شہد اصلی حسب ضرورت ملا کر برتن میں ڈال کر چھ ماہ بند کے بعد تین ماشہ استعمال کریں +

۴۴۶ نسخہ دافع ضعف جگر طباشیر والا۔ پوست ہلیلہ زرد کلاں دس تولہ۔ نوشادر دیسی دو تولہ دونوں کو باریک کر کر لیں چون پانچ تولہ کو کوزہ کے اندر تہہ بہ تہہ سفوف مذکور دیگر اور گرم پانی دواؤں کے ڈال دیں اور منہ بند کر کے رکھ دیں کہ خشک ہو پھر سب کو پیس کر اس کے برابر طباشیر ملا کر صبح ایک ماشہ مکھن سے کھائیں اور اوپر سے دہی بلو کر پئیں +

۴۴۷ نسخہ کشتہ ابرک۔ گرمی جگر بخار ہضم اور قوت بھی کرے۔ ابرک سفید تولہ باریک کر کے شورہ قلمی تین ماشہ دو دمدار ایک تولہ میں لت پت کر کے پانچ سیر کی آگ دیدیں۔ خوراک ایک رتی قدرے کھانڈ ملا کر کھائیں +

۴۴۸ نسخہ ضعف جگر مقوی باہ مکھاں پانچ تولہ دودھ گاؤ ڈھائی سیر میں پکا کر کھوا بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے مجوزی اجول مغز بادام۔ پستہ ہر ایک پانچ پانچ تولہ مصری کوزہ پندراں ۱۵ تولہ۔ زعفران اصلی ڈیڑھ ماشہ۔ تیج پت ڈھائی تولہ ملائیں صبح شام تین تین ماشہ دو دیسے

۴۴۹ نسخہ مقوی جگر دافع یرقان۔ پوست ترپھلہ ہر ایک ساڑھے سات تولہ۔ برادہ فولاد ڈھائی تولہ۔ تخم بادیان۔ تخم شبت ہر ایک چھ ماشہ سب کو باریک کر کے مٹی کی ہانڈی میں ڈالیں اور اوپر دودھ گاؤ ڈال کر دہی کا جامن لگا کر پھر ایک کڑاہی میں صبح ڈال کر خوب ڈنڈے سے گھوٹ کر گولیاں بقدر نخود بنا کر رکھ لیں ایک گولی صبح پانی سے کھائیں +

۴۵۰ نسخہ دافع یرقان پھٹکری سفید بریاں۔ گل آرمنی ہر ایک دو تولہ۔ مصری پانچ تولہ سفوف بنا کر تین ماشہ شربت سے کھائیں +

۴۵۱ نسخہ دوم برگ [illegible] ترپھلہ۔ چرائیتہ۔ کٹکی۔ دار ہلدی۔ گلو خشک تین تین ماشہ لیکر جوشاندہ بنا کر شہد تھوڑے ڈال کر پئیں +

۴۵۲ نسخہ سوم بسکھپرہ بوٹی کی جڑ کو دھاگہ میں پرو کر گلے میں ڈالیں بفضل خدا یرقان رفع ہو +

۴۵۳ نسخہ چہارم۔ برگ کیکر ایک تولہ لیکر پانی میں گھوٹ کر چھان کر مصری دو تولہ ڈال کر صبح کے وقت پئیں +

۴۵۴ نسخہ پنجم۔ مدار کی کونپل پھٹکری سرخ ہموزن پیس کر گولی بقدر بیر بنا کر پانی سے صبح و شام نگل لیا کریں +

۴۵۵ نسخہ ششم۔ گلو سبز تین ۳ تولہ جو کوب کر کے ایک پاؤ پانی میں پکائیں جب نصف پانی رہ جائے شہد چھ ماشہ ڈال کر پئیں +

۴۵۶ نسخہ ہفتم برادہ لوہا پانچ تولہ بھل جامن میں ایک ہفتہ بھگو کر خشک کریں پھر لوہے کے برتن میں کٹ سکل بوٹی کا پانی ڈال کر کھرل آٹھ پہر کر کے کلیا میں بند کر کے دو مرتبہ گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں پھر گھیکوار میں کھرل کر کے دس سیر کی آگ دیں یہ کشتہ سرخ رنگ کا ہوگا خوراک ایک رتی منقی میں رکھ کر اوپر سے برگ حنا کا پانی پئیں امراض طحال کو مفید +

۴۵۷ نسخہ ہشتم۔ آب برگ مولی بقدر سات تولہ شکر سفید دو تولہ ملا کر صبح پینے سے چند روز میں یرقان رفع ہو +

۴۵۸ نسخہ نہم۔ افسنتین ساڑھے چھ ماشہ نوشادر ایک ماشہ کا جوشاندہ یا خیسانده بنا کر پلا دیں دس روز پئیں +

۴۵۹۔ نسخہ دافع استسقاء سکھیرہ ایک سیر۔ رائی۔ سونٹھ ہر ایک تولہ۔ سرکہ میں پیسکر پیٹ پر لگاؤ عجیب ہے۔

۴۶۰۔ نسخہ دوم۔ برگ مدار سبز ڈھائی تولہ۔ ہلدی تین ماشہ پیسکر گولیاں بقدر ماش بنا کر ایک گولی سے سات گولی پانی سے کھائیں +

۴۶۱۔ نسخہ سوم۔ ایلوا ایک تولہ۔ سہاگہ۔ ہلدی تین ماشہ۔ چوک چھ ماشہ ان کو نودہ کو ارگندل میں پیسکر گولیاں بقدر ماش بنا کر دو گولی سے سات گولی پانی سے کھائیں +

۴۶۲۔ نسخہ چہارم۔ اشنان ساڑھے دس ماشہ گھوٹ کر پینا استسقا کے پانی کو ادرار سے اور اسہال سے نکالے +

۴۶۳۔ نسخہ پنجم۔ زوفا خشک۔ انجیر زرد پانی میں پیسکر پیٹ پر لیپ کریں بہت نفع ہوگا +

۴۶۴۔ نسخہ ششم۔ چرائتہ پانچ ماشہ کو انجیر زرد چار عدد اور تخم کرفس چار ماشہ کے ساتھ گھوٹ کر پینا مفید ہے +

۴۶۵۔ نسخہ ہفتم۔ اونٹنی کا دودھ سات تولہ سے پینا شروع کر کے آدھ سیر تک حسب برداشت پئیں مفید ہے +

۴۶۶۔ نسخہ ہشتم۔ آب کریلہ تازہ بقدر پانچ تولہ شہد خالص کے ساتھ پینے سے دست آئیں اور پیٹ درست ہو +

۴۶۷۔ نسخہ نہم۔ نسوت یعنی تربد سفید نو ماشہ باریک کر کے تھوہر کے دودھ میں تین گولیاں بنائیں اور ایک گولی کھا کر اوپر سے بے نمک چاول گھی خوب ڈالکر کھائیں اسی طرح تین روز استعمال کریں ورم پیٹ درست ہو +

۴۶۸۔ دہم۔ برگ درخت کسونڈی ڈیڑھ تولہ اور مرچ سیاہ اکیس عدد۔ عرق بادیاں میں شیرہ نکالکر چھان کر پئیں ایک ہفتہ کے استعمال سے یہ مرض دفع ہو پیٹ اصلی حالت پر آجائیگا +

۴۶۹۔ نسخہ یازدہم۔ تخم بارتنگ ساڑھے چھ ماشہ کو روغن بادام میں بھون کر کھائیں اور گائے کے گوبر کا لیپ کریں +

۴۷۰۔ استسقا یعنی جلودھر کے مریضوں کی غذائیں۔ گندم کے ان چھانے آٹے کی روٹی اور باجرہ۔ چینہ۔ جوار۔ اور نخود کا پانی۔ چھوٹے چھوٹے جانوروں کا گوشت اور روغن زیتون۔ اونٹنی کا دودھ۔ سبزیوں میں کاسنی۔ مکو۔ کوکر بھنڈی۔ میووں میں انار۔ شفتالو۔ خرما۔ زردآلو۔ خربوزہ۔ کھیرہ۔ انجیر خشک وغیرہ +

۴۷۱۔ مریض جگر کو ضرر دینے والی چیزیں۔ جگر کے کسی مرض میں کسی محنت کے کام کے بعد ٹھنڈا پانی سے درست نہیں کیونکہ بعض دفعہ سخت سردی پیدا ہو کر اسی وقت درد شروع ہو جاتا ہے اور بالآخر استسقا ہو جاتا ہے۔ جالینوس کا قول ہے کہ بخار کے بعض اقسام میں سرد پانی مضر ہے۔ اور حمام۔ ورزش کے بعد بھی سرد پانی پینا درست نہیں اور اسی طرح سے میووں کے بعد پانی پینا درست نہیں ہے +

باب ۱۳ تیرھواں متعلقہ امراض طحال یعنی تلی

باؤگولا۔ درد قولنج۔ ناف ٹلنا وغیرہ وغیرہ

۴۷۲۔ نسخہ دافع طحال یعنی تلی اور باؤگولا آنکھوں کیلئے دافع ناخونہ غبار۔ ڈھلکا وغیرہ کو اکسیر ہے۔ قلمی شورہ۔ نوشادر ہر ایک سیر باریک کر کے دو سیر پانی میں پکا کر خشک کر کے دو پیالوں میں جوہر لیں اور ان کو شیشی میں ڈالکر رکھ لیں۔ خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک بتاشہ میں چند یوم میں تلی کو فائدہ ہو +

۴۷۳۔ نسخہ دوم۔ ایک بوتل میں سنکونا تین ماشہ تیزاب گندھک تیرہ قطرے کسیس سبز ایک ماشہ انکو تیزاب میں کھرل کر کے بوتل میں ڈالیں اور پانی بکا کر بوتل کو بھر دیں۔ خوراک ڈھائی تولہ صبح۔ ڈھائی دوپہر اور ڈھائی شام پئیں +

۴۷۴۔ نسخہ سوم۔ سلفیٹ آف کونین سولہ رتی۔ ٹنکچر سٹیل چار ڈرام۔ نوشادر پانچ ماشہ۔ ایسم سالٹ ایک اونس۔ پیپرمنٹ واٹر سولہ اونس ملاکر صبح و شام ڈھائی ڈھائی تولہ پلائیں +

۴۷۵۔ نسخہ چہارم۔ نوشادر چار تولہ۔ کوڑی زرد سوختہ گیارہ ایک سالم بوتل میں ڈالیں اور اس پر عرق لیموں بھر دیں بعد گزرنے چھ روز کے ہلا کر بوقت صبح ڈھائی تولہ اور قدرے پانی سادہ ملا کر پئیں غذا ایک وقت دودھ چاول +

۴۷۶۔ نسخہ پنجم۔ سہاگہ۔ نوشادر۔ ایلوا۔ قلمی شورہ ہر ایک دو تولہ کو سرکہ انگوری دس تولہ میں خوب کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنا کر رکھ لیں پھر بوقت صبح ایک گولی باسی پانی سے نگل لیا کریں +

۴۷۷۔ نسخہ ششم۔ قلمی شورہ۔ سہاگہ بریاں۔ پھٹکری بریاں۔ نمک سونچر۔ نمک سیندھا۔ پوست ہلیلہ زرد۔ انبہ ہلدی۔ اجوائن دیسی ہموزن لیکر پیسکر عرق لیموں میں تین دفعہ تر اور خشک کر کے پھر پانی ادرک میں کھرل کر کے گولیاں بقدر بیر بنا کر ایک گولی صبح ایک شام پانی سے برابر اکیس روز کھائیں بفضل خدا کیسی بھی تلی ہو دور ہو گی +

۴۷۸۔ نسخہ ہفتم۔ نوشادر۔ اجوائن۔ کتیرا۔ رائی ہر ایک تولہ مصری کوزہ چار تولہ ان کو علیحدہ علیحدہ پیسکر پھر اس کی جوان کیلئے بارہ اور بچے کیلئے چوبیس پوڑیہ بنا کر رکھ لیں ایک پوڑیہ صبح پھانک کر اوپر سے پانی پئیں +

۴۷۹۔ نسخہ ہشتم۔ قلمی شورہ۔ سہاگہ بریاں۔ نوشادر۔ رائی کشتہ مرجان۔ برگ زوفا۔ پرسیاؤشاں۔ پوست بیخ کبر۔ مکو۔ تخم سداب سب کو علیحدہ علیحدہ پیسکر ملا کر رکھ لیں۔ خوراک صبح و شام چھ چھ ماشہ کھا کر اوپر سے گودہ کو ارکا پانی پئیں +

۴۸۰۔ نسخہ نہم۔ نوشادر، قلمی شورہ ہر ایک چھ ماشہ ملا کر ایک چینی کی پیالی میں ڈالیں اور تیزاب گندھک تین ماشہ ڈالیں۔ اور کھلی جگہ رکھ دیں جب دھواں بند ہو جاوے تو شیشی میں رکھ لیں۔ ایک رتی یا دو رتی بالائی میں ڈالکر کھائیں +

۴۸۱۔ نسخہ دافع بادِ گولہ پیٹ۔ مصطگی رومی۔ عود صلیب۔ عاقرقرحا۔ جدوار خطائی۔ سونٹھ۔ بیخ اذخر۔ عود خام ہر ایک تولہ تولہ باریک کر کے سرکہ آٹھ تولہ شہد سولاں تولہ میں معجون بنا کر صبح و شام چار چار ماشہ کھائیں +

۴۸۲۔ نسخہ دوم بادِ گولہ و دردِ شکم کو رفع کرے۔ سہاگہ خام۔ سونٹھ۔ ہینگ۔ نمک سنگ ہموزن باریک کر کے آب پوست سہانجنہ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر بیر بنا کر ایک گولی صبح گرم پانی سے کھایا کریں +

۴۸۳۔ نسخہ سوم گولہ پھرتا معلوم ہو اسکو دور کرے۔ مرکی۔ زعفران۔ دارچینی۔ دانہ الائچی خرد ہر ایک چھ ماشہ۔ ایلوا نو ماشہ سب کو پیسکر شہد میں ملا کر گولیاں دو رتی بنا کر صبح و شام عرق مکو چار تولے سے کھائیں +

۴۸۴۔ نسخہ چہارم۔ گودہ کوار گندل ایک پاؤ۔ تخم حنظل چھ ماشہ۔ زعفران ایک تولہ۔ مرکی دو تولہ۔ عنبر اشہب چار رتی ان سب کو خوب کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنا کر صبح و شام عرق مکو چار تولے سے کھائیں +

۴۸۵۔ نسخہ پنجم۔ کھٹکی سایہ میں خشک [illegible] پیسکر بوقت صبح دو ماشہ پانی سے چند روز پھانکیں +

۴۸۶۔ نسخہ ناف ٹلنے کو رد کرے کھٹکی خشک دو تولہ۔ قند سیاہ گنہ دو تولہ باریک پیسکر بوقت صبح ایک ماشہ پانی سے ایک چلہ برابر پھانک لیا کریں اور دودھ گھی خوب استعمال کریں +

۴۸۷۔ نسخہ دوم کھٹکی سوختہ۔ اجوائن ہر ایک تولہ۔ قدرے قند سیاہ پورانہ ملا کر گولیاں ایک ایک ماشہ کی بنا کر رکھ لیں۔ بوقت صبح ایک گولی ہمراہ روغن گاؤ چند روز کھائیں +

۴۸۸۔ نسخہ سوم۔ ناف ٹلنے اور پیٹ سخت کو رفع کرے۔ گندھک آملہ سار۔ مدبر کھٹکنی۔ سونٹھ۔ کلونجی۔ ہرڑ بلیلہ سیاہ۔ برگ تلسی ہر ایک تولہ۔ مرچ سیاہ چھ ماشہ۔ قند سیاہ سب کے ہموزن پیسکر گولیاں بقدر بیر بنا کر رکھ لیں بعد کھانا کھانے کے دونوں وقت ایک ایک گولی پانی سے نگل لیا کریں +

۴۸۹۔ نسخہ چہارم۔ سونٹھ۔ گندھک۔ اجوائن ہموزن لیکر پیسکر گائے کے گھی کیساتھ تین ماشہ کھائیں اور ماش روغن نگل لیا کریں +

۴۹۰۔ نسخہ پنجم کھٹکی سایہ میں خشک کر کے نصف رتی لیکر قدرے قند سیاہ ملا کر روغن گاؤ سے کھلائیں۔ چند روز کے استعمال سے بفضل خدا فائدہ ہوگا +

۴۹۱۔ دردِ قولنج کی یہ علامت ہے کہ پیٹ کسی قدر پھول جاتا ہے۔ اور ناف کے ارد گرد ٹھہر ٹھہر کر شدید درد ہوتا ہے۔ پیٹ کو دبانے سے آرام معلوم ہوتا ہے۔ اس درد سے بے چینی بہت ہوتی ہے۔ قبض اور جی متلا کر کبھی قے بھی آتی ہے۔ اور بعض وقت ریح خارج ہو کر درد ہٹ جاتا ہے +

بعض درد قولنج کو درد معدہ بعض ورم امعاء سے اور بعض درد گردہ سے تشخیص کرتے ہیں۔ یہ یاد رہے کہ درد معدہ ناف سے اوپر مقام معدہ پر ہوا کرتا ہے۔ اور ورم امعاء میں بخار ہوتا ہے۔ اور درد گردہ مقام گردہ سے اٹھا کر جس کی ٹیسیں رانوں اور فوطوں تک جاتی ہیں۔ اور پیشاب قدرے قدرے آتا ہے +

قولنج کا درد ریحی اور بلغمی ہوتا ہے۔ ان دونوں دردوں کا علاج ایک سا ہی ہے +

۴۹۲۔ نسخہ دافع دردِ قولنج و امراض پیٹ۔ پوست بیخ مدار تازہ کا اندرونی سفید حصہ۔ مرچ سیاہ۔ مصری کوزہ ان تینوں کو ہموزن لیکر باریک پیسکر گولیاں بقدر بیر بنا کر ایک گولی چاء سے یا نیم گرم پانی سے کھائیں +

۴۹۳۔ نسخہ دافع دردِ حب مسہل۔ سقمونیا عمدہ۔ مصطگی رومی ہر ایک ماشہ۔ شحم حنظل چار ماشہ پیسکر پانی میں گولیاں بقدر نخود بنا کر رکھیں وقت ضرورت پونے دو ماشہ سے ساڑھے چار ماشہ تک گرم پانی سے کھائیں +

۴۹۴۔ نسخہ دیگر جوارش کمونی یا جوارش مصطگی سات ماشہ کھلا کر اوپر سے شیرہ بادیان شیرہ حب الغار ہر ایک چھ ماشہ۔ شیرہ انیسوں تین ماشہ۔ عرق بادیان بارہ تولہ میں نکال کر گلقند دو تولہ ملا کر پئیں +

اگر درد صفراوی ہووے۔ تو درد آہستہ آہستہ ہو کر قے ہو اور قے میں زردی مائل صفرا نکلے +

۴۹۵۔ نسخہ اوّل۔ آلو بخارا پانچ عدد۔ تمر ہندی یعنی املی تین تولہ پانی میں بھگو کر اسکا شیرہ لیویں پھر شربت نیلوفر یا املی اور قے کی صورت میں سکنجبین سادہ تین تولہ ملا کر پلائیں بفضل خدا فائدہ ہوگا +

نوٹ۔ قے کے بند کیلئے نم حصہ پر سنگی لگائیں یا سکنجبین کو بار بار چاٹیں۔ یا انار دانہ چوسیں اور کھانیکے لئے کدو وغیرہ ترشی کے ساتھ اور چوزہ مرغ کا شوربا چپاتی کے ساتھ دیں +

اگر درد مرض نقرس یا بادِ گولہ کے باعث ہو تو زرا لنج۔ سونٹھ ہر ایک دو ماشہ۔ دارچینی چار ماشہ سفوف بنا کر چار ماشہ یہ اور شہد خالص تولہ ملا کر صبح و شام چاٹیں +

باب ۱۴ چودھواں متعلقہ امراض امعاء مقعد

پیچش ـ اسہال ـ کرم شکم ـ بواسیر خونی بادی ـ شقاق مقعد

۴۹۷ نسخہ دافع پیچش ـ مائیں ـ مازو ہر ایک تولہ ـ گوند کیکر چھ ماشہ ـ افیون ساڑھے چار ماشہ باریک کرکے پانی ملاکر گولیاں بقدر مرچ سیاہ بناکر رکھ لیں بچے کو ایک جوان کو تین گولی پانی سے دیں +

۴۹۸ نسخہ دوم ـ کوکنار چار ماشہ ـ سونٹھ چھ ماشہ ـ بادیاں ـ گوند کتیرا ـ اسبغول نیم بریاں ہر ایک تولہ سوائے اسبغول کے سب کو باریک کرکے ملاکر رکھیں خوراک ایک ماشہ لعاب بہیدانہ سے پھانکیں ـ غذا نرم کھائیں +

۴۹۹ نسخہ سوم ـ چھوارے چار لیکر اس کا تخم نکالکر اسمیں ہینگ ـ مصطگی ـ گوگل ہر ایک ماشہ ماشہ ـ افیون چار رتی یہ سب چھوہاروں میں بھر دیں اور آرد گندم اوپر لگاکر راکھ گرم میں دبا دیں پھر ان کو باریک کرکے گولیاں بقدر نخود بناکر رکھلیں صبح و شام ایک ایک گولی پانی سے کھائیں ـ غذا نرم کھائیں عجیب ہے +

۵۰۰ نسخہ چہارم ـ گلو تین ماشہ ـ سونٹھ چھ ماشہ ان کو پانی میں جوش کر چھان کر صبح و شام دونوں وقت پلا کریں +

۵۰۱ نسخہ پنجم پیچش دیرینہ کیلئے ـ شنگرف رومی ـ افیون ـ سہاگہ بریاں سب ہموزن عرق لیموں میں کھرل کرکے مونگ برابر گولیاں بناکر رکھ لیں خوراک ایک گولی صبح ایک گولی شام دہی سے کھائیں +

۵۰۲ نسخہ ششم ہر قسم کی پیچش کو مفید نسوت ـ سونٹھ ـ ہلیلہ خرد ـ نمک سیاہ ـ گھماں سب ہموزن باریک کرکے رکھیں خوراک جوان کو چار ماشہ ہمراہ عرق سونف بچہ کو ڈیڑھ ماشہ سے ڈھائی ماشہ تک +

۵۰۳ نسخہ ہفتم ـ سونٹھ کو برگ ارنڈ میں لپیٹ کر جلائیں اور راکھ اس کی چھ ماشہ پانی سے صبح و شام کھائیں +

۵۰۴ نسخہ ہشتم ـ گودہ بل گہر ـ کتیرا گوند ہموزن باریک کوکے چھ ماشہ دہی کے ساتھ پھانکیں +

۵۰۵ نسخہ نہم ـ پوست ہلیلہ زرد ـ اجوائن ـ زیرہ سفید ہموزن علیحدہ علیحدہ باریک کرکے ملاکر بریاں کرکے رکھیں خوراک ڈیڑھ تولہ دہی جس کا پانی نکالا ہوا اس سے کھائیں ـ غذا نرم کا استعمال کریں +

۵۰۶ نسخہ دہم ـ ہلیلہ سیاہ باریک کرکے روغن گاؤ میں بریاں کرکے ہموزن کھانڈ ملاکر نو ماشہ پانی سے پھانکیں +

۵۰۷ نسخہ یازدہم ـ انار دانہ ـ ہلیلہ سیاہ ـ سونف ہموزن باریک کرکے ایک تولہ پانی سے کھائیں تین روز میں فائدہ ہو +

۵۰۸ نسخہ دوازدہم ـ بھوسی اسبغول ـ ہلیلہ سیاہ ہر ایک تولہ باریک کرکے آب گرم سے ایک تولہ کھائیں اگر اس سے دست کثرت سے لگ جائیں تو پھر دواؤں کو بریاں کرکے ایک تولہ پانی سرد سے پھانکیں ـ غذا نرم کھائیں +

۵۰۹ نسخہ سیزدہم ـ سونف تولہ ـ ہلیلہ زرد دو عدد ـ مغز بادام چھ عدد ـ ان کو پانی ایک گلاس میں گھوٹ کر چھان کر پئیں +

۵۱۰ نسخہ چہاردہم ـ ہلیلہ سیاہ بریاں ـ روغن بادام یا روغن گاؤ میں بریاں کریں ـ زیرہ سفید دونوں ہموزن لیکر تین ماشہ ہمراہ دہی یا شربت خشخاش پئیں ـ غذا نرم استعمال کریں یہ تاکید ہے +

۵۱۱ نسخہ خونی پیچش کو رفع کرے ـ جوز بوا ـ کتھ سفید ہر ایک چھ ماشہ افیون تین ماشہ باریک کرکے پانی سے گولیاں بقدر نخود بناکر رکھ لیں ایک گولی صبح ایک شام پانی سے کھائیں عجیب ہے +

۵۱۲ نسخہ دوم ـ تخم کنوچہ ـ شکر سفید ہموزن ملاکر پیسکر صبح و شام چھ چھ ماشہ پانی سے پھانکیں غذا نرم استعمال کریں +

۵۱۳ نسخہ دافع سنگرہنی پیچش ـ جائفل چار تولہ ـ زعفران ایک ماشہ ـ افیون آٹھ ماشہ ـ ورق نقرہ ڈیڑھ ماشہ ـ شنگرف رومی دو ماشہ سب کو باریک کرکے شہد سوا تولہ ڈالکر گولیاں بقدر دانہ ماش بناکر رکھیں اگر دست آتے ہوں تو شہد سے ایک گولی کھائیں اگر خونی پیچش ہو تو گھی سے ایک گولی کھائیں معمولی پیچش ہو تو چاولوں کی پیچ سے +

۵۱۴ نسخہ دوم ـ نیز بلگری ـ شنگرف رومی ہر ایک چھ ماشہ ـ مازو سبز ـ مغز خستہ آنب ـ افیون ہر ایک تین ماشہ ـ مصطگی رومی دو ماشہ کھرل کرکے گولیاں بقدر نخود بنائیں ایک گولی صبح ایک شام ساٹھی کے چاولوں کے پانی سے کھائیں +

۵۱۵ نسخہ سوم ـ لعاب ریشہ خطمی چار ماشہ ـ شیرہ حب الآس تین ماشہ پانی میں نکالکر شربت بنفشہ دو تولہ ملاکر پئیں +

۵۱۶ نسخہ دافع پیچش ـ نزلہ ـ کھانسی ـ ریشہ خطمی ـ تخم خطمی ـ تخم خبازی ہر ایک سات ماشہ پانی جوش دیکر چھانکر شربت بنفشہ دو تولہ ملاکر پئیں بفضل خدا کھانسی ـ نزلہ ـ پیچش رفع ہو +

۵۱۷ اگر پیچش شدت کے باعث ہو ـ ریشہ خطمی پانچ تولہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح لعاب نکال کر اس میں مغز املتاس چار تولہ بھگو کر مل کر چھان کر شیرہ مغز بادام پانچ عدد کا ملاکر شربت بنفشہ دو تولہ میں ڈالکر پئیں +

۵۱۸ نسخہ دافع پیچش اسہال ـ موچرس دس ماشہ ـ پیپرمنٹ ایک ماشہ پیسکر رکھیں ـ خوراک ایک ماشہ پانی سے +

۵۱۹ نسخہ دوم ـ پارہ صاف ـ گندھک آملہ سار صاف ان دونوں کو خوب کھرل کرکے پھر ناگر موتھا ـ افیون ـ اندر جو شیریں ـ بیلگری ـ لودھ ـ پٹھانی سب کو باریک کرکے پوست خشخاش تر کے پانی میں بھگو کر گولیاں نخود برابر بناکر دو گولی سے چار گولی تک پانی سے +

۵۲۰۔ نسخہ اسہال کو بند کرے۔ انار دانہ۔ سونف۔ الائچی کلاں ہموزن عمر کا خیال کرکے پانی میں گھوٹ کر پئیں +

۵۲۱۔ نسخہ دوم۔ بازو۔ مائیں ہر ایک دو ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ گوند کیکر دو رتی باریک کرکے بقدر نخود گولیاں بنا کر ایک گولی سے دو تین گولی تک بچے کو عمر کا خیال کرکے پوری عمر والے کو چار گولی پانی سے کھانا چاہیئے +

۵۲۲۔ نسخہ سوم۔ بازو۔ موچرس۔ مائیں کلاں۔ بیل گری۔ دھاوا۔ کوکنار ہموزن باریک کرکے دو ماشہ دہی کے پانی سے صبح و شام +

۵۲۳۔ نسخہ چہارم۔ سونٹھ۔ ملٹھی۔ اجوائن۔ موچرس ہر ایک ہموزن پیس کر اس سے دوگنی کھانڈ ملا کر چھ ماشہ صبح دوپہر شام پانی سے +

۵۲۴۔ نسخہ اسہال کہنہ کو روک کے۔ سنگدانہ مرغ دو تولہ۔ گل سرخ اصلی۔ دانہ الائچی سفید۔ طباشیر۔ بادیاں ہر ایک ماشہ سب کو پیس کر کھانڈ بیس تولہ کا قوام عرق گلاب ڈال کر بنا کر ان کو ملائیں۔ خوراک معجون دو تولہ جس میں مصطگی رومی تین ماشہ شامل ہیں +

۵۲۵۔ نسخہ دافع کرم امعاء کمیلہ۔ ترنج چار تولہ۔ بابرنگ دو تولہ۔ کھانڈ دیسی دس تولہ سب کو پیس کر صبح پانچ تولہ بمع تین تک کھائیں +

۵۲۶۔ نسخہ دوم۔ حنظل کی جڑ تین ماشہ پیس کر قند سیاہ کہنہ ایک تولہ میں پیس کر قدرے عرق گلاب ڈال کر چھ گولیاں بنائیں اور ہر روز دو گولی رات کو پانی سے کھائیں۔ غذا میٹھے چاول کھائیں +

۵۲۷۔ نسخہ سوم۔ ناگرموتھا باریک کرکے رکھیں رات کو پانچ ماشہ نیم گرم پانی سے چند روز کھائیں +

۵۲۸۔ نسخہ دافع کرم مقعد جسکو چنونے کہتے ہیں۔ ہلدی۔ تخم ریحان ہموزن باریک کرکے نصف ماشہ رات ایکماشہ پانی سے کھلائیں

۵۲۹۔ نسخہ دوم۔ الیوا۔ نیم برگ۔ بیری۔ نارجیل کہنہ ہر ایک تین ماشہ کمیلہ چار ماشہ پیس کر آب برگ شفتالو میں گولیاں بقدر مونگ بنا کر ایک گولی رات کو پانی سے چند روز کھائیں عجیب چیز ہے +

۵۳۰۔ نسخہ سوم۔ بابرنگ دو تولہ کو پیس کر دہی دس تولہ میں ملا کر کھائیں سب چلونے نکل جائینگے +

۵۳۱۔ نسخہ چہارم کمیلہ دہی میں تین ماشہ سے سات ماشہ تک ملا کر پہلے چاول میٹھے کھلا کر پھر کھلائیں +

۵۳۲۔ نسخہ پنجم۔ تخم پلاس یعنی ڈھاک ایک عدد جو کوب کرکے قدرے قند سیاہ میں لپیٹ کر صبح و شام کھائیں +

۵۳۳۔ نسخہ ششم۔ کوکر چھدی کا پانی ذرا پکا کر گاڑھا کرکے مقعد پر لگائیں یا روغن نیم بھی لگانا مفید ہے +

۵۳۴۔ نسخہ ہفتم حبوب۔ رسوت۔ چاکسو مقشر۔ سہاگہ ہر ایک چار ماشہ۔ الیوا دو ماشہ۔ برگ نیم دس عدد۔ حرج سیاہ ایک ماشہ سب کو پیس کر حسب پانی یا آب برگ کوکر چھدی ڈال کر گولیاں بقدر جوار بنا کر چھوٹے بچے کو ایک بڑے کو دو یا تین گولی دیں +

۵۳۵۔ نسخہ لیپ دافع چنونے۔ الیوا۔ نیم ہر ایک ماشہ باریک کرکے روغن سرسوں میں ملا کر مقعد پر لگائیں +

۵۳۶۔ نسخہ دوم لیپ۔ کافور۔ الیوا زرد ہر ایک ماشہ۔ سیلکھڑی۔ تانبہ دو ماشہ۔ آب گندنا یعنی بوٹی کوکر چھدی کے پانی میں حل کرکے روغن گل ایک تولہ ملا کر ایک فتیلہ رات کو مقعد میں رکھیں۔ رسوت کمیلہ بھی ماشہ ماشہ لائیں +

۵۳۷۔ نسخہ دافع کدو دانہ۔ کمیلہ چار ماشہ قدرے قند سیاہ میں ملا کر رات کو کھائیں اور اوپر سے بعد گزرنے تین گھنٹے کے روغن بیدانجیر یعنی ارنڈ کا تیل چار تولہ دودھ میں ملا کر پئیں +

۵۳۸۔ نسخہ دوم تمبل یعنی کمیلہ۔ بابرنگ۔ پودینہ خشک۔ پوست ہلیلہ زرد۔ تربد سفید ہر ایک تولہ پیس کر گولیاں بقدر نخود بنا کر رکھیں۔ خوراک نو ماشہ رات کو پانی سے کھائیں عجیب ہے +

۵۳۹۔ نسخہ سوم کچا ناریل دودھ والا لیکر اس کا دودھ پئیں اور گودہ بھی اور تمام روز کچھ نہ کھائیں مجرب ہے +

۵۴۰۔ نسخہ چہارم۔ پہلے تین روز دودھ میں خوب میٹھا ڈال کر پئیں چوتھے روز بابرنگ چھ ماشہ مصطگی رومی تین ماشہ پیس کر پھانکیں اور اوپر سے دودھ میں میٹھا ڈال کر پئیں بفضل خدا فائدہ ہوگا +

۵۴۱۔ نسخہ پنجم کدو دانہ کمیلہ چھ ماشہ سنٹونین انگریزی دوائی تین ماشہ خوب پیس کر گوند قلت ملا کر گولیاں تعدادی تین بنا کر رکھیں جوان کو دو گولی بچوں کو عمر کا لحاظ کرکے ایک یا نصف پانی سے دیں +

۵۴۲۔ نسخہ پہلپ بابرنگ مقشر ایکتولہ باریک کرکے اخروٹ کی گری دو تولہ ملا کر بقدر بیر گولیاں بنا کر صبح و شام پانی سے +

۵۴۳۔ نسخہ دوم۔ بابرنگ۔ سیندھا نمک۔ جوا کھار۔ کمیلہ۔ ہلیلہ کلاں سب ہموزن پیس کر صبح چار ماشہ دہی کی لسی سے +

۵۴۴۔ نسخہ سوم۔ برگ آڑو دس چھ ماشہ برگ نیم تین ماشہ ہر دو کو آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر پلائیں دوسرے روز ارنڈی کا تیل پلائیں +

۵۴۵۔ نسخہ چہارم۔ سات یا دس گرہ لہسن باریک کرکے شہد میں ملا کر صبح اور رات کو سوتے وقت کھلائیں کیڑے خارج ہونگے +

۵۴۶۔ نسخہ پنجم دافع کیچوے کمیلہ۔ بابرنگ۔ افسنتین۔ پلاس پاپڑہ ہر ایک تولہ تولہ پیس کر آب برگ شفتالو میں پیس کر بقدر بیر جنگلی گولیاں بنا کر رکھیں۔ صبح و شام ایک یا دو گولی پانی سے نگلا کریں مجرب ہے +

۵۴۷۔ نسخہ ششم۔ زیرہ سیاہ دو ماشہ۔ بابرنگ مقشر دو ماشہ۔ تربد مقشر۔ افسنتین۔ سونٹھ۔ کتیرا۔ الیوا زرد ہر ایک ماشہ سبکو باریک کرکے رکھ لیں خوراک دو ماشہ رات کو گرم پانی سے صبح روغن بیدانجیر ڈیڑھ تولہ پئیں +

۵۴۸۔ نسخہ دافع بواسیر بادی۔ پھٹکری سفید ایک تولہ کی کھیل کریں اور اسمیں سنگ تیھو ایک تولہ بھی باریک کرکے ذرا ذرا کرکے ڈالیں تاکہ پھٹکری پگھلی ہوئی میں ملجائے پھر خشک ہونے پر پیسکر رکھ لیں۔ خوراک ۲ رتی مکھن سے کھائیں +

۵۴۹۔ نسخہ دوم۔ گل ناگ کیسر نو ماشہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح مل چھانکر اس میں گلقند یا مصری ڈالکر چالیس روز پئیں +

۵۵۰۔ نسخہ سوم۔ تخم نیم۔ تخم بکائن۔ مرچ سیاہ ہموزن لیکر باریک کرکے برگ تھوہر حیث ملاکر گولیاں بقدر بیر بناکر رکھلیں رات کو ایک گولی دودھ سے ہفتہ عشرہ کھائیں۔ بادی گرم اشیاء سے پرہیز +

۵۵۱۔ نسخہ چہارم۔ مغز تخم ترس باریک کرکے رکھ لیں بوقت صبح ۲ رتی پانی سے چند روز کھائیں +

۵۵۲۔ نسخہ پنجم۔ بھنگرہ سفید بوٹی آدھ سیر لیکر اس کا گندہ کرکے اسمیں ہڑتال سفید پانچ تولہ رکھکر گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیدیں۔ خوراک مکھن سے ایک رتی سے چار رتی تک پرہیز بادی اشیاء سے +

۵۵۳۔ نسخہ ششم۔ چھتہ بھڑ زرد کی راکھ ایک تولہ۔ دانہ الائچی خرد چھ ماشہ ملاکر رکھ لیں۔ بوقت صبح ایک ماشہ پانی سے چند یوم کھائیں۔ غذا مرغن اور پرہیز بادی۔ گرم۔ قابض اشیاء سے ضروری ہے +

۵۵۴۔ نسخہ ہفتم۔ صد برگ سبز تین تولہ۔ نوشادر۔ چاکسو ہر ایک تولہ پیسکر بقدر نخود گولیاں بناکر رکھ لیں ہر روز صبح ۲ گولی پانی سے چند روز استعمال کریں بفضل خدا بواسیر رفع ہو +

۵۵۵۔ نسخہ دافع بواسیر خونی۔ پوست ریٹھہ سوختہ کتھ عمدہ بریاں ہر ایک تولہ مغز کنول گٹہ چھ ماشہ سفوف بناکر رکھ لیں صبح و شام دو دو ماشہ مکھن میں رکھکر کھایا کریں پرہیز گرم اور بادی اور قابض اشیاء سے +

۵۵۶۔ نسخہ دوم۔ مغز تخم نیم مغز تخم بکائن مغز تخم چاکسو۔ پوست ہلیلہ سیاہ مرچ سیاہ۔ رسوت صاف ہر ایک ہموزن لیکر سات روز آب بوٹی کوکر چھتہ ری میں کھرل کرکے گولیاں بقدر بیر بناکر رکھ لیں صبح و شام پانی سے ایک گولی +

۵۵۷۔ نسخہ سوم۔ تخم آڑو مصری یعنی پانسہ بند گل عدد مرچ سیاہ سات دانہ چھے پانی میں گھوٹکر شہد تین ماشہ ملاکر پئیں +

۵۵۸۔ نسخہ چہارم۔ سم الفار سفید ایک تولہ تارا میرا کا تیل آٹھ تولہ خوب کھرل کرکے چراغ میں روئی کی بتی سے کاجل جمع کریں اور شیشی میں بند کرکے اکیس روز پانی کے کنارے سوا دیں پھر ایک یا ڈیڑھ چاول لیکر مکھن کیساتھ کھائیں بعد دودھ گھی خوب کھائیں +

۵۵۹۔ نسخہ پنجم۔ کارک جو شتوطوں پر لٹکائے جاتے ہیں ان کی جلاکر راکھ کریں پھر راکھ ۲ ماشہ شربت عناب دو تولہ میں ملاکر صبح چاٹیں اسی طرح برابر گیارہ روز استعمال کریں۔ غذا مرغن خوب کھائیں +

۵۶۰۔ نسخہ ششم۔ خون بواسیر کو فوراً بند کرے۔ پوست نارجیل جلاکر ہموزن مصری ملاکر چھ ماشہ پانی سے صبح پھانکیں +

۵۶۱۔ نسخہ ہفتم۔ پوست ہلیلہ زرد چار تولہ مغز تخم نیم ۲ تولہ۔ ایلوا زرد ایک تولہ۔ کافور چھ ماشہ۔ عرق سونف میں خوب کھرل کرکے بیر برابر گولیاں بناکر رکھ لیں۔ صبح و شام پانی سے ایک ایک گولی نگل لیا کریں +

۵۶۲۔ نسخہ ہشتم۔ تخم بالنگو۔ اسپال یعنی پوست پھل انار ہموزن لیکر پیسکر رکھیں۔ صبح تین ۳ ماشہ پانی سے پھانکیں +

۵۶۳۔ نسخہ نہم۔ برادہ چاندی تولہ لیکر آب برگ نیم میں تین روز کھرل کرکے پھر برگ نیم آدھ پاؤ میں رکھکر پانچ سیر اوپلوں کی آنچ دیں پھر اس کشتہ کیساتھ مغز تخم نیم ایک تولہ ایلوا زرد تین ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد تولہ ملاکر گولیاں بقدر نخود بناکر صبح شام ایک گولی کھائیں +

۵۶۴۔ نسخہ دہم۔ برگ گیندا یعنی صد برگ چھ ماشہ سے تولہ تک مرچ سیاہ ایک ماشہ مغز بادام سات عدد کو پانی میں گھوٹ کر چھان کر ایک چھوٹا گلاس پانی کا بناکر پہلے ۲ ماشہ پتا شہ کھا کر اوپر سے پئیں +

۵۶۵۔ نسخہ یازدہم۔ ہرن کھری بوٹی سایہ میں خشک کرکے سو جڑ وغیرہ کے پیسکر صبح و شام چھ چھ ماشہ دودھ سے +

۵۶۶۔ نسخہ دوازدہم۔ برگ گیندا زرد رنگ کے پھول والا سوا تولہ۔ رسوت ۹ ماشہ پیسکر ۹ عدد گولیاں بنائیں ایک گولی صبح پانی سے +

۵۶۷۔ نسخہ سیزدہم۔ رسوت۔ پوست تخم بکائن دونوں ہموزن پیسکر گولیاں بقدر بیر بناکر ایک گولی صبح ایک شام پانی سے +

۵۶۸۔ نسخہ چہاردہم۔ گوگل۔ رسوت۔ پوست تخم بکائن۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ایلوا زرد ہر ایک تولہ۔ آب مولی ایک پاؤ میں کھرل کرکے گولیاں بقدر بیر بناکر رکھیں۔ ایک گولی صبح پانی سے نگلیں مجرب ہے +

۵۶۹۔ نسخہ پانزدہم۔ کھانے اور لگانے والیاں گولیاں۔ کافور۔ رسوت۔ مغز تخم نیم تخم مولی ہموزن لیکر پیسکر گولیاں بقدر بیر بناکر صبح و شام پانی سے کھائیں اور دونوں وقت پانی میں گھسکر مستوں پر لگائیں +

۵۷۰۔ نسخہ شانزدہم۔ پودا لگی میں جب چھلی لگتی ہے اسمیں بال جو ہوتے ہیں وہ لیکر سایہ میں خشک کرکے پیسکر صبح کے وقت تین ماشہ پانی سے پھانکیں۔ فوراً خون بند ہو +

۵۷۱۔ نسخہ ہفدہم۔ ہر قسم کی بواسیر کیلئے۔ سم الفار سفید۔ مرچ سفید کتھ گلابی ہر تین تین ماشہ لیکر عرق گلاب میں خوب کھرل کرکے بقدر نخود گولیاں بناکر رکھیں۔ صبح کچھ مرغن چیز کھاکر ایک گولی قدرے مکھن سے نگلیں +

۶۱۷۔ نسخہ پیشاب زیادہ آنیکو روکے۔ مرچ سیاہ چار ماشہ۔ سونٹھ چھ ماشہ۔ کندر۔ قسط شیریں۔ جفت بلوط۔ سعد کوفی

دارفلفل ہر ایک دس ماشہ۔ شہد اصلی پندرہ تولہ میں معجون بنا کر چھ ماشہ رات کو پانی سے کھائیں +

۶۱۸۔ نسخہ دوم پیشاب زیادہ اور نزلہ و کمزوری دماغ کو رفع کرے۔ کچلا ایک تولہ لیکر سات روز آٹے میں دبا دیں۔

اور پانی سے تر کریں بعد سات روز کے نکالکر اس کو کاٹ کر درمیان سے تیرہ نکالکر باریک کپڑے میں باندھیں۔ اور

دو سیر دودھ میں پکائیں جب دودھ گاڑھا ہو جائے تو پھر پوٹلی نکالکر گرم پانی سے کچلوں کو دھوئیں اور مرچ سیاہ

ایک تولہ ملا کر گولیاں بقدر دانہ مونگ بنا کر رکھ لیں۔ صبح کسی چیز کا ناشتہ کر کے پھر ایک گولی دودھ سے نگلیں +

۶۱۹۔ نسخہ سوم تالمکھانہ تین تولہ کنجد سیاہ مغز پوتے تین تولہ۔ قند سیاہ کہنہ دو تولہ ان ہر سہ کو باریک خوب کر کے

ملا کر بقدر بیر گولیاں بنا کر رکھیں۔ صبح تین گولی تازہ پانی سے نگلیں +

۶۲۰۔ نسخہ چہارم۔ پوست تر پھلہ ہر ایک تولہ تولہ۔ گل سرخ اصلی رُبّ سلاجیت ہر ایک تولہ کشتہ قلعی کشتہ پوست بیضہ

ہر ایک چھ ماشہ پیسکر صبح دو ماشہ دودھ سے کہ جس میں بادام روغن چھ ماشہ ڈالا ہوا ہو اس سے کھائیں +

۶۲۱۔ نسخہ پنجم۔ مرکی۔ بلوط۔ سونٹھ۔ گوند کیکر ہموزن پیسکر شہد میں ملا کر صبح چھ ماشہ پانی سے کھائیں +

۶۲۲۔ نسخہ ششم۔ دارچینی عمدہ باریک کر کے دو ماشہ صبح پانی سے پھانک لیا کریں +

۶۲۳۔ نسخہ دافع ذیابیطس یعنی پیشاب زیادہ آنیکو اور پیاس زیادہ لگنے کو رفع کرے۔ گوبر گوکو کر سایہ میں

خشک کر کے باریک کریں اور اس کے ہموزن مصری ملا کر صبح چھ ماشہ تازہ پانی سے پھانکیں عجیب ہے +

۶۲۴۔ نسخہ دوم گرمار بوٹی ایک تولہ۔ مرچ سیاہ سات دانہ گھوٹکر صبح چند روز پئیں عجیب ہے +

۶۲۵۔ نسخہ سوتے میں پیشاب نکلنے کو دفع کرے مصطگی رومی جفت بلوط۔ ہلیلہ سیاہ۔ سعد کوفی ہر ایک تولہ۔

مصری کوزہ چار تولہ پیسکر ہر روز صبح دوپہر شام تین تین ماشہ پانی سے پھانکیں +

۶۲۶۔ نسخہ دافع درد کمر و بازو وغیرہ۔ سورنجان شیریں تین ماشہ۔ سونٹھ۔ ریوند چینی ہر ایک ماشہ اسگند ناگوری

دو ماشہ یہ ایک خوراک ہے پیسکر صبح و شام دو وقت استعمال کریں برابر ایک دو ہفتہ تاکید ہے +

۶۲۷۔ نسخہ دوم۔ روغن آسی۔ روغن سرسوں۔ روغن ارنڈ۔ روغن کنجد ہر ایک پانچ تولہ۔ دھتورہ کے پنچانگ کا

پانی بیس تولہ میں ڈالکر پکائیں کہ یہ پانی سب جل جائے اور تیل رہ جائے چھانکر اسکی آہستہ آہستہ مالش کریں درد دفع ہو

۶۲۸۔ نسخہ سوم۔ سورنجان تلخ۔ سونٹھ ہر ایک تولہ۔ روغن کنجد دس تولہ۔ موم سفید دو تولہ میں ملا کر دوپہر کے

وقت یا رات کو آہستہ آہستہ کمر پر مالش کریں اور ذیل کی معجون کھائیں اکسیر ہے +

۶۲۹۔ نسخہ چہارم کھانے کیلئے۔ سورنجان شیریں دو تولہ۔ سنا مکی۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک تولہ۔ تربد سفید۔

اسگند ناگوری ہر ایک چھ ماشہ۔ برگ حنا۔ شیطرج۔ اسارون ہر ایک تین ماشہ سبکو باریک کر کے سہ چند شہد ملا کر پانچ ماشہ ان کو کھائیں

۶۳۰۔ نسخہ پنجم۔ سورنجان شیریں۔ کٹھکٹی۔ سونٹھ ہر ایک تولہ۔ ایلوا چھ ماشہ۔ پرانا گڑ پانچ تولہ سب کو پیسکر بقدر بیر گولیاں

بنا کر رکھ لیں وقت ضرورت صبح ایک گولی پانی سے چند روز کھلائیں ہر قسم کا درد رفع ہوگا +

۶۳۱۔ نسخہ ششم مالش دافع درد کمر۔ اجوائن۔ سونٹھ۔ عاقرقرحا۔ نخل۔ لکنگنی ہموزن لیکر جو کوب کر کے پھر سب

کے برابر روغن کنجد میں ڈالکر جلائیں۔ پھر چھانکر اس روغن کی مالش آہستہ آہستہ کرا کریں +

۶۳۲۔ نسخہ ہفتم۔ اکسن بوٹی کی جڑ ایک تولہ باریک کر کے رواسپند کا جسکو سوجی بھی کہتے ہیں دو تولہ۔ روغن گاؤ

تین تولہ۔ کھانڈ سفید بقدر ضرورت ڈالکر حلوا بنا کر ایک ہفتہ صبح برابر کھائیں درد رفع ہوگا +

۶۳۳۔ نسخہ دافع درد ٹنگیں جو ہاتھوں سے اٹھکر ران کی طرف ٹخنے تک جاتا ہے۔ اسگند ناگوری۔ لہسن مقشر

ہر ایک دو تولہ۔ سونٹھ۔ بدھارا ہر ایک تولہ مونگ بریاں گھی میں چھ ماشہ سبکو باریک کر کے صبح و شام تین تین ماشہ پانی سے

۶۳۴۔ نسخہ دوم تخم حرمل نہایت صاف کر کے باریک کپڑ چھان کر کے ہموزن پرانہ گڑ ملا کر گولیاں بقدر

بیر بنا کر رکھ لیں۔ صبح شام ایک ایک گولی پانی سے ہفتہ عشرہ کھائیں اگر گرمی معلوم ہو۔ تو پھر ایک دفعہ ہی انکو کھائیں

۶۳۵۔ نسخہ سوم ایلوا زرد۔ ہلیلہ زرد۔ سورنجان شیریں ہر ایک ساڑھے تین ماشہ پیسکر صبح پانی سے پھانکیں +

۶۳۶۔ نسخہ ہر قسم کی درد ریح کو رفع کرے۔ خولنجان دو تولہ۔ مصطگی رومی۔ سونٹھ۔ عاقرقرحا ہر ایک تولہ باریک

باریک کر کے سہ چند شہد میں ملا کر ہر روز نو ماشہ پانی سے کھایا کریں پرہیز ترش اور بادی اور قابض اشیاء سے کریں

۶۳۷۔ نسخہ دوم۔ مرچ سیاہ۔ بکھاں۔ بست پودینہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سونٹھ عمدہ۔ پوست آلو بخارا ہموزن

لیکر عرق کوار گندل میں کھرل کر کے بیر برابر گولیاں بنا کر صبح و شام پانی سے نگل لیا کریں +

۶۳۸۔ نسخہ سوم۔ سورنجان شیریں۔ زیرہ سفید۔ سونٹھ ہر ایک پانچ پانچ تولہ۔ کھانڈ دیسی بیس تولہ سبکو باریک

پیسکر ایک تولہ پانی سے پھانک لیا کریں۔ عجیب چیز ہے +

ہر ایک سوختہ ان میں سے پہلی تین دوائیں ایک حصہ دوسری چار دوائیں دو دو حصہ سبکو باریک کپڑ چھان کر کے رکھ لیں۔ وقت ضرورت زخم پر روغن گل لگا کر اس پر اس کو چھڑک دیں +

۴۷۲۔ نسخہ دافع سوزاک۔ طباشیر۔ ست گلو۔ ست سلاجیت۔ دانہ الائچی خرد ہر ایک دس ماشہ کشتہ قلعی نو ماشہ سب کے ہموزن مصری ملا کر پیسکر چودال پوڑیہ بنا کر صبح دوپہر شام دودھ سے کھائیں +

۴۷۳۔ نسخہ دوم۔ روغن صندل۔ روغن کباب چینی ہر ایک سات ماشہ۔ روغن بلسان چودال ماشہ اس کو ملا کر اس کے تین حصہ کر کے ایک حصہ صبح ایک دوپہر ایک شام کھائیں اور اوپر سے دودھ پئیں +

۴۷۴۔ نسخہ سوم۔ دانہ الائچی خرد۔ زیرہ سفید۔ کتھ سفید۔ کباب چینی۔ قلمی شورہ۔ مغز کنول گٹہ ہر ایک دس ماشہ ست بہروزہ صاف بیس ماشہ جس کو پیسکر اٹھاراں پوڑیہ بنا کر صبح و شام دودھ سے کھائیں +

۴۷۵۔ نسخہ چہارم۔ لوبان کوڑیہ۔ دانہ الائچی خرد ہر ایک چھ ماشہ۔ طباشیر تین ماشہ انکو پیسکر روغن صندل میں میں گوندھ کر سبکی گولیاں بقدر نخود بنا کر سبکی سب پھانک لیں اور اوپر سے شربت مصری پئیں دن بھر کچھ نہ کھائیں اگر پیاس لگے تو شربت مصری ہی بنا کر پیا ہی اور شام کو دودھ چاول کھائیں۔ فوراً فائدہ ہو +

۴۷۶۔ نسخہ پنجم اکسیری۔ ست بہروزہ۔ کباب چینی۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خرد ہر ایک تولہ مصری۔ روغن صندل ہر ایک دو تولہ پیسکر ملائیں۔ خوراک صبح و شام دو دو ماشہ دودھ سے پھانکیں۔ پرہیز ترش اشیاء سے +

۴۷۷۔ نسخہ ششم سوزاک کہنہ کو بھی رفع کرے۔ بیخ مرجان۔ سرد چینی ہر ایک تولہ۔ روغن صندل اصلی ہر ایک چھ ماشہ سب کو پیسکر روغنوں میں ملا کر صبح تین ماشہ آب تازہ سے کھائیں پرہیز مرچ سرخ اور کھانڈ سے +

۴۷۸۔ نسخہ ہفتم۔ پھٹکری سفید تولہ کو گھڑا کر اسمیں توتیا سبز چھ ماشہ شامل کر کے خشک کریں ایک رتی مکھن سے دو ہفتہ کھائیں +

۴۷۹۔ نسخہ ہشتم۔ ست بہروزہ چار تولہ۔ الائچی خرد۔ طباشیر ہر ایک تولہ مصری کوزہ آٹھ تولہ سبکو پیسکر بوقت صبح پانچ ماشہ دودھ یا لسی بنا کر پھانک لیا کریں۔ پرہیز ترش اور تیل والی اشیاء اور مرچ سرخ سے +

۴۸۰۔ نسخہ نہم۔ کباب چینی۔ ریوند چینی۔ دانہ الائچی خرد ہر ایک تولہ قلمی شورہ دو تولہ مصری چار تولہ سب کو پیسکر ملا کر دو ماشہ صبح دو ماشہ شام دودھ گاؤ سے کھایا کریں +

۴۸۱۔ نسخہ دہم دافع سوزاک و جریان وغیرہ۔ شیر برگ ایک قطرہ بتاشہ میں پہلے روز دوسرے روز ۲ اسی طرح ساتویں روز تک کھائیں +

۴۸۲۔ نسخہ یازدہم۔ ست بہروزہ۔ دانہ الائچی خرد۔ برادہ صندل۔ سرد چینی سب ہموزن لیکر پیسکر بوقت صبح دو ماشہ دودھ سے یا پانی سے دو ہفتہ برابر استعمال کریں عجیب ہے +

۴۸۳۔ نسخہ دوازدہم۔ کیکر درخت کے پھول چار تولہ۔ اجوائن دیسی ایک تولہ۔ لونگ چار ماشہ مصری نو تولہ سبکو باریک پیسکر دو ماشہ دوپہر دو ماشہ شام پانی سے چند روز استعمال کریں۔ پرہیز مرچ سرخ و ترش اشیاء مت +

حمل ہونے پر ہر روز صبح ایک گولی پانی سے کھایا کرے وضع حمل تک برابر +

۱۰۱۳۔ نسخہ سوم۔ کافور دیسی تین ماشہ کستوری ایک ماشہ زعفران فلفل دراز ہر ایک چھ ماشہ پیسکر شہد میں گولیاں بقدر نخود بنا کر رکھ لیں ایک گولی صبح پانی سے برابر کھائے جائیں +

۱۰۱۴۔ نسخہ چہارم۔ حمل ہونے پر تخم بھنگ نصف ماشہ پانی سے صبح حمل ہونے کے دوسرے ماہ شروع صرف تین ماہ تک برابر کھاتے ہیں۔ اللہ کے فضل سے بچہ نر پیدا ہوگا +

۱۰۱۵۔ نسخہ اندام نہانی کو خشک اور تنگ کرے پھٹکری۔ گل دھاوا۔ مازو۔ مائیں۔ گل ارمنی ہموزن پیسکر اندر لگائیں مجرب ہے +

۱۰۱۶۔ نسخہ دوم۔ ترپھلا چار تولہ لیکر آدھ پاؤ پانی میں دو روز بھگو کر مل چھانکر اس پانی میں پھٹکری ایک تولہ ڈالکر ہانڈی کا مونہہ بند کر کے پکائیں جب خشک ہو جائے پیسکر رکھیں وقت ضرورت اندام نہانی میں لگائیں +

۱۰۱۷۔ نسخہ سوم۔ چھالیہ اقاقیا۔ مائیں ہر ایک ہموزن پیسکر کپڑ چھان کر کے اندام نہانی میں پوٹلی بنا کر رکھیں +

۱۰۱۸۔ نسخہ چہارم۔ جفت بلوط گلنار۔ برگ بیری جنگلی ہر ایک ہموزن باریک کر کے پوٹلی بنا کر رکھیں +

۱۰۱۹۔ نسخہ پنجم۔ اگر پاسپال کو پانی میں پکا کر مل کر اس پانی میں کپڑا ململ چند دفعہ تر و خشک کر کے وہ کپڑا رکھ لیں۔ وقت ضرورت پہلے وہ کپڑا ذرا سا لیکر اندام نہانی میں رکھے خشکی خوب ہو +

۱۰۲۰۔ نسخہ دافع اختناق الرحم اور حیض جاری ہو۔ تخم کاسنی تخم کشوث اسطوخودوس ہر ایک پانچ ماشہ۔ گاؤزبان چھ ماشہ۔ حب القرطم۔ تخم خربوزہ کوفتہ ہر ایک نو ماشہ انکو جوشاندہ کر چھانکر شربت بزوری چار تولہ ڈالکر پئیں +

۱۰۲۱۔ نسخہ دوم۔ ہینگ ایک ماشہ۔ بالچھڑ دو ماشہ۔ گل بابونہ چھ ماشہ ملٹھی مقشر ایک تولہ سب کو پیسکر چھانکر گولیاں بقدر نخود بنا کر رکھیں صبح دوپہر شام ایک ایک گولی پانی سے کھایا کریں +

۱۰۲۲۔ نسخہ سوم۔ سمندر جھاگ چھ ماشہ پھٹکری بریاں ایک ماشہ دونوں کو قدرے عطر حنا میں تر کر کے پوٹلی بنا کر رحم میں رکھیں رطوبت خارج ہو کر مرض رفع ہوگا +

۱۰۲۳۔ نسخہ چہارم۔ گل بنفشہ عمدہ مویز منقیٰ۔ سونف۔ کاسنی۔ پرسیاؤشاں تخم حب القرطم ہر ایک تین ماشہ گلقند اصلی ڈھائی تولہ ملا کر صبح و شام ایک ہفتہ پئیں مرض ہسٹریا یعنی اختناق الرحم رفع ہو +

۲۴۔ اُلنسخہ سیلان الرحم کو کمی حیض کو رفع کرے۔ ناگ کیسر چار ماشہ ہمراہ آدھ زرد کا دہی سے ایک ہفتہ کھائیں +

۲۵۔ نسخہ دوم گُشتہ پوست بیضہ مرغ۔ گل آرمنی۔ مائیں خرد۔ گل دھاوا ہر ایک تولہ۔ گوند ڈھاک۔ موچرس۔ سنگھاڑے ہر ایک دو تولہ مصری نصف تولہ ملا کر صبح ایک تولہ دودھ سے پھانکیں +

۲۶۔ نسخہ سوم کُشتہ سونگا ایک ماشہ سے تین ماشہ تک دودھ سے سات روز پھانکیں +

۲۷۔ نسخہ چہارم۔ گل سپاری کو باریک کر کے ہموزن شکر سفید ملا کر بعد غسل حیض چوتھے روز چار ماشہ دودھ سے ایک ہفتہ برابر پھانکیں مجرب ہے +

۲۸۔ نسخہ پنجم سنگھوڑے تین ماشہ سپاری چھ ماشہ طباشیر ایک تولہ ست سلاجیت دو ماشہ۔ کُشتہ مرجان ایک رتی ملا کر صبح دودھ سے پھانکیں چند روز میں فائدہ ہو +

۲۹۔ نسخہ ششم سیلان حالت حمل میں ہو تو نفع کرے سعطی تودری سپل کیکر خام گوند ڈھاک ہر ایک تولہ شکر سفید سب کے برابر پیسکر ایک تولہ صبح دودھ سے پھانکیں +

۳۰۔ نسخہ ہفتم بست گلو سپاری۔ لاچی سفید۔ مائیں صاف۔ موچرس۔ ناگ کیسر۔ گوند ڈھاک۔ کتیرا۔ پھلی کیکر خام سنگھوڑے سب [illegible] صبح [illegible] +

۳۱۔ نسخہ ہشتم [illegible] ہر ایک تین ماشہ۔ بہدانہ خشک۔ نمک لاہوری ہر ایک چھ ماشہ پیسکر ایک کپڑے میں پوٹلیاں بنا کر صبح اور رات کو رحم میں رکھیں پانی خارج خوب ہو +

۳۲۔ ترکیب کُشتہ مونگا جس کا نسخہ سوم ہے۔ مونگا شاخ مرجان عمدہ لیکر گرم کر کے آب لیموں میں بجھائیں پھر اس عرق گلاب ڈال کر کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر برگ نیم ایک پاؤ کا گدہ کر کے تین سیر اُپلے کی آگ گڑھے میں دیدیں سرد ہونے پر کشتہ مونگا نکال لیں +

۳۳۔ نسخہ دافع درد رحم۔ ریوند خطائی مصری ہموزن پیسکر صبح قبل حیض چھ ماشہ پھانک کر اوپر سے یہ جوشاندہ پئیں۔ پوست املتاس۔ بادیاں ہر ایک دو تولہ۔ گوکھرو چھ ماشہ۔ کلونجی چار ماشہ قند سیاہ دو تولہ اور پانی آدھ سیر +

۳۴۔ نسخہ دوم۔ روغن گل میں کوند سیاہ پیسکر اسکا فرزجہ بنا کر استعمال کریں اور برگ نیم پکا کر سینک دیں +

۳۵۔ نسخہ خروج رحم سپاری پاک چھ ماشہ دودھ سے کھلائیں اور مازو پھٹکری کو کنار پوست گلنار ان کا جوشاندہ بنا کر اندام نہانی کو بار بار دھوئیں۔ اور رحم اندر کرا کر اس میں کپڑا تر کر کے اندر رکھیں +

۳۶۔ نسخہ دوم کرنجوہ کی جڑ بانی میں گھس کر اور کمر چیر کے پتے پیسکر نیم گرم اندام نہانی میں رکھ کر اوپر لنگوٹ باندھیں اسی طرح سے تین چار روز ایسا کریں۔ رحم پھر نہ اُٹھیگا +

۳۷۔ نسخہ دافع جریان بخار سے لوبان ایک ماشہ کستوری دو رتی ان کو پیسکر شہد ملا کر صبح کو بوقت کھائے +

۳۸۔ نسخہ دوم پیلا مول تین تولہ عاقرقرحا چھ ماشہ قند سیاہ پاؤ دو تولہ پیسکر بقدر بیر جنگلی گولیاں بنا کر ایک گولی صبح کو اور ایک رات کو سونف سے کھایا کریں چند روز میں فائدہ ہو +

۳۹۔ نسخہ پستانوں کو سخت کرے۔ گوند چنیا کیس ہیرا کھوگی سفید ہر ایک تولہ پھٹکری بریاں چھ ماشہ سب کو باریک کر کے روغن گاؤ ملا کر چھاتیوں پر مالش کر کے ذرا اُپلے سے سینک دیں +

۴۰۔ نسخہ دوم۔ کوڑیوں کو جلا کر ہموزن آٹا جو و سرکہ ملا کر پستانوں پر لیپ چند روز کریں +

۴۱۔ نسخہ سوم کھونگی [illegible] تیل ہتال [illegible] نکال کر پستانوں پر مالش کریں اور گرم پانی سے دھوئیں +

۴۲۔ نسخہ چہارم [illegible] +

۴۳۔ نسخہ پنجم۔ پوست انار پوست کیکر تازہ ہر ایک تین سیر پانی میں پکائیں جب پاؤ پانی رہ جائے تو چھانکر روغن کنجد پاؤ میں پکائیں جب پانی جل جائے۔ تو چھان کر تیل کو ملیں سخت پستان ہوں +

۴۴۔ نسخہ چھاتیوں میں دودھ پیدا ہو۔ ساگ بتھل بوٹی عمدہ ڈالکر پکا کر بوقت کھائے +

۴۵۔ نسخہ دوم تخم ترولی تخم شلغم تخم پیاز تخم گندنا سونف ہر ایک نو ماشہ جو کا نشاستہ دو تولہ نشاستہ چھ ماشہ۔ شکر سفید سب کے برابر صبح ایک تولہ دودھ سے پھانک لیا کریں +

۴۶۔ نسخہ چھاتیوں سے دودھ خشک ہو کھرائی چھ ماشہ کافور ایک ماشہ پیسکر لیپ کرو +

۴۷۔ نسخہ دوم کافور ایک حصہ کو روغن تارپین چھ حصہ میں حل کر کے پستانوں پر لیپ کریں دودھ خشک ہو +

۴۸۔ نسخہ سوم۔ زیرہ سیاہ پیسکر سرکہ میں حل کر کے پستانوں پر لیپ کریں +

۴۹۔ نسخہ پستانوں میں گرہ پڑ گئی ہو تو رفع کرے۔ موم دو تولہ۔ نمک لاہوری ایک تولہ پیسکر گرم

میں پوٹلی بنا کر پستانوں پر سینک دیں پھر اسی پوٹلی کی دوا پستانوں پر باندھ لیں +

۵۰۔ نسخہ دوم۔ ارنڈ کے پتے یا نیم کے پتے گرم کر کے پستانوں پر باندھیں گلٹیاں رفع ہوں +

۵۱۔ نسخہ دافع درد پستان۔ قدرے نیم گرم گائے کا گھی ملیں درد رفع ہو +

۵۲۔ نسخہ پستانوں کو بڑھنے سے روکے۔ پھٹکری کو پیس کر روغن زیتون میں حل کر کے بار بار پستانوں پر لیپ کریں تو پستان بڑے نہ ہونگے +

۵۳۔ نسخہ پستانوں کی خارش اور شگاف ہونے کو رفع کرے۔ انجیر زرد لیکر تر کر کے پیس کر پستانوں پر لیپ کریں پھر گرم پانی سے دھوئیں خارش رفع ہو +

۵۴۔ نسخہ دوم۔ کندر باریک کر کے روغن گل میں ملا کر پستانوں پر لیپ کریں +

۵۵۔ نسخہ دافع ورم پستان۔ گل سرخ۔ جعبہ۔ بابونہ ہر سہ ہموزن پیس کر موم سفید ملا کر کوٹ کر پستانوں پر جہاں ورم ہو لگائیں ورم رفع ہو +

۵۶۔ نسخہ دوم۔ سبوس گندم کو سرکہ میں پکا کر اس کا لیپ کرنا مفید ہے +

بابُ ۱۸ اٹھارھواں متعلقہ امراض اطفال

مسان اُٹھرہ۔ دردپسلی ڈبہ۔ اسہال پیچش۔ خروج مقعد پیشاب بستر پر ہو پیشاب جم جائے۔ دودھ ہضم ہو۔ منہ میں چھالے رفع ہوں پیاس گھٹی۔ بخار کھانسی ہر قسم۔ ام الصبیان

۵۷۔ نسخہ اگر بچے مرض مسان سے مرتے ہوں۔ تو عورت کو حنظل باریک کر کے تین ۳ ماشہ بکری کے دودھ سے ساتویں روز صرف چار مہینے پھکائیں بفضل خدا بچہ اس مرض سے نہ مریگا +

۵۸۔ نسخہ دوم اگر دبلا ہو کر مرے تو زہر مہرہ۔ نارجیل دریائی۔ سنگ یہود۔ زرنباد۔ حب الآس۔ زرد زردہ۔ زیرہ سفید۔ مصطگی رومی۔ الائچی خرد۔ مولف ہر ایک ماشہ۔ برگ پودینہ دو ماشہ سبکو پیس کر ایک رتی بچے کو کھلائیں +

۵۹۔ نسخہ سوم بیضہ مرغ لیکر اسمیں چند مرچ سیاہ بھر کر ہوا میں رکھدیں کہ خشک ہو جائے۔ پھر مع پوست باریک پیس کر گولیاں بقدر مونگ بنا رکھیں۔ ایک گولی صبح بچے کو پانی یا ماں کے دودھ میں گھس کر پلایا کریں مجرب ہے +

۶۰۔ نسخہ چہارم چھوٹی کٹھوری عرق گلاب میں گھس کر مونگ برابر گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ بوقت صبح کچھ عرصہ ایک گولی دودھ مادر میں گھس کر بچے کو پلایا کریں +

۶۱۔ نسخہ پنجم۔ موتی سیپ۔ زہر مہرہ خطائی۔ حجر الیہود۔ نارجیل دریائی۔ پوست بیضہ زرد۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خرد۔ مغز کنول گٹہ۔ زرد ورد ہر ایک چھ ماشہ سب کو پیس کر عرق گلاب میں گولیاں بقدر دانہ مونگ بنا کر صبح و شام گولی دیں +

۶۲۔ نسخہ مالش بدن پر دوپہر کو لیا کریں مجیٹھ۔ ۔ کائفل۔ نرکچور۔ ہلدی ہر ایک تولہ۔ جوتری۔ الائچی خرد۔ صندل سفید چھ چھ ماشہ سبکو آدھ سیر عرق گلاب میں گھول کر کے جوش دیں۔ جب نصف رہجائے تو چھانکر پاؤ روغن کنجد میں پکائیں جب پانی جل جائے تو زعفران ایک ماشہ پیس کر ملا کر اس سے مالش کریں +

۶۳۔ نسخہ دافع سوکھا اور دستوں کو روکے۔ پوست آملہ چھ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ایکماشہ پہلے مروارید کو بید مشک اور عرق گلاب میں کھرل کر کے سبکو ملا کر گولیاں بقدر مونگ بنا کر صبح ایک گولی بچے کو کھلایا کریں ؛

۶۴۔ نسخہ دافع اٹھراہ و بدہضمی و فساد خون خارش پھنسی وغیرہ۔ صندل سرخ و سفید گرد۔ ہرڑ مجیٹھ۔ نرکچور۔ برگ نیم خشک۔ برگ مہندی۔ منڈی۔ شاہترہ ہر ایک تولہ۔ نوشادر۔ کالی زیری۔ افسنتین۔

فلفل دراز۔ گلو نجی ہر ایک چھ ماشہ سب کو پیسکر ایک رتی سے تین رتی تک پانی سے کھلائیں +

۱۰۶۵۔ نسخہ دافع درد پسلی یعنی ڈبہ طوطیا سبز عصارہ ریوند ہر ایک ماشہ کھرل کرکے پانی سے گولیاں بقدر دانہ ماش بنا کر رکھیں وقت ضرورت ایک گولی ہمراہ دودھ مادر کے دیں۔ دست قے ہو کر آرام ہوگا +

۱۰۶۶۔ نسخہ دافع درد پسلی و کھانسی و درد چھاتی بارہ سنگا ٹکڑے کرکے ایک آبخورہ میں بھر کر دودھ دار ڈالکر بند کرکے تین پچیس سیر کی آگ اوپلوں کی دیدو کشتہ سفید ہوگا۔ اگر آگ میں کسر رہے تو پھر آگ دیدیں۔ خوراک دو رتی سے چار رتی تک قدرے شکر سفید ملا کر بچے کو کھلائیں +

۱۰۶۷۔ نسخہ دوم ایلوا زرد۔ پودینہ۔ مصطگی رومی ہر ایک تین ماشہ ہینگ بریاں عصارہ ریوند ہر ایک ماشہ لیکر پیسکر گولیاں بقدر نخود بنا کر بادام روغن سے چرب کرکے ایک گولی کھلائیں +

۱۰۶۸۔ نسخہ اسہال بچے کو رفع کرے۔ زیرہ سفید تین ماشہ پھٹکڑی بریاں چھ رتی دونوں کو پیسکر ملا کر ان کی چھ پوڑیہ بنا کر صبح دوپہر شام پانی سے بچے کو ایک ایک پوڑیہ کھلائیں +

۱۰۶۹۔ نسخہ دست آتے ہوں دانت نکلتے ہوں کلب لجر۔ طباشیر۔ زیب سبز۔ الائچی خرد۔ کباب چکنی بریاں ہر ایک تین ماشہ۔ کا نتی سار نصف ماشہ مصری نو ماشہ سب کو پیسکر رکھ لیں۔ ایک سال کے بچے کو نصف ماشہ شیر مادر سے کھلائیں دن میں تین دفعہ صبح دوپہر شام مجرب ہے +

۱۰۷۰۔ نسخہ دافع سبز دستوں کو بند کرے۔ ایک بتاشہ لیکر شیر آک کا ایک قطرہ ڈال کر کھلائیں +

۱۰۷۱۔ نسخہ ہر قسم کے دستوں کو بند کرے۔ ہینگ ایک ڈلی لیکر آرد گندم کے ایک پیڑے میں لپیٹ کر راکھ میں دبا کر سرخ کریں۔ جوان کو نخود برابر شیر خوار بچہ کو چوتھا حصہ پانی نیم گرم سے کھلائیں +

۱۰۷۲۔ نسخہ سبز دستوں کو رفع کرے۔ برگ نیم۔ ہلدی تین تین ماشہ دونوں کو پیسکر گولیاں بقدر نخود بنا کر رکھیں ایک گولی صبح دودھ مادر سے کھلائیں +

۱۰۷۳۔ نسخہ سبز دستوں کو رفع کرے۔ زیرہ سفید بریاں۔ سونف دیسی ہر ایک چھ ماشہ۔ جائفل دو ماشہ اجوائن دیسی ایک ماشہ۔ افیون چھ رتی سب کو باریک پیسکر ایک انار خام میں بھر دیں۔ اور اس پر آٹا لگا کر راکھ میں دبا دیں جب سرخ ہو جائے انار کو معہ دواؤں کے پیسکر گولیاں بقدر باجرہ بنا کر کھلائیں +

۱۰۷۴۔ نسخہ شیر خوار بچوں کے ہاضمہ کو درست کرے بچہ موٹا ہو۔ ہلیلہ زرد کابلی ایک۔ زر کو اس کے برابر دونوں کو سالم آرد گندم میں لپیٹ کر راکھ گرم میں دبا دیں۔ جب آرد گندم سرخ ہو جائے۔ تو اسکو پیسکر رکھ لیں وقت ضرورت ایک رتی سے دو رتی تک پانی میں قدرے نمک ملا کر پلائیں +

۱۰۷۵۔ نسخہ کہنہ دست بند ہوں۔ زیرہ سفید بریاں۔ گل انار۔ مغز تخم انبہ۔ اجوائن سے ہر ایک ہموزن پیسکر گولیاں بقدر بیر بنا کر رکھیں۔ خوراک صبح تین چار ماشہ حسب ضرورت عمر کھلائیں +

۱۰۷۶۔ تریاق معدہ درد وغیرہ کو روکے۔ نوشادر دیسی الائچی کلاں ہر ایک تولہ۔ مرچ سیاہ۔ نمک سونچر۔ ہر ایک چھ ماشہ سب کو علیحدہ علیحدہ پیسکر ملا کر چھ رتی سے ایک ماشہ تک نیم گرم پانی سے بچے کو دو تین رتی دیں +

۱۰۷۷۔ نسخہ دافع پیچش گاؤزبان۔ ریشہ خطمی۔ گل سرخ۔ بیخ انجبار ہر ایک تین ماشہ گلقند چھ ماشہ سب کو چھٹانک پانی میں گھوٹ کر ذرا جوش دیکر نصف صبح اور نصف شام پلائیں +

۱۰۷۸۔ نسخہ دوم کاہو۔ پوست ہلیلہ زرد۔ زرد رد۔ مازو۔ پوست آملہ ہر ایک تولہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ عرق گلاب میں کھرل کرکے گولیاں بقدر نخود بنا کر صبح و شام پانی سے کھلائیں +

۱۰۷۹۔ نسخہ سوم۔ گل دھاوہ۔ لودھ پٹھانی بیلگری۔ ناگر موتھ ہر ایک چھ ماشہ پیسکر چھ ماہ کے بچے کو نصف ماشہ ایک سال کے بچے کو ایک ماشہ اسی طرح سے دو سال کے بچے کو دو ماشہ شیر مادر سے کھلائیں +

۱۰۸۰۔ نسخہ چہارم شنگرف تین ماشہ سہاگہ بریاں چھ ماشہ۔ افیون ڈیڑھ ماشہ۔ شہد حسب ضرورت ملا کر گولیاں بقدر دانہ موٹھ بنا کر چھوٹے کو نصف گولی صبح نصف شام بڑے کو ایک صبح ایک شام پانی سے کھلائیں +

۱۰۸۱۔ نسخہ خروج مقعد کو روکے۔ زردی بیضہ مرغ لیکر گل روغن سے ملا کر مردار سنگ قدرے کھرل کرکے روئی کو تر کرکے مقعد پر صبح۔ دوپہر شام رکھکر باندھیں مجرب ہے +

۱۰۸۲۔ نسخہ دوم۔ مازو پھٹکری بریاں۔ پوست انار ہموزن پیسکر کپڑ چھان کرکے بعد فراغت پاخانہ کے یہ سفوف مقعد پر لگا کر لنگوٹ باندھ دیں۔ چند دفعہ لگانے سے پھر کانچ نہ نکلیگی +

۱۰۸۳۔ نسخہ سوم۔ مازو پھٹکری بریاں۔ پوست انار۔ گلنار۔ پھلی ببول ہموزن پیسکر چھان کر رکھیں بعد فراغت پاخانہ اس کو لگائیں۔ کھانے کیلئے نسخہ آخیر صفحہ ۵۳ کا ضرور بنائیں مجرب ہے +

باب ۱۹ انیسواں متعلقہ امراض تپ ہر قسم

بخار عام ہر قسم۔ بخار تیسری واری۔ بخار چوتھا واری۔ بخار سردی۔ بخار انفلوئنزا۔ پیاس بخار +

۱۱۰۲۔ نسخہ دافع بخار ہر قسم۔ نمک بانسہ چار رتی سے ایک ماشہ تک شہد میں ملاکر چاٹ لیا کریں +

۱۱۰۳۔ نسخہ دوم۔ گلو سبز۔ سونٹھ ہر ایک چھ ماشہ پانی میں جوشدیکر چھانکر قدرے مصری ملاکر پئیں +

۱۱۰۴۔ نسخہ سوم۔ گئو دنتی ہڑتال پانچتولہ لیکر گودہ کوار گندل آدھ سیر کو ایک آبخورہ مٹی میں بند کرکے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیدیں کشتہ ہوگا۔ خوراک دو رتی سے ماشہ تک کسی شربت یا پانی سے کھائیں +

۱۱۰۵۔ نسخہ چہارم۔ بخار ملیریا کو مفید۔ اسگندھ ناگوری پانچتولہ کے درمیان ہڑتال گئو دنتی پانچتولہ ایک کلیا میں بند کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیدو کشتہ ہوگی۔ تپ لرزہ دو گھنٹے پہلے نصف رتی پان میں +

۱۱۰۶۔ نسخہ پنجم۔ دیرینہ بخار رفع ہو۔ برگ نیم۔ مرچ سیاہ ہر ایک اکیس عدد پیسکر ایک پوٹلی بناکر آدھ سیر پانی میں جوشدیں جب آدھ پاؤ رہ جائے تو مریض پیئے مجرب ہے +

۱۱۰۷۔ نسخہ ششم۔ برگ تلسی نو عدد۔ مرچ سیاہ تین عدد پانی میں گھوٹکر بخار والا پیئے +

۱۱۰۸۔ نسخہ ہفتم۔ چڑھا ہوا بخار اترے۔ مرچ سیاہ کو تہ رود ہو مچھلی میں تر و خشک کرکے رکھیں۔ وقت ضرورت ایک مرچ پانی سے نگل لیں۔ بخار فوراً اتر جائیگا +

۱۱۰۹۔ نسخہ ہشتم۔ ست گلو۔ کتھ سفید ہر ایک تولہ۔ طباشیر تین ماشہ۔ گل سرخ اصلی دو ماشہ۔ بیم الفار سفید اکیرتی ان کو خوب پیسکر لعاب اسبغول ملاکر ساٹھ گولیاں بناؤ بعد غذا ایک گولی کھائیں مجرب ہے +

۱۱۱۰۔ نسخہ بخار تیسرا رفع ہو۔ پھٹکری سفید بریاں کرکے بخار سے دو گھنٹے پہلے چھ رتی سے ماشہ تک کھائیں +

۱۱۱۱۔ نسخہ دوم۔ مکڑی کا سفید جالا ایک لیکر قند سیاہ میں گولی بناکر دو گھنٹے پہلے بخار سے نگلیں +

۱۱۱۲۔ نسخہ بخار چوتھیہ کو رفع کرے۔ شنگرف۔ سم الفار سفید ہموزن پیسکر خوراک ایک چاول جلوائیں +

۱۱۱۳۔ نسخہ دوم۔ چوتھیہ و تیسرے کو رفع کرے۔ پھٹکری۔ سہاگہ ہر ایک تولہ۔ ایلوا دو تولہ باریک کرکے قدرے پانی سے گولیاں بقدر بیر بناکر صبح پانی سے ایک کھانی مفید ہے +

۱۱۱۴۔ نسخہ اگر بخار میں پیاس ہو۔ تو گل بنفشہ چھ ماشہ پانی میں پکاکر چھانکر اس میں ایک لیموں کا عرق ڈالکر پلادیں فوراً بخار اتر کر پیاس رفع ہوگی عجیب ہے +

۱۱۱۵۔ نسخہ دافع بخار انفلوئنزا۔ کافور۔ ملٹھی۔ تقشیر۔ ہینگ۔ گوند کیکر ہموزن لیکر پیسکر گولیاں دو رتی رتی بمقدار کی بناکر ایک گولی نگل کر اوپر سے دارچینی پانی میں قدرے پکاکر پئیں +

۱۱۱۶۔ نسخہ بخار سردی سے رفع ہو۔ گوند ببول ایک تولہ۔ مرچ سیاہ آٹھ تولہ پیسکر گولیاں بقدر بیر بناکر رکھیں۔ دو گولی بخار ہونے سے ایک گھنٹہ پہلے پانی سے کھائیں بخار نہ ہوگا مجرب ہے +

۱۱۱۷۔ نسخہ دوم۔ پھٹکری بریاں۔ سہاگہ بریاں ہر ایک چھ ماشہ۔ برگ بھنگ تین ماشہ۔ تخم دھتورہ ڈیڑھ ماشہ باریک پیسکر ذرا گوند ڈیکر گولیاں بقدر نخود بناکر دوا ایک گھنٹے پہلے ایک گولی پانی سے کھائیں +

۱۱۱۸۔ نسخہ سوم۔ مرچ سرخ پانی میں پیسکر انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی پر باندھیں بخار نہ ہوگا +

۱۱۱۹۔ نسخہ چہارم۔ پھٹکری دو تولہ۔ قلمی شورہ چار تولہ۔ گودہ کوار گندل میں کھرل کرکے کوزہ میں بند کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیدیں کشتہ ہوگا خوراک ایک چار رتی ماشہ تک بخار ہونے سے ایک گھنٹہ پہلے پانی سے کھائیں +

۱۱۲۰۔ نسخہ پنجم۔ پھٹکری بریاں چار رتی سے ماشہ تک بخار ہونے سے ایک گھنٹہ پہلے قدرے شکر ملاکر کھائیں +

۱۱۲۱۔ نسخہ ششم۔ پوست بیخ مدار ایک تولہ۔ مرچ سیاہ چھ ماشہ بکری کے دودھ میں پیسکر گولیاں بقدر نخود بناکر رکھیں۔ ایک یا دو گولی تپ لرزہ آنے سے دو گھنٹے پہلے کھائیں +

۱۱۲۲۔ نسخہ ہفتم۔ تپ ملیریا کیلئے اکسیر۔ مغز تخم کرنجوہ چار تولہ۔ قلمی شورہ ایک تولہ۔ نوشادر دیسی چھ ماشہ۔ گیرو تین ماشہ ان کو پیسکر رکھیں ایک ماشہ صبح ایک ماشہ دوپہر ایک ماشہ شام پانی سے کھائیں۔ جب تپ اتر جائے تو پھر سہاگہ۔ نوشادر ایک ایک رتی پیسکر پانی یا مناسب شربت سے کھائیں پھر بخار نہ ہوگا +

۱۱۲۳۔ نسخہ ہشتم۔ گلو سبز آدھ سیر۔ چرائتہ دو تولہ۔ مرچ سیاہ پانچ ماشہ سبکو جوکوب کرکے ایک سیر پانی میں ڈال کر پکائیں۔ جب پانی آدھ پاؤ رہ جائے تو مغز کرنجوہ آدھ پاؤ ڈال کر خوب کھرل کرکے نخود برابر گولیاں بناکر رکھیں۔ ایک گولی صبح ایک شام عرق سونف یا پانی سے کھائیں بفضل خدا بخار نہ ہوگا +

باب بیسواں۔ امراضِ متعلقہ جلد

خارش۔ داد چنبل۔ برص یعنی سفید داغ مصفیٰ خون چھپاکی چھنب بدن۔ مرہم پھوڑا۔ ناسور۔ گنج سر۔ بال سر کے گرنیکو روکے۔ بال پیدا ہوں۔ بد کو دبائے۔ رسولی۔ چنبل۔ ادونگلی۔ کوڑھو دھی۔ طاعون۔ پت بدن کو رفع کرے۔ درد جوڑ موچ۔ بوائی پاؤں پھٹنے۔ بھوکھ لگائے +

۱۱۲۴۔ نسخہ دافع خارش داڑھی۔ گندھک آملہ سار سیماب ہر ایک ہموزن کھرل کر کے روغن سرسوں میں ملا کر ملیں +

۱۱۲۵۔ نسخہ دافع خارش بدن۔ نمک لاہوری۔ سرکہ۔ روغن کنجد ہموزن ملا کر بدن پر رات کو ملیں اور صبح کار بالک صابون ملکر غسل کریں بفضل خدا خارش بدن رفع ہو +

۱۱۲۶۔ نسخہ دافع خارش پینے والا مجیٹھ ترپھلہ۔ کٹکی۔ نیم۔ دار ہلدی۔ گلو۔ چھال درخت نیم ہر ایک چار چار ماشہ پانی میں پکا کر چھان کر مصری تین تولہ ڈال کر پئیں +

۱۱۲۷۔ نسخہ مالش دافع خارش بدن۔ گندھک آملہ سار۔ تخم سنیا ناسی۔ برگ بھنگ ہر ایک دو تولہ کافور برگ حنا تین تین ماشہ۔ روغن سرسوں دس تولہ میں جلا کر مالش کریں +

۱۱۲۸۔ نسخہ دوم۔ روغن سرسوں پاؤ بھر میں ڈنڈا تھوہر آدھ پاؤ ڈال کر جلائیں۔ اور جب جل جائے۔ تو چھانکر تیل صاف کر کے وہ تیل لگائیں اور پھر چار گھنٹے بعد غسل کریں +

۱۱۲۹۔ نسخہ گولیاں خوردنی دافع خارش بدن۔ چاکسو۔ رسونت۔ برگ بھنگ خشک ہر ایک تولہ مرچ سیاہ چھ ماشہ سب کو پیسکر آب کوزہ چھدی بوٹی میں گولیاں بقدر بیر بنا کر صبح وشام پانی سے گولی کھائیں +

۱۱۳۰۔ نسخہ خوردنی و مالش۔ کلونجی۔ گندھک آملہ سار۔ گیرو ہر ایک تولہ تولہ۔ نیلا تھوتھا چھ ماشہ سب کو پیسکر دو روٹی کے درمیان ڈالکر پراٹھا کی طرح سے پکائیں جب روٹی پک جائے تو پھر روٹی درمیان سے کھول کر سب دوا جو بھری تھی نکال کر روٹی کو صاف کریں اور اس میں گھی اور شکر سفید ڈال کر کھائیں اور جو دوا روٹی سے نکلیگی وہ روغن کنجد میں ملا کر بدن پر ملیں اور غسل کریں +

۱۱۳۱۔ نسخہ خارش بدن ہر قسم۔ برگ شاہترہ کا پانی چھٹانک۔ ہلدی تولہ۔ روغن سرسوں چھٹانک میں پکا کر چھان کر ملیں +

۱۱۳۲۔ نسخہ خیسانده دافع خارش۔ برگ حنا۔ چرائتہ ہر ایک تین تولہ۔ طلیا سیاہ ایک تولہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح چھانکر قدرے مصری ڈالکر پئیں خارش رفع ہو +

۱۱۳۳۔ نسخہ خارش بدن۔ گندھک آملہ سار۔ نیلا تھوتھا۔ مردار سنگ ہر ایک چھ ماشہ پیسکر روغن گاؤ پانچ تولہ میں حل کر کے بدن پر مالش کریں اور دو گھنٹے بعد مہندی اور گرد کو ملا غسل کریں +

۱۱۳۴۔ نسخہ خاص دافع خارش گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ کافور۔ برگ مہندی چھ ماشہ۔ روغن سرسوں تین تولہ میں ملا کر بدن پر ملیں اور کچھ عرصہ بعد غسل کریں +

۱۱۳۵۔ نسخہ خاص دافع داد بدن۔ گندھک آملہ سار۔ کافور ہموزن۔ روغن تلی میں مناسب میں ملا کر لگائیں +

۱۱۳۶۔ نسخہ دوم سیماب۔ گندھک آملہ سار۔ گوگل۔ نوشادر ہر ایک دو دو تولہ باریک کر کے عرق لیموں سے چار روز کھرل کر کے گولیاں بنائیں اور پھر صبح وشام پانی سے گھسکر داد پر لگائیں +

۱۱۳۷۔ نسخہ سوم مٹی کا تیل داد پر لگا کر گندھک آملہ سار خوب پیسکر اس پر چھڑکیں +

۱۱۳۸۔ نسخہ چہارم۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ تخم پنواڑ دو تولہ جدا جدا باریک کر کے ملا کر رکھیں صبح وشام قدرے پانی میں ملا کر داد پر لگائیں مجرب ہے +

۱۱۳۹۔ نسخہ پنجم۔ گندھک آملہ سار۔ کافور ہر ایک تولہ تیل مٹی چار تولہ میں پیسکر داد کی جگہ ذرا کھجلا کر صبح وشام چند روز لگائیں بفضل خدا داد رفع ہو عجیب چیز ہے +

۱۱۴۰۔ نسخہ ششم۔ نوشادر۔ سہاگہ۔ نیلا تھوتھا ہموزن پیسکر دہی کی لسی میں ملا کر صبح وشام لگائیں +

۱۱۴۱۔ نسخہ ہفتم گوگل۔ گندھک آملہ سار۔ تخم مولی ہر ایک تولہ۔ طوطیا سبز سات ماشہ سب کو مولی کے پانی میں پیسکر لمبی لمبی گولیاں بنائیں وقت ضرورت پانی سادہ یا مولی میں گھسکر داد پر لگائیں +

۱۱۴۲۔ نسخہ ہشتم۔ داد سیاہ کو مفید۔ گندھک آملہ سار۔ سہاگہ۔ مصری پھٹکڑی ہموزن لیکر پیسکر رکھیں صبح وشام عرق لیموں میں ملا کر ذرا داد کو کھجلا کر لگائیں ہفتہ میں فائدہ ہو +

۱۱۴۳۔ نسخہ نہم۔ آک کے زرد پتے کوٹ کر پانی نکالیں اور گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا چھ ماشہ کھرل میں ڈالکر پیسیں اور صبح وشام داد پر لگائیں مجرب ہے +

۱۴۴۔ نسخہ دہم۔ سونٹھ۔ سہاگہ۔ برادہ صندل سفید قدرے قدرے پیسکر روغن گاؤ ملا کر لگائیں +

۱۴۵۔ نسخہ یازدہم۔ ملتانی مٹی۔ سہاگہ چوکیہ پھٹکڑی ہموزن پیسکر لسی میں کھرل کرکے گولی بنا کر گھسکر لگائیں +

۱۴۶۔ نسخہ دوازدہم۔ توتیا۔ سہاگہ بریاں۔ گندھک آملہ سار۔ شکر سفید ہموزن لیکر عرق لیموں میں ترش ہوکر رکھیں صبح و شام قدرے پانی میں حل کرکے داد پر لگائیں مجرب ہے +

۱۴۷۔ نسخہ سیزدہم۔ پرانی داد کو رفع کرے۔ سیماب۔ گندھک آملہ سار۔ مردار سنگ۔ کمیلہ۔ پھٹکڑی سفید ہر ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا تین ماشہ سب کو روغن سرسوں میں ملا کر صبح و شام لگائیں +

۱۴۸۔ نسخہ چہاردہم۔ اکسن بوٹی کی جڑ پیسکر داد پر صبح و شام لیپ کریں داد رفع ہو +

۱۴۹۔ نسخہ دافع چنبل خشک۔ ہڑتال ورقی۔ نوشادر ہموزن پیسکر روغن سرسوں میں ملا کر لگائیں +

۱۵۰۔ نسخہ چنبل ہر قسم کو رفع کرے۔ لکڑی کئو جو علاقہ پشاور میں ہوتی ہے۔ اس کے ٹکڑے کٹے کرکے ہانڈی میں بند کرکے پتال جنتر سے تیل نکال کر صبح و شام لگائیں +

۱۵۱۔ نسخہ دوم۔ سم اسپ۔ آملہ ہر دو چھ چھ ماشہ سوختہ کمیلہ دو ماشہ۔ سہاگہ ایک ماشہ سب کو پیسکر روغن سرسوں میں ملا کر صبح و شام چنبل پر لگائیں بفضل خدا چند روز میں چنبل رفع ہو +

۱۵۲۔ نسخہ سوم۔ گندھک آملہ سار۔ سیماب کشتہ کمیلہ۔ برگ مہندی۔ ہلدی کشتہ جست۔ گل ہارسنگھار ۔ سنگجراحت۔ کافور۔ گیرو۔ مائیں ہر ایک چھ ماشہ نیلا تھوتھا تین ماشہ کھرل کرکے لگائیں +

۱۵۳۔ نسخہ چہارم۔ تھوہر ڈنڈا کا ایک بالشت نیم خشک کرکے روغن سرسوں آدھ پاؤ میں جلائیں اور پھر اسی میں پیسکر وہ تیل صبح و شام چنبل پر لگائیں بفضل خدا چند روز کے استعمال سے چنبل رفع ہو +

۱۵۴۔ نسخہ پنجم۔ ناریل کا پوست سیاہ پرانہ۔ برادہ لکڑی شیشم۔ غلہ گندم ہموزن سب کو لیکر پتال جنتر میں تیل نکال کر صبح و شام لگایا کریں برگ نیم کو پکا کر اس سے دھویا کریں +

۱۵۵۔ نسخہ ششم۔ رال سفید۔ دارچکنا ہر ایک چھ ماشہ۔ برگ حنا۔ بہروزہ ہر ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا چار ماشہ۔ پارہ تین ماشہ پہلے دارچکنا اور نیلا تھوتھا کو روغن گاؤ ساڑھے پانچ تولہ میں کھرل کرکے رکھیں اور صبح شام چنبل پر لگایا کریں چند روز کے استعمال سے بفضل خدا چنبل رفع ہو +

۱۵۶۔ نسخہ ہفتم۔ چنبل اور داد کو رفع کرے۔ لک تیلا قوام کا ڈھائی تولہ میٹھا تیلیہ ایک تولہ پیسکر کپڑچھان کرکے ملا کر صبح شام کسی جانور کے پر سے لگایا کریں مجرب ہے +

۱۵۷۔ نسخہ ہشتم۔ کمن بوٹی جو دریا کے نم والی جگہ ہوتی ہے جسکا نسخہ ہمارا کتاب گنجینہ طبیب حصہ دوم میں درج ہے وہ سایہ میں خشک کرکے پیسکر رکھیں چنبل پر روغن سرسوں لگا کر وہ سفوف لگائیں +

۱۵۸۔ نسخہ دافع برص یعنی سفید داغ جسکو پھلبہری کہتے ہیں۔ گیرو۔ گندھک آملہ سار۔ باپچی ہموزن لیکر پیسکر ادرک کے پانی میں گولیاں بقدر رٹھہ بنا کر رکھیں۔ رات کو ایک گولی توڑ کر پانی میں بھگو دیں صبح آب زلال لیکر چھان کر پئیں اور فضلہ دواؤں کا داغوں پر صبح دوپہر شام لگائیں +

۱۵۹۔ نسخہ دوم۔ باپچی ایک حصہ سمپل آئنٹمنٹ دو حصہ یہ انگریزی دوا ہے دونو ملا کر داغوں پر لگائیں +

۱۶۰۔ نسخہ سوم۔ باپچی۔ گیرو چھالیہ پیسکر پھر صبح دوپہر شام داغوں پر لگائیں۔ چند روز میں فائدہ ہو +

۱۶۱۔ نسخہ چہارم۔ گندھک آملہ سار۔ سہاگہ۔ گوگل ہر ایک تولہ۔ ورق نقرہ یعنی ماشہ سب کو پیسکر عرق لیموں کے ساتھ کڑاہی میں خوب گھوٹ کر گولیاں بنا کر رکھیں صبح دوپہر شام پانی میں گولی گھسکر لگائیں +

۱۶۲۔ نسخہ پنجم۔ چرچٹہ یعنی پٹھکنڈہ کا نمک پانچ تولہ لیکر پانی سادہ پندرہ تولہ میں حل کرکے تیل ملکنگنی پانچ تولہ میں ملا کر نرم آنچ پر پکائیں جب سب پانی جلجائے۔ تو وہ تیل داغوں پر تین دفعہ دن میں لگایا کریں +

۱۶۳۔ نسخہ ششم۔ باپچی۔ ناگکیسر۔ گیرو۔ انبہ ہلدی ہر ایک تین ماشہ باریک کرکے آدھ پاؤ پانی میں رات کو بھگو دیں صبح اس کا آب زلال چھان کر پئیں اور فضلہ صبح دوپہر شام داغوں پر لگائیں +

۱۶۴۔ نسخہ ہفتم۔ باپچی دس تولہ سیماب پانچ تولہ اول سیماب کو دودھ تھوہر ڈنڈا میں چند روز کھرل کرکے پھر باریک کرکے باپچی ملا کر گولیاں بنا کر رکھیں پھر دن میں تین دفعہ سرکہ میں گولی گھسکر داغوں پر لگایا کریں +

۱۶۵۔ نسخہ ہشتم۔ روغن دافع برص و داد پرانہ۔ پوست سیاہ نارجیل آدھ سیر۔ غلہ گندم۔ تخم پنوار ہر ایک تین تولہ۔ طوطیا۔ لکڑی چیتہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ سوائے گندم کے سب کو جوکوب کرکے ملا کر ہانڈی میں بند کرکے تیل پتال جنتر سے نکالیں۔ اور پھر یہ تیل صبح دوپہر شام روئی سے لگایا کریں۔ یہ روغن نہائیت عجیب چیز ہے +

۱۱۶۶۔ نسخہ مصفی خون۔ جل نیم چھ ماشہ۔ مرچ سیاہ چھ دانہ پانی میں گھوٹکر چھانکر پئیں +

۱۱۶۷۔ نسخہ دوم مصفی خون و دافع خارش بدن۔ تخم ستیاناسی باریک پیسکر گولیاں بقدر نخود بناکر رکھیں ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام پانی سے نگل لیا کریں عجیب چیز ہے +

۱۱۶۸۔ نسخہ سوم۔ برگ کونپل نیم عشبہ لنگی۔ شاہترہ۔ چرائتہ۔ برگ مہندی ہر ایک پاؤ سب کو پانی تین سیر میں ایک رات بھگو کر اسقدر پکائیں کہ نصف سے کم پانی رہ جائے پھر ملکر چھانکر پھر اس میں زعفران چھ ماشہ جو عرق گلاب میں کھرل کیا ہو۔ ملاکر گولیاں بقدر نخود بناکر رکھیں۔ خوراک دو گولی صبح دو شام پانی سے نگل لیا کریں +

۱۱۶۹۔ نسخہ چہارم۔ برگ نیم چھ ماشہ مرچ سیاہ تین عدد گھوٹ کر چھان کر ایک ہفتہ صبح پئیں مجرب ہے +

۱۱۷۰۔ نسخہ پنجم۔ چرائتہ۔ شاہترہ۔ گل منڈی۔ سرپھوکہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ برادہ لکڑی شیشم۔ برادہ صندل سفید ہر ایک ساڑھے ماشہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح شربت عناب تین تولہ ڈال کر پئیں +

۱۱۷۱۔ نسخہ ششم مصفی خون دافع آتشک و قبض وغیرہ عشبہ۔ شکر سفید ہر ایک ساڑھے تین تولہ بسفائج۔ شاہترہ ہر ایک چونے پانچ تولہ صندل سرخ چودہ ماشہ۔ شہد ستائیس تولہ ان کو حسب دستور معجون تیار کرکے صبح ایک تولہ معجون پانی سے کھایا کریں بحکم خدا چند روز میں فائدہ ہو +

۱۱۷۲۔ نسخہ ہفتم خون صاف و مقوی دماغ۔ زرشک یعنی برہمی بوٹی چرب روغن گاؤ مغز کشنیز گوکھرو۔ سونٹھ ہر ایک تولہ۔ ترپھلا تین تولہ مغز بادام دو تولہ۔ چاروں مغز چار تولہ پیسکر ملاکر تین ماشہ سے چھ ماشہ صبح دودھ سے چند روز کھائیں بفضل خدا فائدہ عجیب چیز ہے +

۱۱۷۳۔ نسخہ دافع چھپاکی بدن۔ موم دیسی ایک تولہ۔ نمک لاہوری ایک ماشہ پیسکر گولیاں بقدر بیر بناکر رکھیں۔ صبح و شام گولی پانی سے کھائیں۔ پرہیز مرچ و نمک سے +

۱۱۷۴۔ نسخہ دوم۔ نارجیل۔ گیرو۔ قند سیاہ ہموزن ملاکر کھلائیں۔ پرہیز مرچ و نمک سے +

۱۱۷۵۔ نسخہ سوم۔ جل نیم بوٹی دریا کے کنارے ہوتی ہے۔ وہ ایک تولہ مرچ سیاہ تین ماشہ گھوٹکر گولیاں بقدر نخود بنا رکھیں۔ صبح و شام پانی سے ایک گولی نگل لیا کریں۔ پرہیز مرچ نمک سے +

۱۱۷۶۔ نسخہ چھینپ گردن چھاتی۔ برادہ صندل سفید۔ سہاگہ پانی میں پیسکر طلا کریں +

۱۱۷۷۔ نسخہ دوم۔ سہاگہ۔ تخم تُوری ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ کوکھرو ساٹ ماشہ سبکو عرق لیموں میں پیسکر طلا کریں +

۱۱۷۸۔ نسخہ اگر زخم نہ بھرتا ہو اور خون جاری ہو۔ تو مداری لکڑی کا تازہ ریشہ صبح شام باندھیں +

۱۱۷۹۔ نسخہ مرہم ہر قسم کے زخم کیلئے۔ روغن کنجد چھ تولہ اسمیں موم سفید تین تولہ ملائیں اور اسمیں کاہا کا ابیلٹہ تین ماشہ انگریزی دوا ہے کشتہ جست تین تولہ سب کو ملاکر مرہم بناکر زخموں پر صبح و شام لگائیں +

۱۱۸۰۔ نسخہ دوم۔ برگ و پھول و پوست جڑ نیم ہر ایک تولہ۔ رال سفید۔ سندور ہر ایک تولہ۔ مردا سنگ چھ ماشہ سب کو پیسکر چھٹانک روغن گاؤ میں ملاکر زخم پر لگائیں۔ اور برگ نیم کو پکاکر اس سے دھویا کریں +

۱۱۸۱۔ نسخہ سوم۔ رال سفید۔ سندور۔ کوئلہ پتھر ہموزن باریک پیسکر روغن السی میں پکاکر مرہم بنائیں اور لگائیں +

۱۱۸۲۔ نسخہ چہارم۔ موم۔ سیندور۔ سفیدہ کاشغری ہر ایک چھ ماشہ۔ نیلا تھوتھا دو رتی۔ روغن سرسوں دس تولہ اول تیل میں سب دواؤں کو پکائیں جب سیاہ ہو جائے تو پھر موم ڈال کر اتار لیں اور استعمال کریں +

۱۱۸۳۔ نسخہ پنجم مردا سنگ سفیدہ کاشغری۔ رال سفید۔ صدف سوختہ ہر ایک تین ماشہ سب کو پیسکر بہروزہ خام و موم قدرے لیکر آگ پر گرم دونوں کرکے سب دوائیں ملاکر مرہم بناکر لگاؤ +

۱۱۸۴۔ نسخہ ششم۔ ہر قسم کے پھوڑوں اور زخموں کو درست کرے۔ مردا سنگ کتھ گلابی شنگرف۔ سیندور۔ رال سفید۔ نیلا تھوتھا بریاں۔ زنگار۔ استخواں سوختہ۔ سفیدہ کاشغری صابن دیسی ایک تولہ سبکو باریک کرکے روغن گاؤ پچیس تولہ کو کانسی کے برتن میں ڈالکر تین روز گھوٹیں اور پھر کپڑے پر لگاکر زخم پر لگائیں +

۱۱۸۵۔ نسخہ ہفتم۔ بورانی کو جلاکر دو تولہ لیں موم اصلی۔ پنج ہر ایک تولہ روغن گاؤ دو تولہ میں ملاکر رکھیں اور پھر کپڑے پر لگاکر زخم پر لگایا کریں نہایت عجیب چیز ہے +

۱۱۸۶۔ نسخہ ہشتم کمیلہ۔ رال۔ سہاگہ۔ مردا سنگ۔ نیلا تھوتھا۔ کوڑی سوختہ ہر ایک تولہ۔ موم دیسی ڈھائی تولہ۔ روغن گاؤ دس تولہ میں پگھلا کر مرہم بناکر رکھیں اور مرہم لگائیں +

۱۱۸۷۔ نسخہ مرہم دافع موگلی پھوڑہ۔ اسپغول دو تولہ۔ افیون دو رتی۔ مغز جمالگوٹہ دو عدد۔ چونے کی مٹی جلی ہوئی دو تولہ۔ پانی ڈال کر خوب پیسکر پھوڑے پر کپڑے لگائیں۔ یہانتک کہ خود بخود اتر جائے۔ تو پھر مرہم نسخہ پنجم والی لگایا کریں نہایت عجیب چیز ہے +

۱۱۸۸۔ نسخہ طلیش برائے دبانے پھوڑا۔ تھس توتی یا بینگن کو کاٹ کر پھوڑے پر صبح و شام باندھیں۔ یا آرد گندم میں قدرے سہاگہ ڈالکر وہ پکا کر صبح و شام باندھیں مجرب ہے +

۱۱۸۹۔ نسخہ دافع ناسور۔ لنگھی بوٹی کے پتے لیکر اس کا نگدہ یعنی کوٹ کر صبح و شام ناسور پر باندھا کریں +

۱۱۹۰۔ نسخہ دوم۔ برگ کنیر سفید گل دو تولہ ہاتھ سے مسلکر روغن ارنڈ ایک تولہ میں ڈال کر جلائیں۔ جب جل جائیں تو اسی میں خوب گھوٹ کر پورانے سے پورانے زخم پر لگائیں بحکم خدا اچھا ہو +

۱۱۹۱۔ نسخہ سوم۔ بارود صمہ ایک تولہ۔ روغن کنجد ڈھائی تولہ میں خوب ہی کھرل کرکے اس میں بتی تر کرکے سوراخ میں دیں اگر سوراخ باریک ہو تو ذرا کپڑا تر کرکے اسجگہ رکھکر باندھ دیں +

۱۱۹۲۔ نسخہ چہارم۔ تی لی تری کو پیسکر چھان کر تیزاب گندھک میں خوب کھرل کرکے مرہم بنائیں پھر باریک بتی دھاگے کی بناکر ناسور میں دیں۔ بحکم خدا ناسور اچھا ہو +

۱۱۹۳۔ نسخہ دافع گنج سر۔ تیرہ کو مار کر پیسکر روغن سرسوں میں ملاکر سر پر چند روز لگائیں +

۱۱۹۴۔ نسخہ دوم گنج و پھوڑے۔ بال دور کرنے والی ۔۔۔ مرچ سیاہ۔ امر بیلہ تھا کسیلہ پر ایک ہموزن اول کچلا امر بیلہ تھوتھا کو تیل سرسوں میں ڈالکر نیم سوختہ کریں۔ پھر اس میں مرچ سیاہ اور کمیلہ دونو ملاکر رکھ لیں اور سر پر چند روز لگائیں مجرب ہے +

۱۱۹۵۔ نسخہ بال سر کے گر نیکو روکے۔ تخم ترس پانی میں پیسکر لگا کر غسل کریں۔ بال نرم و دراز ہوں +

۱۱۹۶۔ نسخہ دوم۔ بالچھڑ بتی کی کھال جلا کر دو گنے تیل سرسوں میں خوب ملا کر لکڑی سے تین دفعہ ملاکر لگائیں +

۱۱۹۷۔ نسخہ سوم۔ اڈیرہ کو پیسکر سر کہ میں ملا کر لگا کر لگائیں جہاں سے بال خود بخود گرتے ہوں پھر دہی سے دھوئیں +

۱۱۹۸۔ نسخہ بال پیدا کرے۔ برادہ ہاتھی دانت جلا کر اس کے ہموزن رسوت لیں اور دودھ بکری میں حل کرکے گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ دو وقت دودھ میں ہی گھسکر طلا کریں بال پیدا ہونگے +

۱۱۹۹۔ نسخہ دوم۔ زردی بیضہ مرغ کا تیل نکال کر صبح شام لگانے سے بال پیدا ہو جاتے ہیں +

۱۲۰۰۔ نسخہ بال صاف کرنے کا۔ بیریم سلفائڈ دو حصہ ہائیڈرو سلفٹ آف سوڈا تین حصے نشاستہ پندرہ حصہ کو شکر لاثم کا سفوف پندرہ حصہ سبکو ملاکر رکھیں وقت ضرورت ذرا پانی میں حل کرکے لگائیں اور دھوئیں +

۱۲۰۱۔ نسخہ دوم۔ بال صاف۔ بیریم سلفائڈ ایکتولہ نشاستہ تین تولہ ملاکر رکھیں ذرا پانی میں حل کرکے لگائیں اور دھوئیں۔ بال صاف ہوں گے +

۱۲۰۲۔ نسخہ سوم۔ بیریم سلفائڈ دو تولہ۔ آکسائیڈ آف زنک ایکتولہ نشاستہ ایکتولہ ملاکر لگائیں اور دھوئیں +

۱۲۰۳۔ نسخہ دافع بدبو بغل۔ لیموں کے پتوں کا پانی نکالکر بغل میں چند دفعہ لگائیں بدبو رفع ہو +

۱۲۰۴۔ نسخہ بدبو بدن کو رفع کرے۔ سونٹھ سرکہ میں پیسکر بدن پر ملکر غسل کریں۔ بدن صاف ہوگا +

۱۲۰۵۔ نسخہ بدبو کو دبائے۔ لوبان کوڑیہ اور کافور قدرے قدرے پیسکر بدبو دان میں چند دفعہ لگائیں +

۱۲۰۶۔ نسخہ رسولی کو تحلیل کرے۔ بیگ کو کرشتہ دی روغن آمی یا روغن گاؤ سے چپڑ کر رسولی پر باندھا کریں +

۱۲۰۷۔ نسخہ اگر گرمی بدن پر پھر جائے۔ سرکہ نمک لاہوری پانی سادہ تینوں ملاکر دھوئیں و کپڑا تر کرکے رکھیں +

۱۲۰۸۔ نسخہ دافع پت بدن موسم گرما۔ مرداسنگ بینگ ہموزن پیسکر گولیاں بقدر نخود بنالیں صبح پانی سے کھائیں عجیب چیز ہے +

۱۲۰۹۔ نسخہ دوم۔ ۔۔۔ دودھ گائے کا پیسکر وہ بدن پر ملیں اور غسل کریں پت صاف ہو +

۱۲۱۰۔ نسخہ دافع جذام۔ پوست آملہ روغن نیم گندھک آملسار ہموزن پیسکر گولیاں بقدر بیر بنا کر رکھیں۔ پھر بوقت صبح عرق نیم سے ایک چلہ برابر ایک گولی نگل لیا کریں +

۱۲۱۱۔ نسخہ دافع طاعون۔ گڑ مار بوٹی ایکتولہ مرچ سیاہ تین ماشہ پیسکر تریسٹھ گھنٹے گرم پانی سے کھالیں +

۱۲۱۲۔ نسخہ دوم لیپ دافع گلٹی۔ گڑ مار بوٹی تین ماشہ۔ ثنائی ایک ماشہ کافور دو ماشہ۔ زہر مہرہ ایک ماشہ سب کو سرکہ میں پیسکر صبح دوپہر شام طلا کریں اور اوپر والا نسخہ پلائیں +

۱۲۱۳۔ نسخہ دافع لوط و داد چنبلی۔ گندھک آملسار نیلا تھوتھا۔ نوشادر سہاگہ مصری ہموزن پیسکر رکھ لیں وقت ضرورت دہی میں حل کرکے لگایا کریں مجرب ہے +

۱۲۱۴۔ نسخہ ایڑی پاؤں پھٹنے کو رفع کرے۔ موم زرد پانچ تولہ۔ روغن کنجد ڈھائی تولہ۔ گلیسرین آئل ڈھائی تولہ ملاکر بیوائیوں پر لگائیں مجرب ہے +

۱۲۱۵۔ نسخہ دوم۔ رال۔ موم۔ سندور۔ گڑ۔ روغن سرسوں ہموزن پکا کر بطور مرہم لگائیں +

باب ۲۱ اکیسواں متفرق نسخہ جات

۱۲۱۶۔ نسخہ آنکھ کی مرضوں کے یعنی سرمہ مقوی بصر۔ سُرمہ سیاہ پانچ تولہ گرم کر کے ترپھلہ کے پانی میں بجھا دیں۔ اور اس میں کشتہ جست دو تولہ۔ مرجان سوختہ۔ صدف کلاں سوختہ۔ پھٹکڑی بریاں ہر ایک تولہ۔ قلمی شورہ چھ ماشہ۔ عرق گلاب و عرق سونف میں کھرل کر کے سرمہ بنائیں +

۱۲۱۷۔ نسخہ دافع ککرے چشم۔ نیلا تھوتھا بریاں ایکرتی۔ عرق گلاب عمدہ سوا تولہ میں حل کر کے رکھیں اور صبح ایک دفعہ آنکھ کے پپوٹوں کو دھولیا کریں۔ اور پھر سرد پانی سے چھینٹے لگائیں +

۱۲۱۸۔ نسخہ دوم سمندر جھاگ نوشادر۔ پھٹکڑی۔ نمک لاہوری ہر ایک دو تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک ماشہ سبکو خوب کھرل کر کے رکھیں صبح و شام سلائی سے لگایا کریں مجرب ہے +

۱۲۱۹۔ نسخہ دافع پربال پھٹکڑی کھن گاؤ ہموزن ایک توے پر رکھیں کہ پھٹکڑی پگھل جائے اور خشک ہو جائے۔ تو اس میں گیرو نرم چھ ماشہ پیسکر ملائیں اور رکھیں بال اُوکھاڑ کر وہاں ہر روز لگایا کریں +

۱۲۲۰۔ نسخہ امساک بلا خوردنی تخم رس کا تیل پتال جنتر سے نکال کر کف پا پر دو ماشہ لگائیں +

۱۲۲۱۔ نسخہ افیون چھوڑانے کیلئے۔ گوندکیکر۔ ریوند چینی۔ اجوائن۔ سونٹھ۔ تخم دھتورہ۔ بیج لفاح سبکو باریک کر کے گولیاں بقدر نخود بنا کر ایک صبح پانی سے کچھ عرصہ نگلیں +

۱۲۲۲۔ نسخہ افیون کا نشہ اُوتارے۔ مغز بنولہ دو یا ڈھائی تولہ پانی میں گھوٹکر جوان مرد کو پلائیں +

۱۲۲۳۔ نسخہ دافع ابتدا گلگٹہ میٹھا تیلیہ قدرے شراب میں گھسکر صبح و شام لیپ گلے پر کریں +

۱۲۲۴۔ نسخہ اندری جلاب دافع سوزاک اور عضو کا سوراخ تر کو کم کرے۔ ریوند چینی۔ سونف۔ پوست آملہ ہر ایک ہموزن پیسکر صبح بمقدار چھ ماشہ دودھ اور پانی ملا کر اس سے پھانکیں +

۱۲۲۵۔ نسخہ دافع جلنے آگ۔ بارود گھی وغیرہ شیرہ کو اگندل فوراً لگائیں۔ آبلہ نہ پڑیگا +

۱۲۲۶۔ نسخہ دوم آگ سے جلنے پر فوراً آلو کوٹ کر یا دہی یا پیپرمنٹ تیل یا سفیدی انڈا۔ روغن گل ملا کر لگائیں +

۱۲۲۷۔ نسخہ سوم۔ روغن سرسوں۔ برگ نیم ہر ایک آدھ آدھ پاؤ لیکر اس میں جلا کر چھان لیں +

پھر لسلہ۔ کافور ہر ایک سوا سوا تولہ پیسکر ملا کر شیشی میں رکھیں اور وہ جلی ہوئی جگہ لگائیں +

۱۲۲۸۔ نسخہ اچھارہ بچہ کو رفع کرے۔ گودہ املتاس پانی میں پیسکر ناف کے گرد پیٹ پر لیپ کریں +

۱۲۲۹۔ نسخہ دافع بخار پرانہ و سوزاک و جریان۔ ست گلو اصلی ست سلاجیت۔ الائچی خرد۔ گھاں بید ملٹھی مقشر۔ تالمکھانہ۔ طباشیر۔ کشتہ قلعی ہر ایک ہموزن اور مصری سب کے برابر جدا جدا پیسکر ملا کر صبح نو ماشہ پھانک کر اوپر سے شربت بزوری تین تولہ پیا کریں مجرب ہے +

۱۲۳۰۔ نسخہ بھڑ کے کاٹے کی جلن رفع ہو۔ نوشادر۔ پھٹکڑی ہر دو یا اکیلا نوشادر پانی سے لگاؤ +

۱۲۳۱۔ نسخہ بچھو کے کاٹے کا علاج۔ پوست ریٹھہ پانی میں حل کر کے ڈنگ کی جگہ لگاؤ +

۱۲۳۲۔ نسخہ دوم۔ تخم املی کو مقشر کر کے اس مغز کو ڈنگ والی جگہ لگائیں۔ زہر جذب کریگا +

۱۲۳۳۔ نسخہ سوم۔ پیاز کا ٹکڑا یا سُرخ مرچ شہد میں پیسکر لیپ کرو۔ یا نوشادر لگاؤ +

۱۲۳۴۔ نسخہ دافع بواسیر ہر قسم پھنگرہ سفید آدھ سیر کا گدہ کر کے اس میں گئودنتی ہڑتال پانچ تولہ رکھکر آگ دس سیر اوپلوں کی دیدیں کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک رتی سے چار رتی مکھن یا بالائی میں کھلائیں +

۱۲۳۵۔ نسخہ بدن موٹا کرے۔ موصلی سفید۔ اسگندھ ہر ایک ہموزن اور سب کے برابر شکر سفید ملا کر ہر روز بوقت صبح ایک تولہ دودھ سے پھانک لیا کریں +

۱۲۳۶۔ نسخہ مالش بچہ دبلا کو موٹا کرے۔ چرائتہ پانی میں پکا کر چھان کر اس میں روغن کنجد قدرے ملا کر پکائیں جب پانی جل جائے۔ تو پھر اس کی مالش بدن پر دوپہر کو کریں +

۱۲۳۷۔ نسخہ بھوک خوب لگے۔ سنگدانہ مرغ پونے نو ماشہ۔ الائچی خرد۔ الائچی کلاں۔ گل سرخ اصلی لونگ دھنیا۔ دارچینی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ پودینہ۔ خولنجاں۔ سونف۔ سنج۔ قرفہ۔ اجوائن ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ نمک سنگ پونے نو ماشہ سب کو پیسکر گولیاں بقدر بیر بنا کر صبح و شام کھلائیں +

۱۲۳۸۔ نسخہ دوم چورن۔ سونٹھ مرچ سیاہ۔ کھاں۔ الائچی کلاں۔ چیتہ۔ اجوائن ہر ایک تولہ۔ سہاگہ چھ ماشہ۔ نمک لاہوری۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک دو تولہ۔ گندھک مصفیٰ تین تولہ سب کو باریک پیسکر رکھیں۔ خوراک تین ماشہ پانی کھایا کریں۔ عجیب چیز ہے +

۱۲۳۹۔ نسخہ پارہ خام اگر کھایا ہو تو نکالے۔ برگ ریحاں نو ماشہ۔ مرچ سیاہ سات دانہ کو صبح کے وقت گھوٹ کر چھان کر پیا کریں۔ تو پارہ سب نکلتا ہے +

۱۲۴۰۔ نسخہ دوم پارہ پیشاب کی راہ نکلے۔ مدار کی شاخ کا کونپل کر کے ہموزن مصری ملا کر چند روز صبح چھ ماشہ پانی سے پھانک لینے سے پارہ نکل جائے +

۱۲۴۱۔ نسخہ پیشاب بند کو جاری اور پتھری نکالے۔ ٹپکنڈہ کی جڑ بسکھپرہ کی جڑ ہر ایک چھ ماشہ مرچ سیاہ پانچ دانہ پانی میں گھوٹ کر پئیں عجیب ہے +

۱۲۴۲۔ نسخہ پیشاب زیادہ کو روکے۔ تخم ہالنگنی تین تولہ۔ پان کی جڑ ایکتولہ جو کوٹ کر کے روغن گاؤ میں بریاں کر کے پیسکر ہموزن مصری ملا کر دو یا تین ماشہ قدرے شہد میں ملا کر صبح دودھ سے کھائیں +

۱۲۴۳۔ نسخہ پیشاب زمین پر چونہ کی طرح جم جائے اور درد بدن کو بھی رفع کرے۔ گوگل بھیسہ ست سلاجیت کشتہ قلعی کشتہ فولاد ہموزن لیکر شہد میں گولیاں تین تین رتی بنا کر صبح و شام ایک ایک گولی تازے شہد سے کھائیں

۱۲۴۴۔ نسخہ ہاتھ پاؤں کے پسینہ آنیکو رفع کرے۔ سونگا عذر جلا کر ہاتھ پاؤں پر مہندی کی طرح لگائیں +

۱۲۴۵۔ نسخہ دوم پھٹکری باریک پیسکر ہاتھ پاؤں پر ملیں پسینہ نہ آئیگا +

۱۲۴۶۔ نسخہ سوم پاؤں کی تلیاں جلنے کو روکے۔ آملہ پانی میں پیسکر لگائیں۔ اور آملہ چھ ماشہ پانی میں گھوٹ کر چھان کر مصری ڈال کر چند روز پئیں +

۱۲۴۷۔ نسخہ پھوڑے سخت کو نرم کر کے پھوڑے۔ چھال درخت پیپل پیسکر پھوڑے پر باندھو +

۱۲۴۸۔ نسخہ چنبل اور انگلی کو رفع کرے۔ انڈا مرغی میں ذرا سوراخ کر کے انگلی اسمیں ڈالکر باندھیں دوسرے روز پھر نیا انڈا لیکر اس میں انگلی ڈال کر باندھیں مجرب ہے +

۱۲۴۹۔ نسخہ دافع چھائیں چہرہ۔ توریاں زرد لیکر عرق لیموں میں بھگو دیں پھر سفوف بنائیں۔ وقت ضرورت قدرے سفوف لیکر پانی میں حل کر کے داغوں پر لیپ کریں +

۱۲۵۰۔ نسخہ حافظ تیز کرے۔ موتی سچے۔ طباشیر۔ ست گلو۔ الائچی خورد کو عرق گلاب کیوڑہ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر موٹھ بنا کر رکھیں صبح و شام ایک ایک گولی عرق گاؤزبان سے کھائیں مجرب ہے +

۱۲۵۱۔ نسخہ دوم دافع نسیاں۔ مرکی۔ سورکوٹی۔ مصطگی رومی۔ مرچ سیاہ ہر ایک تولہ شہد اصلی سب دواؤں کے سہ چند معجون بنائیں۔ خوراک صبح تین ماشہ دودھ سے کھایا کریں +

۱۲۵۲۔ نسخہ سوم۔ بچ عمدہ لیکر پیسکر رکھیں ایک ماشہ صبح دودھ سے چند روز پھانک لیا کریں +

۱۲۵۳۔ نسخہ حیض زیادہ آنیکو روکے۔ لکڑی برگ جلا کر راکھ کر کے ایکماشہ پانی سے تین روز کھاؤ +

۱۲۵۴۔ نسخہ حیض درد سے آنیکو روکے۔ کلونجی تین ماشہ پھانک کر اوپر سے مغز بنبہ دانہ تین تولہ پانی میں پکا کر پئیں تو بحکم خدا حیض درست آئے +

۱۲۵۵۔ نسخہ دوم جس روز حیض آئے اسی روز مغز بنبہ دانہ تین تولہ۔ حب القرطم۔ پوست املتاس ہر ایکتولہ پانی میں خوب جوش کر کے چھانکر شکر سرخ تین تولہ ڈال کر صبح چار روز پئیں +

۱۲۵۶۔ نسخہ خوشبودار تیل بنانا۔ روغن کنجد آدھ سیر میں لونگ۔ الائچی کلاں۔ جوتری۔ جائفل۔ صندل سفید و سرخ۔ کپور کچری۔ ناگرموتھ۔ بالچھڑ۔ پانڑی ہر تولہ۔ رتن جوت ڈیڑھ تولہ سب کو بھگو کر پھر تیل میں پکائیں +

۱۲۵۷۔ نسخہ دافع خارش خصیہ۔ کافور۔ کمیلہ۔ مرداسنگ ہر ایک تین ماشہ برگ حنا ہر ایک چھ ماشہ ان کو پیسکر مکھن میں ملا کر خارش کی جگہ لگائیں اور پھر صابون کاربالک سے دھوئیں +

۱۲۵۸۔ نسخہ خضاب۔ سنگرا سیخ نحاسی۔ مازو۔ پھٹکری۔ مرداسنگ سب ہموزن ہوں اول مازو کو روغن سرسوں میں بریاں بھنگ سرخ کر کے سبکو آملہ کے پانیمیں بھگو کر مہندی کی طرح سے بالوں پر لگائیں اور باندھیں اور دو گھنٹے بعد دھوئیں +

۱۲۵۹۔ نسخہ دھات پشت و ممسک۔ پوست کیکر جس پر اس کا حصہ ملا لگا ہو لیکر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے پانی میں بھگو کر پکائیں اور ملکر شیرہ اس کا نکال کر پکائیں اگر یہ قوام پانچ تولہ ہو۔ تو پھر مغز بادام۔ مغز تخم املی۔ خوب کلاں مصری ہر ایک دو تولہ ملا کر صبح ایک تولہ دودھ سے کھائیں +

۱۲۶۰۔ نسخہ دافع درد جوڑوں و موچ وغیرہ کو بھی مفید ہے۔ کافور ایکتولہ۔ روغن زیتون چار تولہ ملا کر ملیں +

۱۲۶۱۔ نسخہ دوم۔ برگ مدار زرد کا پانی دس تولہ۔ روغن کنجد پانچ تولہ میں ڈالکر نرم آنچ پر پکائیں جب پانی جل جائے چھانکر رکھیں اور دردوں پر ملیں +

۱۲۶۲۔ نسخہ دافع درد زانوں۔ لونگ۔ سونٹھ۔ جائفل ہر ایکتولہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ ست سلاجیت دو رتی انکو

تین روز کھرل کرکے موٹھ برابر گولیاں بنا کر صبح شام پانی سے ایک ایک گولی کھائیں +

۱۲۶۳- **نسخہ دافع درد نقرس یعنی پاؤں**۔ گندھک زرد ایک پاؤ باریک کرکے ڈیڑھ سیر پانی میں گرم کریں پھر اس پانی میں پاؤں کو کچھ عرصہ رکھیں۔ اسی طرح سے ایک ہفتہ پانی کو استعمال کریں +

۱۲۶۴- **نسخہ دافع درد گنٹھیا**۔ کچلہ مدبر گوگل مغز تخم نیم ہموزن باریک کرکے گولیاں بقدر نخود بنا کر رکھیں۔ ایک گولی صبح ایک شام پانی سے کھائیں دودھ گھی کا استعمال خوب کریں +

۱۲۶۵- **نسخہ دافع درد چوٹ**۔ شنگرف رومی چھ ماشہ پردہ زردی بیضہ مرغ کھرل کرکے پھر جلا کر تیل نکالیں اور اس تیل کی مالش چند روز کریں +

۱۲۶۶- **نسخہ دانتوں کو مضبوط کرے**۔ عاقر قرحا پھٹکڑی۔ نوشادر۔ مرچ سیاہ ہر ایک چھ ماشہ۔ کوئلہ لکڑی ڈھاک پانچ تولہ سب کو پیسکر رکھیں اور صبح و شام دانتوں پر ملا کریں +

۱۲۶۷- **نسخہ دانت کو کیڑا اور درد ہو اسکو رفع کرے**۔ نوشادر۔ عاقر قرحا۔ کافور۔ افیون ان کو پیسکر سوراخ میں رکھیں درد فوراً رفع ہو +

۱۲۶۸- **نسخہ دافع [illegible]** [illegible] دودھ میں بھگو دیں [illegible] داغوں پر لگایا کریں کچھ عرصہ اسی طرح لگانے سے داغ رفع ہوں گے +

۱۲۶۹- **نسخہ دافع دمہ کھانسی** کشتہ صدف ہر ایک تولہ۔ جوکھار چھ ماشہ تینوں کو پیسکر نصف رتی یہ پیکر شہد میں ملا کر دن میں چار دفعہ چٹائیں **کشتہ ہڑتال گئودنتی** بانجھ تولہ کیلئے مٹی تیل کی چھال میں قلم کے نگدہ میں لپیٹ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیدیں اور کشتہ صدف کو ارگند ل میں کھکر آگ دیدیں۔ یہ کشتہ بھی ہو جاتا ہے +

۱۲۷۰- **نسخہ دافع درد وجع مفاصل** شنگرف رومی۔ میٹھا تیلیہ۔ مرچ سیاہ ہر ایک چھ ماشہ۔ افیون تین ماشہ سب کو پیسکر آب ادرک ساڑھے تین تولہ میں کھرل کرکے گولیاں بقدر موٹھ بنا کر صبح و شام ایک ایک گولی پانی کے ساتھ کھائیں

۱۲۷۱- **نسخہ دافع زخم خصیوں**۔ روغن کنجد میں کمیلہ ملا کر خصیوں پر لگائیں +

۱۲۷۲- **نسخہ دیوانہ سگ یعنی کتا کاٹے کا**۔ پوست بیخ مدار دو تولہ فلفل سیاہ ایک تولہ پیسکر ایک ماشہ پانی سے تین ہفتے برابر کھایا کریں مجرب ہے +

۱۲۷۳- **نسخہ دوم** پھٹکنڈا کی جڑ باریک پیسکر چار ماشہ لیکر شہد میں ملا کر چند روز کھایا کریں +

۱۲۷۴- **نسخہ سانپ کاٹے کی** زہر رفع ہو پھٹکڑی سرخ باریک کرکے نو ماشہ پانی سے تین تین گھنٹے بعد کھلائیں +

۱۲۷۵- **نسخہ دوم**۔ پوست ریٹھہ جس سے کپڑے دھوتے ہیں پیسکر ماشہ ماشہ تین دفعہ پانی سے پھانکیں +

۱۲۷۶- **نسخہ سوم** تھور کے پتہ کا پانی لیکر اس میں گندم چھ ماشہ تر کرکے رکھ چھوڑیں۔ بوقت ضرورت ایک دانہ گندم پانی میں گھول کر دانہ کھا کر اوپر سے پانی پی لیں مجرب ہے +

۱۲۷۷- **نسخہ چہارم** کیلے کی جڑ کا پانی کوٹ کر وہ پانی ڈیڑھ گھنٹے گھنٹے بعد پلائیں۔ زہر رفع ہو +

۱۲۷۸- **نسخہ پنجم** جنگلی تڑی کی سیل دو ماشہ کھلا کر اوپر سے گھی پانچ تولہ پلائیں اکسیر ہے +

۱۲۷۹- **نسخہ ششم**۔ پوست ریٹھہ باریک کرکے نو ماشہ پانی سے پھکائیں فوراً قے ہوگی۔ اور اسی کا سفوف سرکہ میں حل کرکے بار بار لگائیں زہر کو رفع کرے +

۱۲۸۰- **نسخہ ہفتم**۔ ایک تھور کا ڈنڈا لیکر اس میں سوراخ کرکے مرچ سیاہ قدرے ڈال کر رکھ دیں کہ خشک ہو جائے پھر اسکو مع پوست وغیرہ کے باریک کرلیں وقت ضرورت چار رتی مریض کو کھلائیں اور نسوار دیں +

۱۲۸۱- **نسخہ [illegible]** [illegible] عام دوا ہے۔ ایک چھٹانک پانی میں پانچ قطرے ڈالکر پلائیں۔ اور اتھر ہی آدھ آدھ گھنٹے بعد مقام ڈسے پر لگائیں مجرب ہے +

۱۲۸۲- **سیپاری خوشبودار بنانا**۔ سیپاری ایک پاؤ لیکر عرق گلاب میں عمدہ میں بھگوئیں اور برادہ صندل سفید۔ اگر۔ زعفران۔ کافور۔ الائچی خرد تولہ تولہ باریک کرکے عرق گلاب سے ہی ملا کر رکھیں اور استعمال کریں +

۱۲۸۳- **نسخہ عسر ولادت یعنی بچہ بلا تکلیف پیدا ہو**۔ دارچینی پانی میں گھوٹ کر زیر ناف لیپ کریں اور ایک ماشہ پانی سے کھائیں بفضل خدا بچہ پیدا ہو +

۱۲۸۴- **نسخہ دوم** اگر پردہ پھٹ کر پانی جاری ہو گیا ہو اور بچہ پیدا نہ ہوا ہو۔ تو فوراً ہینگ عمدہ۔ زعفران اصلی ہر ایک رتی رتی ملا کر نیم گرم پانی سے کھائیں بحکم خدا فوراً بچہ پیدا ہو گا +

۱۲۸۵- **نسخہ دافع لف یعنی تلی جس کو طحال بھی کہتے ہیں**۔ نمک لاہوری نو تولہ۔ قلمی شورہ۔ نوشادر دیسی ہر ایک چار تولہ کشتہ فولاد ولایتی ایک تولہ۔ گوار گند ل سے کھرل کرکے گولیاں بقدر بیر بنا کر کھائیں +

۱۲۸۶۔ نسخہ مقوی باہ۔ ایک بیر بہوٹی مکھن یا بالائی میں رکھکر دودھ سے چند روز نگل لیں +

۱۲۸۷۔ نسخہ دوم بھوں مار۔ لکنگنی صاف شنگرف رومی ہر ایک چار تولہ۔ تخم دھتورہ دو تولہ ان کو پیسکر پانی سے ایک ٹکی بناکر روغن کاؤ آدھ سیر میں جلائیں۔ پھر چھانکر رکھیں مکھن میں چار سے دس قطرہ تک کھائیں +

۱۲۸۸۔ نسخہ مٹی کھانے پر جو بچہ بیمار ہو۔ کشتہ مرداسنگ تین حصے الائچی خرد ایک حصہ۔ گندھک آملہ سار و تبر دو حصہ۔ سونف چار حصہ ان کو پیسکر رکھ لیں۔ خوراک بچہ کو ایک ماشہ جوان کو زیادہ دودھ سے دیں +

۱۲۸۹۔ ترکیب کشتہ مرداسنگ بھنگ سبز سولہ تولہ لیکر اس میں دو تولہ مرداسنگ رکھکر آٹھ سیر اوپلوں کی آگ دیدو +

۱۲۹۰۔ نسخہ دافع مرگی۔ گدھے کے سم کی انگوٹھی بناکر ہاتھ میں پہننے سے مرگی دفع ہو جاتی ہے +

۱۲۹۱۔ نسخہ دافع نارو۔ وہ جو بدن سے دھاگہ سا نکلا کرتا ہے گوگل تیجی ہموزن خوب پانی سے پیسکر دن میں تین دفعہ کھائیں +

۱۲۹۲۔ نسخہ دوم۔ مدار کا دودھ مٹی کے برتن میں ڈال کر دھوپ میں خشک کر کے نصف نصف رتی کی گولی بناکر قند سیاہ میں لپیٹکر چند روز نگلا کریں اور دودھ کا استعمال خوب کریں اور شنگرف باریک کر کے نارو سے پر چھڑک کر روئی دودھ گاؤ میں تر کر کے اس پر باندھ دیا کریں عجیب ہے +

۱۲۹۳۔ نسخہ سوم معجون بناکر کھائیں لیلہ سونٹھ ہریڑ مقشر ہر ایک تولہ۔ ترپھلا تین تولہ سب کو باریک کر چند شکر سفید ملاکر معجون بنائیں تھوڑا اس چھ سات ماشہ پانی سے چند روز کھائیں +

۱۲۹۴۔ نسخہ نسوار جو درد دانت نزلہ وغیرہ کو مفید ہے تخم ترس۔ نوشادر ہر ایک تین ماشہ گیرو۔ پوست ریٹھہ کشمیری بت ہر ایک چھ ماشہ سب کو پیسکر کپڑ چھان کر کے نسوار میں عجیب ہے +

۱۲۹۵۔ نسخہ دافع ناخونہ۔ دودھ ستیاناسی بوٹی کا صبح و شام اگر لگائیں تو ناخونہ رفع ہو۔ مجرب ہے +

۱۲۹۶۔ نسخہ دافع خنجیراں یعنی خنازیر گلے والیاں فیقل دراز۔ بیج ہموزن اور پھر انکے برابر شہد اصلی اور پھر روغن نیم قدرے ملاکر رکھیں۔ نسوار صبح شام لینے سے خنجیراں رفع ہوں +

۱۲۹۷۔ نسخہ ہچکی کو رفع کرے۔ کنگی یعنی کڑ کا سفوف ایک ماشہ شہد میں ملاکر چٹائیں اور الائچی خرد چبائیں +

۱۲۹۸۔ نسخہ دافع کھانسی بچہ۔ گندم قند سیاہ ہر ایک ڈھائی تولہ۔ نمک لاہوری ایک تولہ ایک کلیا میں بند کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیدیں۔ پھر پیسکر رکھیں ایک ایک ماشہ دن میں تین دفعہ بچے کو کھلائیں +

۱۲۹۹۔ نسخہ دوم۔ رب السوس۔ افیون۔ نشاستہ۔ گوند کیکر سب کو ہموزن پیسکر لعاب بہیدانہ سے گولیاں بقدر مونگ بناکر صبح و شام چند یوم عرق سونف یا پانی سے کھلائیں عجیب ہے +

۱۳۰۰۔ نسخہ سوم۔ کالی کھانسی کو اکسیر پھٹکڑی کی راکھ تین ماشہ۔ برگ دھتورہ کی راکھ ایک ماشہ۔ ست لوبان چار رتی۔ رب السوس پانچ تولہ سب کو پیسکر رکھیں۔ خوراک صبح شام ایک رتی چٹائیں +

۱۳۰۱۔ نسخہ دافع سوکھا مسان جس کے بچے جیتے نہ ہوں یہ گولیاں بناکر بچے کو صبح شام پانی سے ایک ایک گولی کھلائیں اور عورت حمل ہونے پر ایک گولی ہمیشہ کھاتی رہے مجرب دوا ہے۔ برگ بھنگ شدہ۔ جز شہد بوی ہر ایک تولہ۔ مرچ سیاہ بیس عدد سب کو پیسکر پانی سے گولیاں بقدر مونگ بناکر رکھیں +

۱۳۰۲۔ ترکیب چند کشتہ جات۔ نسخہ کشتہ چاندی سونا مقوی ہر قسم۔ ورق سونا یا چاندی جو کشتہ بنانا ہو۔ وہ ایک تولہ لیکر لوبان کوڑیہ تین تولہ عرق گلاب سات تولہ ڈالکر خوب کھرل کر کے قرص بناکر کلیا میں بند کر کے تین سیر کی آگ اوپلوں کی دیدیں۔ خوراک کشتہ چاندی ایک رتی اور کشتہ سونا چار چاول بالائی یا شہد سے چند روز کھائیں اور دودھ گھی کا استعمال کر کے طاقت کا حال ملاحظہ فرمائیں +

۱۳۰۳۔ نسخہ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان۔ حمل ستیاناسی میں رکھکر گل حکمت کر کے دس سیر آگ دیدو +

۱۳۰۴۔ نسخہ کشتہ تانبہ۔ ستیاناسی بوٹی کے پانی میں تانبہ کے پتر باریک اکیس بجھاؤ دیکر پھر نگدہ بوٹی آدھ پاؤ میں گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ گڑھے میں دیدیں۔ اسی طرح سے سات دفعہ نگدہ میں رکھکر آگ دیں کشتہ سرخی نما ہوگا۔ دافع جذام بھی ہے۔ خوراک ایک چاول سے چار چاول تک +

۱۳۰۵۔ نسخہ کشتہ فولاد آبی۔ برادہ فولاد ایک تولہ کو پانی بوٹی ہاتھی سونڈی میں جو دس تولہ ہو بھگو دیں اور ہلا دیا کریں یہاں تک کہ خشک ہو جائے۔ کشتہ بلا آگ ہو جائیگا۔

۱۳۰۶۔ کشتہ عقیق۔ اول عقیق کو گرم کر کے عرق گلاب میں گیارہ بجھاؤ دیکر ایک پاؤ کنول گٹھہ کا نگدہ کر کے ایک کوزہ میں بند کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ گڑھے میں دیدیں۔ گرمی ضعف دل کو دور کرتی مکھن میں +

۱۳۰۷۔ نسخہ دوم عقیق تولہ کو پوست ریٹھہ دس تولہ ایک کوزہ میں بند کر کے پندرہ بیس سیر اوپلوں کی آگ دیدیں کشتہ ہوگا ضعف دل۔ درد کمر۔ جریاں کو ایک رتی مکھن یا بالائی سے کھائیں +